ہے مقدمہ واپس ہو - نواب علیخان بہادر وغیرہ بنام پاپالال - نمبر ۳۳۴ مشمولہ
۲۹ خورداد ۱۲۹۶ ف (۱)

۱۴ - جبکہ مدعیہ کا دعوے یہ ہے کہ جو ڈگری بحیثیت مدعا علیہ نے کرائی ہے
وہ فریبی ہے نہ مجھکو اوسکا علم نہ اطلاع نامہ پہونچا اور نہ میرا اظہار بذریعہ اہل
کمیشن کے قلمبند ہوا - کل کارروائی ڈگری کی فریبی ہے منسوخ ہونی چاہیئے
تو ظاہر ہے کہ ایسا دعوے بجز نالش بذریعہ کے اور کسیطرح قانوناً مدعیہ نہیں کر سکتی
تہی جیسا کہ اوس نے کیا اور اوس میں بجز مولوی فرید الدین صاحب حاکم ماتحت کے
اور کسی کو شبہ ہی نہیں ہو سکتا تہا - حاکم ماتحت نے اس دعوی کو ناقابل سماعت تجویز
کیا ہے - اور اپنی تجویز چند سطروں میں ایسی لکھی ہے کہ جس سے کوئی وجہ
اوسکی معلوم نہیں ہوتی کہ یہ مقدمہ کیوں قابل سماعت عدالت کے نہیں ہے
لہذا ان کا فیصلہ منسوخ کیا جاتا ہے - ایکٹ ۴ ۱۸۸۲ء اس ملک کا قانون نہیں
ہے اور اوسکی دفعہ (۵۳) کو اس مقدمہ سے کچھ تعلق ہے بلکہ اس ملک کا
قانون گشتی نشان (۲) ۱۳۰۲ ف موجود ہے اور نہ اسمقدمہ میں دفعہ ۱۳ گشتی کو
کچھ تعلق ہے سماۃ منابائی بنام پرمانند (۲)

۱۵ - جس شخص کو کسی دوسرے کے فعل سے جسکو معاہدہ سے تعلق نہ ہو اگر
کوئی نقصان پہونچے تو وہ نقصان پر حق ہے - اسمقدمہ میں مدعا علیہ نے
مدعی پر فوجداری میں ایک استغاثہ ایک الزام کا دائر کیا وہ خارج ہوا
ابھی مدعی اوس روپیہ کا دعویدار ہے جو اوس نے اپنے برادر کی پیروی میں

---

(۱) رسالہ تقنین دکن جلد ۲ نمبر ۳ حصہ ۳ صفحہ ۱۴۱ و ۱۵۰ -
(۲) " " " " ۹ " ۱۲۴ و ۱۲۹

جائداد کا حق اور اسکی آمدنی سے جائداد کا حق انہی خود بخود سلسلہ نسب بہ تبنی اٹھا
ساقط ہو گیا اور نہ یہ ضرور ہے کہ فریقین ورثہ متبنی مدعا علیہا کی [illegible]
کرنے کے پابند ہوں وہ چاہیں جس امر کی نسبت صلح کر سکتے ہیں۔ پس اگر فریقین نے
صلح جائداد اور نسب کی کی تو وہ ناجائز نہیں ہے۔ اگر صلح کا اثر جائداد پر پڑا
تو ناجائز نہیں ہے بلا رضامندی [illegible] ثبوت مطلق نہیں ہے بلکہ مدعیان
نے اس امر کے ثابت کرنے کا قصد ہی نہیں کیا اور نہ بالغی کا عمدہ ترین اور کافی
ثبوت دیا نابالغوں کی ماں اور دادی کا اعتبار کرنا اون کی تاریخ ولادت
کے ثبوت کے واسطے ضرور تھا وہ بخوف اس کے کہ وہ اپنے اقرارات سابقہ
سے منحرف ہو سکیں گی پیش نہیں ہوئے ثبوت نابالغی میں صرف ایک
سارٹیفکیٹ ڈاکٹر کا اور ایک کاغذ سادہ دستخطی روپ لال جس میں تاریخ ولادت
روشن علیخان و محمد علیخان درج ہے پیش ہوئی ہیں اون میں اون کی عمر
درج ہے۔ یہ کاغذات بغرض ثبوت کافی نہیں ہیں۔ کیونکہ بلا حلف
بیانات ہیں۔ اس ملک میں قانون گورنمنٹ کے رو سے کوئی عمر بلوغ
کی مقرر نہیں ہے صرف شرع کے رو سے بلوغ قائم کی جاتی ہے۔ [illegible]
قانون وغیرہ [illegible]
(۲) رزولیوشن [illegible]
نہیں ہے کہ جو مقدمہ [illegible] خارج ہو وہ معمولی
عدالتوں میں دائر نہ ہو سکے۔ رزولیوشن [illegible] سرکاری حقوق سے
متعلق ہے اور اوس کا منشا یہی ہے کہ جو مقدمات مجلس [illegible]
میں دائر ہوں وہ بمقابلہ سرکار دوبارہ دائر نہ ہو سکیں گے۔ مدعی [illegible]
دعوی مجلس مذکورہ میں اس بنا پر کیا تھا کہ سرکار [illegible] ہے۔ بعدہ فریقین کا
مصالحت ہو کر دستاویز تحریر ہوئی۔ اور سرکار علیحدہ ہو گئی۔ پس جب
معاہدہ جدید ہو گیا اور سرکار کو کچھ تعلق نہ رہا تو دعوی بلا شبہ قابل

(۱) رسالہ [illegible] جلد ۲ نمبر [illegible] حصہ ۳ صفحہ ۵۸

[illegible] (۱) نمبر ۷، ۴۸، صفحہ ۱۵ - آذر ۱۲۹۵ ف - (۱)

۱۸ - ایک شخص نے [illegible] وراثت [illegible] استقرار حق مالی [illegible] کا دعویٰ کیا وہ [illegible] خاندان سے اپنا وارث ہونا ثابت کرسکا اور نہ شہادت سے - لہذا [illegible] ہوئی - کہ مدعی علیہ [illegible] پیشتر [illegible] مقرر [illegible] قابض [illegible] سے [illegible] کو اولیت [illegible] بانبا ولد [illegible] بنام [illegible]

[illegible] ۳۴۳ [illegible] ۶ آذر [illegible] (۱)

۱۹ - [illegible] کا دعویٰ [illegible] مذکورہ [illegible] وراثت [illegible] نہیں ہوئی اور [illegible] متعلق [illegible] قابل نہیں ہے اور [illegible] گشتی [illegible] نمبر [illegible] ان کے [illegible] داروں سے [illegible] مدعی کو ایسی زمین [illegible] خدمت سے متعلق ہے نہیں دلائی جا سکتی ہے - میر ممتاز علی بنام [illegible]

[illegible] ۵، صفحہ ۲۹ - [illegible] ۱۳۱۱ ف (۲) -

۲۰ - [illegible] روپیہ [illegible] نے ناحق وصول کرلیا ہے اس کی واپسی کا تصفیہ [illegible] گشتی نشان (۲) صیغہ [illegible] سے ہونا چاہیئے - [illegible] کے ذریعے سے - [illegible] بنام [illegible] نمبر ۵ صفحہ ۱۵ - اردی بہشت ۱۲۹۵ ف

(۳) -

۲۱ - اگرچہ سرکار اپنے ملازموں کے وارثوں پر مقابلہ اور امید واروں کی توجہ کرتی ہے لیکن استحقاق عہدہ یا خدمت ملازمت کا دعویٰ عدالت [illegible] نہیں ہوسکتا ہے - ہاں اگر وراثت متنازع ہو تو صرف اثبات وراثت کا دعویٰ ہوسکتا ہے - محمد بن عبداللہ [illegible] محمد [illegible] جنگ بہادر [illegible] صفحہ ۱۳ اردی بہشت ۱۲۹۸ ف (۱)

(۱) رسالہ [illegible] نمبر [illegible] جلد [illegible] حصہ ۳ (۱) رسالہ [illegible] نمبر ۵ جلد [illegible] حصہ ۳

(۲)	"	"	"	"	صفحہ ۱۳۲ -
(۳)	"	"	"	"	۱۳۴ -
(۴)	"	"	"	"	۱۸۴ -

کیا ہے سا حاکم ماتحت کی یہ تجویز کہ ایسا خرچہ فوجداری عدالت میں مل سکتا ہے
نہ بذریعہ نالش دیوانی محض غلط ہے - مدعی بذریعہ نالش دیوانی وہ خرچہ مطلوبہ جو کہ
وصول کر سکتا ہے لہذا فیصلہ ماتحت منسوخ اور مقدمہ تصفیہ کے واسطے واپس بھیجا
ہوا - قادر عظیم علیشاہ بنام مسماۃ رحمت بی - نمبر ۱۲۶ متفرقہ سنہ ۱۹۰۶ و ۱۹۰۴ [illegible]
(۲) -

۱۴ - جو دعویٰ کہ درمیان انعامداران اور ان کے حقوق یا حصص اور دیگر باہم شکستہ
متوفی کی نسبت دائر ہو وہ عدالت میں سماعت ہونا چاہیئے - اور ایسے ہی حق کلاٹیٹ
کا معاملہ عدالت دیوانی کے سماعت کے قابل ہے کیونکہ اصول یہ ہے کہ جملہ مقدمات
قسم دیوانی عدالت دیوانی میں سماعت ہوں گے الا وہ کہ جسکو کسی قاعدہ کی
رو سے اختیارات عدالتہائے دیوانی سے خارج کر دیا گیا ہو چونکہ دعویٰ حقوق
یا حصص مابین انعامداران یا حق کلاٹیٹ عدالت دیوانی کے اختیارات سے
سماعت سے خارج نہیں کئے گئے ہیں - بلکہ برخلاف اس کے گشتی نشان (۱۲)
صیغہ انگریزی میں قابل سماعت عدالت دیوانی قرار دیئے گئے ہیں لہذا ایسے دعوی مذکورہ
عموماً عدالت دیوانی کے سماعت کے قابل ہیں - حالانکہ [illegible] ہیں جو داخل خارج
اسامی کے دعاوی عدالت دیوانی میں ناقابل سماعت قرار دیئے گئے ہیں وجہ انکا
اصول یہ ہے کہ ان کو محکمہ مال سے متعلق کر دیا ہے اور اسی صیغہ میں ان کے
تصفیہ کار مقرر کئے گئے - اس ملک میں کوئی ایسا قاعدہ ابھی تک مقرر
نہیں ہوا ہے - لہذا داخل خارج نام کا دعویٰ اس ملک میں دیوانی عدالت
میں سماعت ہوگا - ایتا وراس بنام راکیہ ہوسنہ وغیرہ نمبر ۴۴ - متفرقہ سنہ ۱۳۱۰ ف
مشمولہ فسلی (۳) -

۱۵ - عدالت سے یہ توقع ہو سکتا ہے کہ کسی اسپیر خاندان سے ہے کہ پٹواری
کے عہدہ کے واسطے منتخب کیا جائے لیکن یہ نہیں ہو سکتا کہ عدالت ایک پٹواری
کو موقوف کرے اور اسکی جگہ مدعی کو مقرر کرے - [illegible]

(۱) رسالہ [illegible] حصہ [illegible] نمبر ۲ صفحہ ۳
(۲) " " " [illegible]

الہی بی نمبر ۲ - منفصلہ ۲۲ دسمبر ۱۹۱۲ف (۱)

۲۵ - مسماۃ ولیان بی جو منجملہ مدیونان ڈگری کے ایک مدیون ڈگری ہے اُس مکان مقروقہ کی نسبت جو اُس کے نام کی ڈگری میں قرق ہوا تھا عذرداری پیش بیان سے کی کہ مکان مذکور مورث کی طرف سے رہن تھا میں نے زر رہن ادا کر کے چھوڑا لیا ہے - یہ عذرداری عدم پیروی میں خارج ہو گئی اس سبب سے مسماۃ مذکور نے بمقابلہ فارق استقرار حق کے نالش کی اور اثبات حق ارتہان و قبضہ مکان کی ڈگری پائی - اس ڈگری سے قبل مکان نیلام ہو گیا اور نیلام میں محمد وزیر خان نے خرید کیا - یہ نالش مذکور میں کوئی فریق نہ تھا - مشتری نیلام نے دخل لینا چاہا - تو مسماۃ ولیان بی نے یہ عذرداری کی کہ وہ حق ارتہان نسبت مکان کے رکھتی ہے اور اسکا قبضہ بحال رہنا چاہیے - عدالت نے عذرداری کا قطعی فیصلہ نہیں کیا بلکہ یہ ہدایت کی کہ وہ اپنے حق کا تصفیہ بذریعہ نالش بحری کرائے - اس حکم کے تعمیل میں یہ نالش بحری مشتری نیلام کے نام دائر ہوئی ہے

تجویز ہوئی کہ چونکہ مسماۃ ولیان بی منجملہ مدیون ڈگری کے ایک مدیون ڈگری ہے لہذا اس ڈگری کی نسبت جسقدر نزاعات فریقین کے درمیان ہوں وہ حسب دفعہ (۲۴۴) گشتی نشان (۲) ۱۳۱۳ف صیغہ اجرای ڈگری میں طے و فیصل ہونے چاہیں نہ بذریعہ نالش بحری اس لیے مسماۃ کی نالش ناقابل سماعت ہے چونکہ عذرداری کا فیصلہ عدالت نے نہیں کیا اور یہ دعوی ختم ہو گیا لہذا وہ چارہ کار سے محروم ہو جاتی ہے اور یہ نادرست ہے - پس مجلس عالیہ حسب اختیارات وسیعہ نگرانی مندرجہ دفعہ ۳۰۰ گشتی مذکور عدالت ماتحت کے اُس حکم کو منسوخ کرتی ہے جسکی رو سے اسکی عذرداری کا مقدمہ بلا فیصلہ کے ختم کیا گیا تھا اور مجلس حکم دیتی ہے کہ اس عذر کا کامل تصفیہ کیا جائے - محمد وزیر بنام ولیان بی نمبر مقدمہ ۲۰ - منفصلہ ۲۶ بہمن ۱۳۲۲ف (۲) -

(۱) رسالہ مقننِ دکن جلد ۵ نمبر ۳ حصہ ۳ - صفحہ ۱۸ -

(۲) " " " جلد ۵ " ۴ " صفحہ ۲۹ و ۳۰ -

۲۲ - سارٹیفکیٹ وراثت صرف قرضہ متوفی مورث کے وصول کرنے کیلیے
عطا ہوتا ہے اور جو درخواست اوس کے حصول کی پیش ہوتی ہے۔ اوس میں قرضہ
وصول طلب کی صراحت درج ہوتی ہے۔ مقدمہ موندا کی درخواست میں قرضہ کا کچھ
ذکر نہیں ہے بلکہ یہ کہا ہے کہ جھگڑا اٹھا ہے سارٹیفکیٹ وراثت دیا جائے تاوقتیکہ
کے سپینہ کا حکم ہوا ہے لہذا سارٹیفکیٹ وراثت عطا ہو۔ یہ درخواست
استقرار حق کی نالش ہے جو بصیغہ تنزیعی حسب قاعدہ استثنا ہے۔ پیرا ۱۱ مولی تا ایسی
زیر بصیغہ متفرقہ لہذا حکم عطائے سارٹیفکیٹ وراثت نا درست ہے منسوخ کر دیا
ڈگری بند بنام ... نمبر ۲۲ - مسلسلہ ۱۲ - خورداد ۱۳۲۴ ف (۱)

۲۳ - جب کہ ڈگری استقرار وتعین مقدار نان ونفقہ کی ہے تو اوس سے اجرا
کے ذریعہ سے زر نان ونفقہ وصول نہیں ہو سکتا ہے اور نہ اس حالت عدم
ادائے زر نان ونفقہ ماہانہ کی نالش دائر ہو سکے اوس نالش میں جو ڈگری ہو۔ اور
ہو اوسکی اجرا سے ذریعہ سے روپیہ وصول ہو سکتا ہے۔ شاہ محمد عزیز الدین
بنام شہزادی بیگم نمبر ۱۰۲ - مسلسلہ ۸ - امرداد ۱۳۲۹ ف (۲)

تشریح مجلس سے سررشتہ اپیلاسٹ استفسار کیا گیا کہ جو ڈگری تعین
نان ونفقہ کی صادر ہو آیا نسبت ایسی ڈگری قابل اجرا ہے یا نہیں۔

جواب دیا گیا - کہ جو ڈگریاں نان ونفقہ کی بتعین قیمت نان ونفقہ
ایسی نالش پر صادر ہوں جس میں یہ دادخواہی ہو کہ نان ونفقہ دیا جاوے
وہ ڈگریاں تعین استقرار حق نان ونفقہ کی نہیں سمجھی جاوینگی بلکہ وہ قابل
اجرا ہونگی۔ کیونکہ ایسی ڈگریوں کے قابل اجرا تسلیم کرنے میں آسائش
اور تخفیف تعدیل ہے۔ ۱۱

۲۴ - جبکہ مدعی نے ایک معین عہدہ پر اپنا حق کے قایم کرنیکا مطالبہ دعویٰ
کرتا ہے تو ضرور ایسا دعویٰ قابل سماعت ہے ایسا دعویٰ استقرار حق کا ہے
نہ دعوے قطع انزاع جو شرعاً ناقابل سماعت ہے۔ سید شاہ صفدر علی

تجویز ہوئی کہ ذخیرہ مذکور مین ۱۲ برس حسک قبضہ کے بعد عدالت کو اختیار
یاگیا ہے اور یہ استغاثہ عدالت مین ہوا ہے لہذا دعوہ مذکور کا دادرسی عدالت
سے متعلق نہین ہے مرافعہ نامنظور کیا گیا۔ ونکٹ بنام راپاک ونکٹ راما
ریڈو نابالغ۔ نمبر مقدمہ ۲۵ منفصلہ ۷ آذر ۱۳۰۱ ف (۱)۔

۱۳۰۔ ایک شریک تقسیم جائداد کا دعوے بلا شرکت دیگر حصہ دارون کے
نہین کرسکتا۔ جو حصہ دار دعوے مین شریک نہ ہونا چاہے ان کو مدعا علیہ
بنانا چاہیئے۔

جب دعوے بربنائے وراثت نہین اور مدعا علیہ حسب دال فقرہ کار کن
ہے تو بار ثبوت حصہ دار ہونیکا ذمہ مدعی کے ہے۔ گو پنجم آپا بنام کاشی راؤ
نمبر مقدمہ ۴۸ منفصلہ ۲۵ اسفندار ۱۳۰۲ ف (۲)

۱۳۱۔ جب ایک وارث اپنے مورث کے مال متروکہ مین سے بمقابلہ ایک
دوسرے وارث قابض متروکہ کے بروقت نالش کرکے بقدر اپنے حصہ
شرعی کے اپنا حصہ بلحاظ ورثاء کے بذریعہ ڈگری عدالت وصول کرچکا تو دیگر
غیر قابض ورثاء کو جنہون نے اوسوقت نالش نہین کی تھی۔ اور اوسوقت ہی
اونہون نے جملہ مقدار متروکہ کو تسلیم کیا ہے جسکے لحاظ سے اوسکو حصہ ملا
تھا۔ اوس کے حصہ محصلہ مین سے کچھ پانیکا حق نہین ہے ایسے وصول کردہ
ترکہ مین مرافعہ علیہم کو اوسیوقت شرکت کا حق ہوتا جبکہ یہ صورت نہ ہوتی
مرافعہ کے ترکہ کی مقدار سازش کرکے زیادہ قرار ہوئی ہوتی۔ سید غلام غوث
بنام حاجی بی۔ دختر سید غلام رسول نمبر مقدمہ (۸۰) منفصلہ ۱۲ اسفندار
۱۳۰۲ ف (۳)۔

۱۳۲۔ مدعی نے ایک اراضی کے بابتہ پہلے ایک نالش اقرارنامہ کی بنیاد پر

---

(۱) رسالہ قانون دکن نمبر ۱ جلد ۔ صفحہ ۳۔
(۲) " " " " " "
(۳) " " " " " صفحہ ۱۹۶۔

۲۶ - ایک نالش دیوانی مین جو بابتہ دلاپانے ابرو بہاء کے ساتھ دائر کیگئی تھی کہ مرافعہ علیہ نے پانچ سال نو مہینے قبل تاریخ رجوع نالش ہذا سے ایک عرضی دفتر ملکی مین دی تھی - جو توہین مرافعہ پر مشتمل تھی - تجویز ہوئی - کہ میعاد اسے قانون میعاد و سماعت کے دفعات ۲۱ و ۲۲ سرکار عالی کے بیان کوئی قاعدہ نہین ہے جسکی بموجب ایسی نالش عدالت دیوانی مین سماعت کیجا سکتی ہو - محمد اعظم علیخان بنام فارسیہوار یڈی نمبر ۲ ۱۱۰ منفصلہ ۲۶ - فروردی ۱۳۰۲ف (۱)

۲۷ - ایک مکان کی دخلیابی کی نالش مین جسپر مدعی علیہ ایک سے قابض تھی اور مدعی نے بر بنائے عاریت دخلیابی کیا تھا -

تجویز ہوئی - کہ جس صورت مین مدعی علیہ کا مکان مذکور پر قابض رہنا ایک مدت دراز تک ثابت ہوتا ہے تو قیاس قانونی یہ ہے کہ وہ مالک ہے خصوصاً جبکہ عاریت ثابت نہین ہوئی ہو اور مدعی عرصہ دراز سے بلا پانے کسی حق مالکیت کے بیدخل رہا ہے - بونتا بنام دہونا آپا چالو نمبر مقدمہ ۷۱ منفصلہ ۱۱ شہریور ۱۳۱۱ف (۲)

۲۸ - ایک باولی کی نسبت جو کہ ایک قطعہ زمین مین تھی جو مدعی کے زمین کے پاس تھی اور درمیان اہل اسلام کا قبرستان اور شکستہ مسجد بھی تھی یہ نزاع تھی کہ مدعی کو باولی مذکور سے پانی لینے کا حق ہے یا نہین -

تجویز ہوئی - کہ حق شرب تو ممنوع نہین لیکن زراعت کے لئے موٹ کشی کرنیکا حق مدعی کو بغیر اجازت مدعی علیہ کے نہین ہے - احمد داؤد بنام سید حیدر علی قایم مقام سید شیر لطیف مرحوم نمبر مقدمہ ۲۶ منفصلہ ۳ تیر ۱۳۱۱ف (۳)

۲۹ - مرافعہ کا دعوے یہ ہے کہ وہ شاہ سیدار ہے اور مرافعہ علیہ اوسکو بیدخل کرتا ہے جو ازروے دفعہ ۶ - دستور العمل شکمیداران خلاف ضابطہ ہے -

---

(۱) رسالہ منفقہ ذکرتی نمبر ۱۱ جسپلد ۱۶ سنہ ۱۳۰۲ف صفحہ ۱۰۰
(۲) " " " " ۱۰ " " " "
(۳) " " ۱۰۷ " صفحہ ۱۹۷ -

کی ہے کہ اکثر مقدمات میں تعین دعوے نہیں ہوتا ہے اور بدیں وجہ عدالت کے جورسڈکشن (حد اختیار سماعت) کی نسبت کامل طور پر سے نہیں ہو سکتی۔ اور اس عدم تعین کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ اکثر فیصلہ جات بوجہ عدم اقتدار سماعت عدالت کے منسوخ کرنا پڑتے ہیں جس سے فریقین کو پریشانی ہوتی ہے۔ لہذا مجلس عالیہ عدالت اس سقم کے رفع کرنے کی غرض سے حسب ذیل احکام جاری کرتی ہے:

ضمن (۱) مدعی یا مدعیان کو ضرور ہے کہ ہر ایک قسم کے دعوے کی مالیت کا تعین کیا کریں تاکہ معلوم ہو جائے کہ وہ مقدمہ کس درجہ کے عدالت کی سماعت کے قابل ہے اور اس تعین کے لحاظ سے عدالت مجاز سماعت میں ایسا مقدمہ دائر کیا جائے۔

نظیر

چونکہ جائداد فرق ہے اور دعوے ایسا ہے کہ جب ڈگری ہوگا تو مدعی کو از سر نو قبضہ دیا جائیگا لہذا یہ دعوے محض استقرار حق کا نہیں ہے جو بیس روپیہ کے کاغذ پر دائر ہو سکے بلکہ حسب قاعدہ اول حرف (ط) دستور العمل کاغذ مہر بلحاظ مالیت کامل کا غذ مہر لگانا چاہئے۔

جبکہ عدالت ماتحت نے بغرض تعین مالیت حسب قاعدہ (۳) دستور العمل مذکور تحقیقات کر کے شئے متدعویہ کی مالیت سکہ عالی ۱۵۰ روپیہ قرار دی ہے اور کوئی ثبوت اوس کے خلاف نہیں ہے لہذا مالیت صحیح ہے اور اس وجہ سے مقدمہ قابل سماعت عدالت دیوانی خرد کے نہیں ہے مرزا غلام سجاد بنام جھوٹا لال نمبر مقدمہ ۲۱ منفصلہ ۲ فروری ۱۹ء (ن)

ضمن ۲ - اگر کسی دعوے کا تعین بلحاظ مالیت کے ناممکن ہو تو ایسا دعوے اونچے درجہ کی عدالت دیوانی میں مسموع و منفصل ہوگا۔

تشریح صدر عدالت صوبہ شمالی نے استدراک کیا کہ گشتی مجریہ مجلس نشان (۲) بابت ۱۲۹۲ف میں درج ہے کہ جن مقدمات میں تعین مالیت دعوی تحقیق (۳)

(۱) رسالہ مقنن دکن جلد ۳ نمبر ۱۲ حصہ ۳ - صفحہ ۱۲۶ -

کی گئی - جو ڈسمس ہوئی - اپیل ادعی لوادی اسکے بابت نسبت کمپیداری اسکے معیار پر
مرافعہ پیش ہو سکے دائر کیا -
تجویز ہوا - کہ مدعی اس مقدمہ پید نالش کا مجاز نہیں - کیونکہ جب ایک
جائداد پر نالش کا مجاز نہیں - کیونکہ جب ایک جائداد میں چند حقوق مدعی کو
حاصل ہوں تو بمقابلہ ایک فریق کے ان تمام حقوق کی بنا پر ایک ہی
دعوے کرنا چاہیئے - مں ملاولا ماگیا - تمام نظائر عدالت راجہ وارد پیراف نمبر مقدمہ
۱۲۴ منفصلہ ۱۳ - فروری ۱۳۰۲ ف (۱) -

باب ۳

عدالت ہائے سماعت مقدمات و دیگر اختیارات کے بیان میں

عام قواعد

دفعہ ۲۷ - مقدمات اوائل اور اطلاک میں تا اصل دہ چند تشخیص کر کے تعین دعوی کیا جائیگا - اور اوسکے لحاظ سے عدالت مجاز سماعت ہوگا -	تعین دعوی تعین عدالت مجاز
دفعہ ۲۸ - صدر عدالت مہر عرضیانے مجلس عالیہ عدالت کی توجہ اس جانب مبذول	تعین دعوی کا تعین اور قرار دادہ

رد بکار مدار المہام ۲۹ - رمضان ۱۳۱۳ ھ
نمبر ۱۰ دیوانی ۵۰۴۵ ف
رد بکار صدر المہام عدالت ۱۳۱۲ ھ دیوانی ۱۲
رد بکار صدر المہام ۲۲ - دیوانی بیکنگ ۱۳۱۶ دیوانی ۶۹
۱۳ - ۲۲ - ۹ - جمادی الثانی

(۱) رسالہ فن دکن جلد ۶ نمبر ۱ حصہ ۳ صفحہ ۱۹۲ -

دوسرے اس غرض سے کہ یہ سمجھا جائے کہ مقدمہ کس عدالت کی سماعت کے
قابل ہے۔ اور کس درجہ تک اپیل ہو سکتا ہے۔
(۲) ہر عرضی دعویٰ میں قیمت مقدار دعویٰ کی بغرض ادائے رسوم عدالت
اور بغرض مقدار سماعت کے مفصل طور پر جداگانہ درج کرنا چاہیئے
کسی ایک مقدار کا لکھنا کسی عرضی دعوے میں کافی نہیں ہے۔
(۳) ممکن ہے کہ کسی خاص قسم کے دعویٰ کی سماعت کا اختیار کسی خاص درجہ
کے عدالت کو ہو لیکن اس صورت میں بھی مالیت شئے مدعوہ کا تعین اس
غرض سے ضرور ہے۔ کہ یہ امر ظاہر ہو سکے کہ کس درجہ تک اپیل ہو سکتا ہے
لہذا حسب ذیل ہدایت جاری کئے جاتے ہیں۔
(۱) کوئی عرضی دعوے یا درخواست مرافعہ رجسٹر میں نہ درج کیا جاوے
جب تک کہ حق مدعوہ کی مالیت مدعی یا مرافع نے ظاہر نہ کی ہو۔
(۲) اگر کوئی عرضی دعوے یا درخواست مرافعہ ایسی پیش ہو جس میں حق مدعوہ
کی مالیت مندرج نہ ہو تو وہ عرضی دعوے یا درخواست مرافعہ جیسی شکل ہو
پیش کنندہ کو واپس دیجاوے گی۔ کہ مالیت مدعوہ درج کر کے پیش
کرے۔
(۳) اگر کسی عرضی دعوے یا درخواست مرافعہ کی نسبت بعد درج رجسٹر ہو چکنے
ظاہر ہو کہ اس میں مالیت شئے مدعوہ مندرج نہیں ہے تو وہ عرضی دعوے یا درخواست
مرافعہ رجسٹر سے خارج کر کے واسطے ترمیم کے واپس دیجاوے گی۔
(۴) جب حسب دفعہ (۲ و ۳) کوئی عرضی دعوے یا درخواست مرافعہ واپس
دیجاوے تو ایک میعاد مقرر کر دیجاوے گی۔ کہ اس قدر عرصہ میں مدعی یا مرافع
بعد ترمیم کے عدالت میں داخل کرے۔ اور جب اس میعاد مقررہ کے
اندر عرضی دعوے یا درخواست مرافعہ اسی تاریخ میں پیش ہوئی سمجھی جاوے گی
جس تاریخ میں بار اول پیش ہوئی تھی۔
(۵) جب عدالت ابتدائی میں مدعا علیہ کے طرف سے کوئی عذر بابت مقدار

ہوسکتا وہ ادنی درجہ کی عدالت مین پیش ہوسکے اور محکمہ سرکار کے مراسلہ نشانی (۹۳) مرقومہ ۴ ذوالحجہ ۱۳۰۳ھ مین درج ہے کہ زوجہ کے دلا پانے کا مقدمہ عدالت ضلع مین سماعت ہوگا ۔ پس اس اختلاف کی حالت مین کیا عمل کرنا چاہیے ۔

جواب دیا گیا ۔ کہ کل دعوی جسمین تعین مالیت نہ ہوسکے ادنی درجہ کی عدالت مین سماعت ہونگے مگر خاص طلب زوجہ کا مقدمہ عدالت ضلع مین پیش ہوگا ۔

ضمن ۳ ۔ جن مقدمات مین حسب فقرہ (۲) گشتی ہٰذا تعین دعوی کا بلحاظ مالیت کے ممکن نہ ہوا ایسے مقدمات کے فیصلہ و نقل فیصلہ کے نقول عدالتہای ماتحت مین اوس مقدار کے کاغذ پر حاصل ہونگے جسکی تصریح مد ۳ حرف (ب) و مد (۲) حرف (ب) تا مدہ دوازدہم دستور العمل کاغذ مہور ۱۳۰۱ف مین ہے ۔

ضمن ۴ ۔ عدالت عالیہ مین مرافعہ کے فیصلہ و نقل فیصلہ کے نقول مقدمات قسم فقرہ (۲) گشتی ہٰذا کاغذ مہور قیمتی عہ ۔ و ۔ ہ ۔ پر علی الترتیب لئے جائینگے ۔

مقدمات مین تعین مالیت دعوی کا ہونا ضرور ہے ۔	دفعہ ۲۹ قبل اس کے مجلس عالیہ عدالت سے ایک گشتی بہ نشان دیوانی (۱۱) مرقومہ ۲۶ مہر ۱۲۹۲ف

گشتی نشان دیوانی (۹) مورخہ ۱۹ اسفندار ۱۳۲۰ف برای اطلاع تمامی عدالتہای دیوانی ملک محروسہ سرکار عالی

بدین حکم جاری ہوچکی ہے کہ مدعیان کو لازم ہے کہ ہر ایک قسم کے دعوی کے مالیت کا تعین عرضی دعوے مین کیا کریں تاکہ معلوم ہو کہ مقدمہ کس درجہ کے عدالت کے سماعت کے قابل ہے مگر دیکھا جاتا ہے کہ اوس گشتی کی تعمیل بالکل نہین ہوتی جسکی وجہ سے حکام مرافعہ کو سخت دقت پیش آتی ہے اس لیے مجلس عالیہ عدالت تمامی احکام عدالتہای دیوانی کے توجہ اوس گشتی کے طرف منعطف کرتی ہے ۔ چونکہ وہ گشتی کسیقدر مجمل ہے اس لیے اوسکی طرف بغرض سہولت ترمیم حسب ذیل کیجاتی ہے

(۱) تعین مالیت دعوے کا مقدمات مین دو غرض سے ہوتا ہے ایک اس غرض سے کہ اوس مالیت پر کاغذ مہور مقررہ لیا جا وے ۔

اوپر زیادہ سختی ہوتی ہے اور وہ اسطرح نشین دعوے مالیت ہونیکے متحمل نہ ہونگے ۔ مجلس عالیہ عدالت نے سرکار مین سفارش کی کہ ایسے دعوی کا تعین مالیت یکسالہ محاصلی اراضی کاشتکاری پر کیا کرے ۔ محکمہ عدالت سرکار عالی سے بذریعہ روبکار نشان انتظامی (۲۰) واقع ۳۰ اسفندار ماہ الہی ۱۲۹۷ ف مجلس کی سفارش منظور ہوئی لہذا واسطے پابندی جملہ عدالتون کے حکم دیا جاتا ہے کہ آیندہ سے کاشتکارون کے دعاوی اراضی کاشتکاری کا تعین مالیت یکسالہ محاصلی اراضی کے لحاظ سے ہوا کرے اور اراضی متدعویہ کے ایکسال کے محاصل پر جسقدر کاغذ مہور ضروری ہو اوسیقدر ہی کاغذ مہور پر عرضی دعوے مرتب و سماعت ہوا کرے ۔

مقدمات موسومہ تعمیرات تعلقدار سماعت کرینگے ۔

دفعہ ۳۲ مقدمات دیوانی و فوجداری جنمین مہتمم تعمیرات یا اون کے نائب مدعی علیہ ہون تعلقدارون کے روبرو سماعت ہونگے مگر فوراً کارروائی کرنا ضرور نہین ہے بہتر ہے کہ اول ناظمان عدالت علاقہ داران تعمیرات کو ایما کرین کہ مدعی کو راضی کرلیں اگر راضی نامہ پیش ہو تو زیادہ تحقیقات کی ضرورت نہین ہے ورنہ ضرور تحقیقات ہونی چاہیے بہرحال باہمی رفع تنازع کیا جائے ۔

دیوالیہ کے دعوی کی سماعت

دفعہ ۳۳ جبوقت کوئی ساہوکار دیوالیہ برار کسی اسامی ضلع کی نسبت دعوی اپنا ظاہر کرے ۔ اور وہ اسامی تعلقدار یا دوسرے عہدہ داران سرکاری کے روبرو حاضر ہوکر دعوی کا اقبال کرے اور ساہوکار بھی کہتا ہو کہ اسکا داخلہ ہو تو بلا تامل حسب تعمیل مدعی علیہ پر ڈگری دیجائے اگر مدعا علیہ بعد اقرار اقرار سے پھر جائے تو اوسپر التفات نہ ہوگا ۔ اگر کوئی مدیون دیوالیہ مدعی سے انکار کرے ۔ اور مدعی اپنے دعوی کے اثبات مین بہی کہاتہ اپنا پیش کرے تو اس صورت مین مدعی علیہ کے بہی کہاتہ سے دریافت کیجائے گی اگر طرفین کے بہی کہاتہ کے مقابلہ اور تطبیق سے زر مدعا بہا ثابت ہو تو مدعی علیہ سے وصول کی کرائی جائیگی ۔ اگر ایسی صورت مین مدعا علیہ انکار کرے تو اوسپر لحاظ ضرور نہین ہے ۔

حسب اقتدار عدالت دیوالیہ کا مقدمہ دعوی سماعت ہوگا

روبکار صدرالمہام نشان [illegible] مورخہ [illegible]

دفعہ ۳۴ کارروائی دعوے ساہوکار دیوالیہ برار میں بلحاظ اس امر کا ضروری ہے کہ نظم و انصرام حسب اقتدار انتظا

مالیت ظاہر کردہ مدعی سے بیشتر ہو تو عدالت مذکور اس امر کا فیصلہ کرے گی کہ واقعی مالیت شئے مدعوہ کی کسقدر ہے۔

(۶) عدالت ابتدائی مجاز ہوگی کہ واسطے فیصلہ متذکرہ دفعہ ۵ کے فریقین کو موقع ثبوت پیش کرنے کا دے اور روئداد شل پر باضابطہ فیصلہ صادر کرے۔

(۷) اگر عدالت سے فیصلہ متذکرہ دفعہ (۵) کا یہ نتیجہ ہو کہ مقدمہ اس عدالت کی سماعت کے قابل نہیں ہے تو عرضی دعوے واپس دیا جاوے گا تاکہ مدعی عدالت مجاز میں پیش کرے۔

(۸) جو اختیارات عدالت ابتدائی کو دیئے گئے ہیں وہی اختیارات اوس عدالت کو بھی حاصل ہیں جہاں مقدمہ ابتدائی منتقل ہو کر آیا ہو۔

(۹) اگر عدالت اپیل کو کسی مقدمہ میں بسلسلہ دوران مرافعہ اصل مقدمہ ظاہر ہو کہ عدالت ابتدائی میں تعین مالیت شئے مدعوہ کا نہیں کیا گیا ہے تو عدالت اپیل منفصل کرے یا عدالت ابتدائی کو ہدایت باضابطہ دلوائے۔

(۱۰) یہ گشتی اون مقدمات سے متعلق نہیں سمجھی جاوے گی جنکا انفصال اشاعت اس گشتی کے قبل نہیں ہوا ہے۔

دفعہ ۱۳۰ دعوے اگر راہن اور مالک شئے کے طرف سے دائر ہو تو بلحاظ شئے مرہونہ کے سماعت ہوگا نہ بلحاظ رقم رہن کے کہ مدعی طالب شئے مرہونہ ہے اور جو رقم رہن کی ہے اوسکا دینے دار ہے	دعوی راہن بلحاظ مالیت شئے مرہونہ کے قابل سماعت ہے نہ بلحاظ زر رہن

۱۳۰ سطر

دفعہ ۱۳۱ دستور العمل کا نفاذ محمود ۱۳۴۲ف میں کاشتکاروں کے دعاوی اراضی کاشتکاری کے لیے یہی قرار دیا تھا کہ تعین مالیت دعوی دہ چند محصول سالانہ اراضی کے ہوا کرے گی عدالت ضلع بیدر نے مجلس عالیہ کو اس امر کی طرف متوجہ کیا کہ ان سے کاشتکاروں	حق کاشتکاری کے دعوی کا تعین

عدالت دیوانی [illegible]

۳۲ [illegible] رقمی ۵ [illegible]

الاولی ۱۳۱۲

[illegible]

[illegible] ۱۳۴۳ف

[illegible] ۲۹ [illegible] ۱۳۲۵

نظائر

(۱) جب کہ جائداد متنازعہ کا ایک جزو ایک عدالت کے حدود اختیار سماعت کے اندر واقع ہے تو ایک عدالت اون مقدمات کی سماعت کر سکتی ہے کہ عدالت ماتحت نے باصول اجازت مقدمہ کو فیصل کر دیا ہے لیکن چونکہ مثل کافی طور پر مرتب ہے لہذا مجلس اوسکو فیصل کرتی ہے۔ اپیل کو خارج کرتے ہیں۔ تمام بیجا گیر بنام مقدمہ ۲۷ فیصلہ ۱۰ خورداد سنہ ۱۲۹۹ ف (۱)

(۲) جب کہ تمادی کا عذر اور یہ عذر کہ جائداد متنازعہ عدالت کی حدود اختیارات سماعت کے اندر واقع نہیں ہے پیش کیا جائے تو پہلے حد اختیار کا عذر فیصل کرنا چاہیئے نہ تمادی کا عذر۔

جب کہ جائداد متنازعہ کا ایک جزو عدالت کے حدود اختیارات کے اندر واقع ہے تو اس وجہ سے کہ جائداد کا دوسرا جزو علاقہ عدالت سے باہر ہے دعوے خارج نہیں ہونا چاہیئے۔ کیونکہ اس صورت میں ہر ایک عدالت میں دعوی دائر ہو سکتا ہے جسکے علاقہ کے اندر جائداد کا کوئی جزو واقع ہو لیکن اس صورت میں عدالت ابتدائی کو عدالت اپیل سے اجازت لینی چاہیئے۔ اور اجازت نہ لینے کا لازمی نتیجہ اخراج مقدمہ نہیں ہے۔ لہذا مجلس اجازت دیتی ہے اور مقدمہ کے سماعت کرتی ہے۔ ایسی دستاویز کے مضمون کے دو گواہوں کے زبانی شہادت جسکو تیس چالیس سال ہوئے کہ گواہوں نے دیکھا تھا اور جو نہ عدالت میں پیش ہوئی ہے۔ اور نہ اوس کے گم ہو جانیکا ثبوت پیش ہوا ہے قابل اعتبار نہیں ہے کیونکہ اس ملک میں قانون شہادت نافذ نہیں ہے اثبات کا بار ثبوت مدعی کے ذمہ ہے کہ وہ ثابت کرے کہ اوسکا دعوی میں المیعاد ہے۔ جبکہ اشتراک اور تقسیم ثابت نہیں ہے تو جو شہادت قبضہ کی مدعی نے پیش کی ہے وہ قابل اعتبار نہیں ہے۔ کیونکہ کوئی وجہ اسکی جائداد سے محروم ہو جانے کی نہ تھی۔ یہ صحیح ہے کہ تمام دعاوی متروکہ کی کوئی میعاد قانون میں مقرر نہیں ہے لیکن چونکہ یہ خاص دعوی دخل کا ہے اور اوس کے دعاوی کی میعاد ۱۲ سال ہے۔

اپنے عمل کریں مثلاً تحصیلدار تین سو (۱) روپیہ سے زاید کے معاملات کے دعاوی و اقرارات مدیون سننے کے مجاز نہیں ہیں۔ سیارم و دوم و سیوم تعلقداران اپنے حلقہ اقتدار سے دعوی سننے میں تجاوز نہیں کرسکتے ہیں۔

جمادی الاول ۱۲۹۷ھ مرسلہ صدر... اسماعیلیہ

دفعہ ۳۵ — جایداد واقع سرکار عالی کا دعوی علاقہ سرکار عالی میں ہوگا

اگر جایداد غیر منقولہ متدعویہ علاقہ سرکار عالی میں واقع ہو اور مدعاعلیہ علاقہ سرکار عظمت مدار میں رہتا ہو تو دعوی جایداد مذکور کی نسبت علاقہ سرکار عالی میں دائر ہوگا۔

دیگر صدر المہام نشان انتظامی (۹) مورخہ ۲۰ جمادی الاول ۱۲۹۷ھ

اگرچہ مدعی بلحاظ فقرہ سیوم تہ نامہ ایسے مدعاعلیہ کی گرفتاری اور حاضری بالجبر کا عدالت حکم صادر نہیں کراسکتی ہے۔ لیکن اطلاعنامہ طلبی مدعاعلیہ اصالتاً یا وکالتاً حسب ضابطہ جاری ہوسکتا ہے

نظیر

گو مدعاعلیہ علاقہ رزیڈنسی میں رہتا ہے مگر اس مقدمہ کی بنا سے دعوی سرکار عالی کی عدالتوں کے حدود اربعی کے اندر پیدا ہوئی ہے اور گو صاحب رزیڈنٹ کو خیال سماعت مقدمات اندر حدود علاقہ رزیڈنسی کے عطا ہوئے ہیں لیکن اونسے یہ لازم نہیں آتا ہے کہ سرکار عالی کی عدالتوں کے اختیارات سماعت جو اونکو حاصل ہیں جاتے رہیں لہذا مقدمہ عدالت سرکار عالی میں قابل سماعت ہے اگرچہ قواعد سابق بصراحت منسوخ نہیں کئے گئے لیکن گشتی مجلس نشان (۲) کی دفعہ (۲) کے خلاف جسقدر پہلے قواعد ہیں وہ منسوخ سمجھے جائیں گے کیونکہ آئین طرازی کا اصول یہ ہے کہ جب قانون حال پہلے قانون کے متناقض ہوتا ہے تو پہلا قانون منسوخ سمجھا جاتا ہے روپ گر بنام گوکل داس نمبر ۲۵۰ منفصلہ ۱۲ امرداد ۱۲۹۰ف (۲)

دفعہ ۳۶ — دعوی بلحاظ قیام مدعاعلیہ سماعت ہوگا

سماعت دعوے کے واسطے مدعاعلیہ کی دایمی سکونت پر لحاظ نہ ہوگا بلکہ وقت رجوع دعوی جس علاقہ میں سکونت پذیر ہوگا وہیں کا ساکن تصور کیا جائیگا۔

روبکار صدر المہام نشان دیوانی ۵۲۲ مورخہ ۲۳ جمادی الآخر ۱۲۹۷ھ

(۱) اب بجائے تین سو کے سو روپیہ قایم ہوئے ہیں۔ معدن دکن جلد ۱ نمبر ۱۲ حصہ ۳ صفحہ ۲۲۵

علاقہ سرکار عالی میں موجود ہو تو [illegible] ضلع کے [illegible]
اس صورت میں تعمیل ضابطہ کا [illegible] ممکن ہوگی ۔

اگر مدعا علیہ کی علاقہ سرکار عالی میں موجود ہو [illegible] سرکار عالی [illegible] تو ایسی صورت میں اطلاعنامہ مدعا علیہ کے نام جاری ہوگا ۔

بعد نفاذ اس گشتی کے گشتی نشان دیوانی (۱۶) مورخہ ۲۲ [illegible] منسوخ شدہ ہوگی ۔

مقدمہ کے ضمن میں نسب کی تجویز ہو سکتی ہے

گشتی صدر العالیہ [illegible] (۲۱) مورخہ [illegible] ۱۲۹۵

دفعہ ۳۹ اگر کارروائی دعوے مقدمات [illegible] عدالت دیوانی میں [illegible] اثبات نسب کی پیش آئے تو دیوانی عدالتوں کو ضروری نہیں کہ وہ [illegible] مقدمہ کو ملتوی کرکے یہ ہدایت کریں کہ [illegible] اثبات نسب [illegible] لیا جاسکے بلکہ عدالتوں کو اختیار ہے کہ امر مذکور [illegible] قرار دیکر [illegible] اسی طرح پر [illegible] تجویز کریں [illegible] کی تکرار [illegible] دعوے [illegible] نیز [illegible] ہوتی ہیں ۔

ان ضمنی تجویز نسب کی شرط ۔

دفعہ ۴۰ لیکن یہ اختیار دیوانی عدالتوں کو واسطے دریافت نسب کے بطریق جواز کے ہے [illegible] اگر عدالت کو معلوم ہو کہ مقدمہ عدالت میں [illegible] ایک جزو فیصل کے دائرہ سے [illegible] امر اثبات نسب کو دوسری [illegible] علاقہ ہے تو ایسی حالت میں یہ مناسب ہوگا کہ کارروائی علحدہ کی جائے [illegible] ہدایت کیا گیا ہے ۔

نظائر

(۱) جبکہ [illegible] عدالت [illegible] وراثت کی دعوے کیا گیا ہے تو [illegible] حقیقت کی بحث کی تجویز لازم آتی ہے ۔ لیکن وہ بحث ضمنی ہے ۔ اور [illegible]
[illegible]

جبکہ حق کفالت کا دعویٰ ثابت کیا گیا تو اوس کی نسبت ڈگری کرنا دعویٰ سے زاید اور نادرست ہے ۔ دہلی نام گوبند منت نمبر مقدمہ ۲۰۱ منفصلہ ۲ بہمن سنہ ۱۲۹۵ ف (۱)

(۳) جبکہ فریقین کی سکونت مستقل اورنگ آباد میں ہے اور مدعا علیہ نمبر ۲ کو کبھی کچھ تعلق نہیں ہے اور حساب کتاب بھی جالنہ ضلع اورنگ آباد میں ہوا ہے تو صرف یہ وجہ کہ ایک مدعی علیہ بمقام حیدرآباد ہائیکورٹ میں وکالت کرتا ہے اس لیے کافی نہیں ہے کہ مقدمہ کے سماعت کی اجازت عدالت بلدہ کو دیجائے مقدمہ اورنگ آباد کے عدالت میں دائر ہونا چاہیئے ۔ رام بلاس مدعی سائل بنام عبدالقادر دیگیانی مدعا علیہا طرفثانی نمبر مقدمہ ۵۵ منفصلہ ۹ اردی بہشت سنہ ۱۳۰۰ ف (۲) ۔

(۴) گشتی نشان (۲) دفعہ (۲) کی رو سے صرف نالش اوس عدالت میں ہو سکتی ہے جسکے حدود اختیار کے اندر مدعا علیہ سکونت مستقل رکھتا ہو بلکہ اوس عدالت میں بھی ہو سکتی ہے جس کے علاقہ کے اندر وہ پیشہ کرتا ہو ۔ رام بلاس مدعی عوض نبام بنام مولوی عبدالقادر مدعا علیہ مرافعہ علیہ نمبر مقدمہ ۱۰۴ منفصلہ ۸ فروردی سنہ ۱۳۰۰ ف (۳)

دفعہ ۳۷ اگر بنائے کسی مقدمہ واقعہ یا معاہدہ وغیرہ کی کار علاقہ سے باہر پیدا ہوئی ہے اور مدعا علیہ اتفاقاً کسی ضرورت سے سرکارعالی کے علاقہ میں آجائے اور مدعی عدالت سرکارعالی میں مدعا علیہ مذکور پر دعویٰ کرے اور مدعا علیہ بعد اطلاع یابی اور قبل تجویز مقدمہ کے علاقہ سرکارعالی سے باہر چلا جاوے اور علاقہ سرکار میں کوئی جائداد نہ رکھتا ہو تو ضرورت نہیں ہے کہ اس قسم کے مقدمات کی تجویز بطور یکطرفہ عمل میں آئے بلکہ مقدمہ خارج کیا جائے گا۔	سماعت ان دعاوی کی جسکی بنا نالش سرکارعالی کے قلمرو کے باہر ہوئی ہو	دیکار معتمد عدالت العالیہ نشان (۲) مورخہ ۲ ... منفصلہ ... بیع نامہ ... دیوانی
دفعہ ۳۸ اگر مدعا علیہ بعد اطلاع یابی اور جائداد ... نالش علاقہ سرکارعالی سے چلا جائے اور اوسکی جائداد	جبکہ مدعا علیہ علاقہ سے باہر چلا جاکر اور جائداد ہو	،، فقرہ (۲)

تمثیل

اگر کوئی دعوے الف ۱۹۰۰ سو روپیہ کا اور دو سو روپیہ سود کا شامل ہو کر دائر ہو کہ مجموعہ اسکا اکیس سو روپیہ ہوتا ہے تو یہ دعوے بلحاظ اصل و سود کے قابل سماعت عدالت ضلع ہوگا۔ نہ بلحاظ انیس سو روپیہ اصل کے قابل سماعت دوم قرار سکے۔

مستثنیٰ

مقدمات سابق بدستور قائم ہوگا۔

دفعہ ۴۲ جو مقدمات کہ گشتی ہذا کے جاری ہونے اور محکہ جات ماتحت میں پہنچنے سے پہلے عدالتوں میں دائر ہوچکے ہوں وہ اسی طریق سے عدالتہائے مذکورہ سے فیصل ہونگے کہ گویا یہ گشتی جاری نہیں ہوئی تھی۔ لیکن بعد فیصلہ مقدمات مذکورہ کے احکام اس گشتی کو جسقدر کہ ممکن ہوں کارروائی مابعد فیصلہ سے متعلق ہوں گے۔

مقدمات ازدواج وغیرہ اب ہونے قابل سماعت عدالت دیوانی خرد مجلس عالیہ عدالت

ررر گشتی [illegible] دیوانی [illegible] الاول ۱۳۴۹ھ

دفعہ ۴۳ مقدمات متعلقہ ہنود جو اسوقت تک عدالت دیوانی بزرگ میں دائر اور فیصل ہوتے تھے۔ دو قسم کے ہیں۔ ایک وہ کہ جنمیں تعین دعویٰ نہیں ہوسکتا ہے مثلاً دعوے زوجہ کا خاوند کے نام۔ خارج خرچی دلاسینکے واسطے یا دعوے نفاذ حقوق زوجیت بنام زوجہ۔ دوسرے وہ کہ جنمیں تعین دعوے ہوسکتا ہے مثلاً دعوی حصہ متروکہ۔

ضمن (۱) قسم اول کے جملہ مقدمات اور قسم دوم کے صرف ایسے دعاوی جنکی تعداد دو ہزار روپیہ تک ہو جو پہلے عدالت دیوانی بزرگ میں سماعت ہوتے تھے۔ اب عدالت دیوانی خرد میں دائر اور مسموع ہوں گے۔ اور قسم دوم کے ایسے دعاوی جنکی تعداد دو ہزار روپیہ سے زیادہ ہو صیغہ ابتدائی دیوانی مجلس عالیہ میں دائر ہونگے۔

(۳) اب عدالت دیوانی خرد کا نام عدالت دیوانی بلدہ ہے۔

سماعت کے اندر حقیت مذکور واقع نہیں ہے تو وہ عدالت اوس حقیت کی
بحث کی تجویز کی مجاز نہیں ہے۔ اور ایسی عدالت کا فیصلہ مانع سماعت
مقدمہ حقیت کا نہیں ہو سکتا ہے۔
نگا بھوئی بنام چھیا بھوئی۔ منفصلہ ۱۵۔ اسفندار ۱۲۹۶ ف۔ (۱)

۲۔ جب کہ مدعی کا دعوے یہ ہے کہ پانچ روپیہ چودہ آنہ بابت رسوم
۱۲۹۱ ف کے دلائے جائیں۔ صرف یہی امر تنقیح طلب قرار دینا چاہئے تھا
کہ آیا مدعی رسوم سنہائے گذشتہ میں پاتا رہا ہے یا نہیں۔ حقیت کی بحث
کا فیصلہ نہیں کرنا چاہئے۔ نہ یہ مقدمہ حقیت کا ہے یہ فیصلہ کرنا کہ مدعی
کا حق ہے یا نہیں۔ ناجائز تھا۔ صرف تصفیہ طلب یہ امر تھا کہ مدعی سنین
گذشتہ میں یہ رسوم پاتا رہا ہے یا نہیں اگر نہیں پاتا رہا۔ تو دعوے خارج
کرنا چاہیے تھا۔ مدعی کو اختیار ہے کہ پورے حصہ کا تعین مالیت کر کے
اور اوس کے موافق اسٹامپ لگا کر حقیت کا دعوے کرے۔ اوسمیں
تقسیم وغیرہ کی کل بحث طے ہوگی۔ چونکہ سنین گذشتہ میں رسوم پاتا ثابت
نہیں ہے۔ لہذا دعوے خارج ہو۔ بھوراؤ بنام مادھوراؤ وغیرہ نمبر ۲۳۳
منفصلہ یکم بہمن ۱۲۹۶ ف (۲)

دفعہ ۱۲

بمنظوری سرکار نشان (۹ لغایت ۸) مورخہ ۸۔ شوال ۱۲۹۸ھ مرسلہ عدالت دیوانی بزرگ بلدہ یہ حکم ہوتا ہے کہ جہاں اقتدارات عدالت بلحاظ تعداد رقم ہوتا ہے وہاں بلحاظ مجموعہ اصل اور سود کے ہونا چاہئے۔ نہ صرف بلحاظ اصل کے اور جن صورتوں میں	اقتدار سماعت و قطعیت فیصلہ بلحاظ اصل و سود شدہ ہے کہ ہرگاہ صرف بلحاظ زر اصل کے

عدالتوں کے فیصلہ ایک تعداد تک قطعی قرار دیئے گئے ہیں۔ اون جملہ
صورتوں میں بھی بلحاظ اصل اور سود کے حساب کیا جائیگا۔ (۳)

نمبر صدر المہام فنانس دیوانی
مورخہ ۹۔ ربیع الاول ۱۲۹۵
ف

(۱) رسالہ مقنن دکن نمبر ۱۰ جلد ۶ ۱۳۰۰ ف
(۲) " " " ۳ " ۲ حصہ ۳
(۳) اس گشتی میں جو معنی گشتی مدارالمہام نشان دیوانی (۲) مورخہ ۱۱ آذر ۱۲۹۵ ف سے خلاف درج تھا وہ خارج کر دیا گیا۔

وسعت و آغاز قانون۔

(۲) یہ قانون تمام ممالک محروسہ میں تاریخ یکم ماہ آذر ۱۳۵۴ف سے نافذ ہوگا۔

تنسیخ

تاریخ نفاذ قانون ہذا سے کل گشتیات احکام اور قواعد جو اس قانون کے منافی ہوں اور نیز وہ جنکا ذکر ضمیمہ اول قانون ہذا میں کیا گیا ہے منسوخ سمجھے جائیں گے۔ لیکن جو کارروائی انکے روسے بوقت نفاذ قانون ہذا جاری ہو اسپر کوئی عبارت اس قانون کی موثر نہ ہوگی۔

تعریفات

اگر کوئی مضمون سیاق عبارت اوسکے خلاف نہ ہو تو

(۱) "عدالت ضلع" سے اندرون و بیرون بلدہ[1] میں عدالت العالیہ کا صیغہ ابتدائی اور اضلاع میں وہ عدالت مراد ہے جسمیں اعلیٰ ناظم دیوانی ضلع اجلاس کرتا ہو۔

۲ قرضہ

"قرضہ" میں ہر قرضہ شامل ہے۔ سوائے ادائے لگان یا مالگزاری یا نشانات کے جو ایسی زمین کی بابت واجب الادا ہو جو زراعت کے غرض استعمال میں آئی ہو۔

(۳) "صحیح تصدیق" سے حق حصول ہرایا و اور قرضہ جسکی ذمہ داری کسی شخص متوفی کی ذات پر نہ ہو اس قانون کے معنی میں قرضہ ہے۔

کفالت نامہ[۳]

(۴) "کفالت نامہ" سے مراد صرف ان وثائق سے ہوگی جو مطالبات قرضہ سے متعلق ہوں۔

شخص متوفی کے دیون کے خلاف عدالت فیصلہ صادر نہ کریگی تاوقتیکہ صداقتنامہ پیش نہ کیا جاوے۔

کوئی عدالت کوئی فیصلہ شخص متوفی کے دیون کے خلاف اوسکا ترکہ اسیسے شخص کو ادا کرنیکے واسطے جو دعویدار مستحق ہونے ترکہ متوفی کا یا اوس کے کسی جزو کا ہو صادر نہ کریگی تاآنکہ اوس کے دعویدار نے

(۱) کوئی صداقت نامہ نفاذ وصیت یا اجازت نامہ یا انتظام ترکہ جس سے یہ ثابت ہو کہ متوفی کے ترکہ کا انتظام اسکو عطا کیا گیا ہے۔

(۲) وہ صداقت نامہ جو حسب قانون ہذا عطا کیا گیا ہو اور جسمیں ادعا قرضہ کی صراحت ہو۔ یا

(۱) اب بیرون بلدہ اندرون بلدہ ختم ہوگئی ہے۔

اور اونکا فیصلہ بصیغہ مذکور میں مثل دوسرے مقدمات دیوانی بزرگ کے عمل میں آئیگا۔
اور جو امر کہ اونکا سبب ضابطۃً ممنوع ہوگا۔

دوران مقدمہ میں جو بنا پیدا ہو تو اوسپر تمسک کیا لیکن

[illegible] قانونی [illegible] مورخہ ۱۱ محرم [illegible]

دفعہ ۴۴ — اگر مدعی نے یہ کہا ہے کہ بناء پر دعوے دائر کیا ہے اور دوران مقدمہ میں مدعا علیہ سے تمسک کہا ہے تو دعوے کی بناء سابق باقی نہیں رہتی ہے اور بناء نئی پیدا ہو جاتی ہے۔ جبکہ عدالت کو معلوم ہو کہ ایسا ہوا ہے تو فوراً دعوے سابق کو خارج کرے لیکن مدعی کو تمسک کی بناء پر علحدہ نالش کرنیکا اختیار حاصل ہوگا۔

نظیر

دوران نالش میں یا مقدمہ کے اجراء میں جو معاملہ کہ فریقین میں ہوا یا جو تحریری ہوا اور عدالت کے بلا اطلاع ہو تو قابل التفات عدالت نہیں ہوتا ہے ایسے فریق کو جو معاملہ خارج از عدالت کے ذریعہ سے استدلال کرے نالش ضابطہ کے دائر کرنیکا اختیار رہتا ہے۔ مقدمہ متدائرہ میں اوسکا کوئی اثر نہ ہوگا۔

واحد علیخان بنام موتی لال نمبر مقدمہ (۲۹۲) منفصلہ ۱۹ خورداد سنہ ۱۲۹۰ فصلی (۱)۔

صداقت نامہ

قانون صداقت نامہ مورخہ [illegible] (۱۳) سنہ [illegible] جو بنا بر [illegible] [illegible] منظور [illegible]

چونکہ دربیلی سہولت انفصال دیوانی مقدمہ کہ اشخاص متوفی اور حفاظت مدیونان سے قانون منضبط کرنا قرین مصلحت ہے۔ لہذا حسب ذیل قانون نافذ ہوتا ہے۔

نام قانون (۱) اس قانون کا نام "قانون صداقت نامہ [illegible]" ہوگا۔

(۱) تنقیح دکن جلد ۴ نمبر ۳ صفحہ ۱۷۵۔

(د) دیوانی اور کفالت نامہ جات جنکی نسبت صداقت نامہ کی استدعا ہو۔

(۲) اگر عرضی میں کوئی ایسا بیان ہو جسکو شخص تصدیق کنندہ غلط جانتا ہو یا باور کرتا ہو تو وہ شخص حسب منشاء ان احکام و قوانین نافذہ کے جو دروغ شہادت دینے یا ایسی شہادت کی اختراع کی سزا کی نسبت ہیں۔ مستوجب سزا ہوگا۔

درخواست کی کارروائی

دفعہ ۴۷ (۱) اگر عدالت ضلع کو اس امر کا اطمینان ہو جاوے کہ سماعت درخواست کے لیے وجوہ موجود ہیں۔ تو عدالت مذکور اوس کی سماعت کے لیے کوئی تاریخ مقرر کریگی۔ اور نسبت درخواست اور تقرر تاریخ سماعت کے ایک اطلاع نامہ

(الف) ایسے ہر شخص پر تعمیل کرائے گی جسکو عدالت کی رائے میں درخواست کی نسبت خاص اطلاع دینا ضروری معلوم ہو۔ اور

(ب) مکان عدالت کے کسی منظر عام پر چسپاں کرائے گی اور کسی ایسے دوسرے طریقے سے شایع کرائے گی جو عدالت کو بہ پابندی ان قواعد کے مناسب معلوم ہو۔ جو اس بارہ میں عدالت العالیہ نے مرتب کئے ہوں اور بعد ازاں حتی المقدور یا من بعد جہاں تک جلد ممکن ہو سرسری طور پر صداقت نامہ حاصل کرنے کے حق کی بابت تصفیہ کرے گی۔

(۲) جب عدالت اس امر کا تصفیہ کرے کہ درخواست گذار کو صداقت نامہ لینے کا حق ہے تو وہ ایک حکم بغرض عطائے صداقت نامہ صادر کریگی۔

(۳) اگر عدالت حق صداقت نامہ کا انفصال بلا تجویز ایسے مسائل قانونی یا واقعات کے نہیں کر سکتی ہے۔ جو عدالت کو اسقدر پیچیدہ اور مشکل معلوم ہوتے ہوں کہ اونکا تصفیہ بطور سرسری نہ ہوسکتا ہو تو اوس صورت میں اپنی عدالت مجاز ہے کہ درخواست گذار کو اگر وہ بادی النظر

(۴) صداقت نامہ جو بر بنائے اُن احکام کے جو قانون ہذا سے منسوخ ہوئے ہوں عطا کیا گیا ہو۔ پیش کرے۔

صداقت نامہ عطا کرنیکا اختیار کس عدالت کو ہے۔

دفعہ ۴۵ ہر عدالت ضلع کے حدود ارضی کے اندر متوفی بوقت اپنے وفات کے معمولاً رہتا ہو۔ یا

(۲) اگر وفات کے وقت متوفی کسی معیّن مقام پر نہ رہتا ہو تو ایسی عدالت ضلع جسکے حدود ارضی مین متوفی کے متروکہ کا کوئی حصہ پایا جائے۔

درخواست صداقت نامہ

دفعہ ۴۶ (۱) درخواست حصول صداقت نامہ کی عدالت ضلع مین بذریعہ عرضی کے گذریگی جسپر دستخط اور تصدیق خود درخواست گزار یا منجانب اوس کے دوسرا شخص اُس طریقہ پر کرے گا۔ جو مجموعہ ضابطہ دیوانی مملکت آصفیہ مجریہ وقت مین مدعی یا اوس کے جانب سے دوسرے شخص کے عرضی دعوی پر دستخط کرنے اور تصدیق کے لیئے مقرر کرے۔ اور اوسمین صراحت ذیل درج کیئے جائینگے۔

(الف) تاریخ یا زمانہ وفات متوفی۔

(ب) وہ مقام جہان بوقت وفات متوفی معمولاً رہتا ہو اور اگر متوفی حدود ارضی مین اوس عدالت کے معمولاً نہ رہتا ہو جسمین درخواست گذرانی جائے۔ تو وہ جایداد متوفی کے جو حدود مذکور مین ہو۔

(ج) تمام ورثہ اور دوسرے قریب رشتہ داران متوفی اور اونکا مسکن۔

(د) وہ حق درخواست گذار کا جسکی بنا پر وہ مستدعی صداقت نامہ وراثت کا ہے۔

(ہ) عدم موجودگی کسی ایسے امر کے جو بموجب قانون ہذا یا کسی دوسرے قانون کے جو عطا ہے صداقت نامہ سے متعلق ہو عطا صداقت نامہ کا یا درصورت عطا ہونیکے اوس کے جواز کا مانع ہو۔

(۲) درخواست تحریری گذرنے اور وجہ قابل اطمینان عدالت کی پیش ہونے اور دربارہ ضمانت ایسے امر کے اقرار کے کہ زر موصول داخل عدالت کیا جائے یا دوسری طرح ایسی شکل پر جو عدالت کو مناسب معلوم ہو عدالت بجائے کہ وہ اقرار نامہ یا دوسری کفالت کسی شخص مناسب کے نام منتقل کرے اور وہ شخص مجاز ہوگا کہ خود اپنے نام سے گو یا کہ وہ ذکر انہیں حاکم عدالت کے خود ادس کے نام ابتدا اس کی تکمیل پالی تھی نالش رجوع کرے اور ایسے دیون کو جو بن اس کے قابل وصول ہوں بہ حیثیت امین منجانب کل اشخاص متعلقہ کے وصول کرے۔

توسیع مضامین صداقت نامہ	دفعہ ۵۵ عدالت ضلع وقتاً فوقتاً ایسے وارث کی صداقت نامہ کی درخواست پر جس نے حسب منشاء کے

[illegible]

قانون ہذا صداقت نامہ حاصل کیا ہو اور دیون اور کفالت نامہ جات کو بھی صداقت نامہ میں شامل کر سکتی ہے جو سابق میں اسی صداقت نامہ میں مندرج نہ تھے۔ اور اوس کا وہی اثر ہوگا جیسا کہ گویا وہ دیون اور کفالت نامہ جات سابق ہی میں مندرج صداقت نامہ کئے گئے تھے۔

(۲) صداقت نامہ میں دوسرے دیون اور کفالت نامہ جات کے شامل کرنے پر اُن دیون یا کفالت نامہ جات کے سود یا منافع کے ایصال کی نسبت یا خود اون کے متعلق کوئی معاملہ کرنے یا اونکو منتقل کرنے کے اختیارات عطا کئے جا سکتے ہیں۔

اور ایک اقرار نامہ یا کوئی ضمانت اون اغراض کے لئے جو دفعہ ماسبق میں مذکور ہیں۔ اوسیطرح لیا جا سکیگا۔ جیسا کہ صداقت نامہ ابتدائی عطا کے وقت لیا جا سکتا تھا۔

صداقت نامہ اور توسیع شدہ صداقت نامہ کے نمونے	دفعہ صداقت نامہ جات جہانتک کہ واقعات متعلقہ اجازت دے۔ تقریباً اون نمونہ میں عطا یا توسیع کئے جائیں گے۔ جو ضمیمہ دوم میں مندرج ہیں۔

[illegible]

صداقت نامہ پانے کے لئے احق معلوم ہوتا ہو صداقت نامہ عطا کرے گی ۔

(۴) اگر ایک شخص سے زیادہ اشخاص کسی صداقت نامہ کے لیئے درخواست پیش کریں اور عدالت کی رائے میں ان درخواست گزاروں میں سے ایک شخص سے زیادہ کو متروکہ متوفی میں استحقاق معلوم ہوتا ہو تو عدالت صرف ایک کو صداقت نامہ عطا کرے گی اور اس امر کے تصفیہ کے وقت کہ کس شخص کو صداقت نامہ ملنا چاہیئے اونکی مقدار حقیت اور دوسرے طور پر صلاحیت کا لحاظ رکھیگی ۔

مضامین صداقت نامہ

دفعہ ۴۸ جب عدالت ضلع صداقت نامہ عطا کرے تو وہ اوسمیں دیون اور کفالت نامہ جات مندرجہ درخواست صداقت نامہ کی صراحت کر دیگی ۔ اور صداقت نامہ پانیوالے کو اختیار دیگی کہ جملہ یا بعض کفالت نامہ جات کا ۔

(۱) سود یا منافع وصول کرے ۔ یا

(۲) اونکی نسبت کوئی معاملہ کرے یا اون کو منتقل کرے ۔ یا

(۳) اونکا سود یا منافع وصول بھی کرے اور اونکی نسبت کوئی معاملہ یا اونکو منتقل بھی کرے ۔

صداقت نامہ لینے والے سے ضمانت کی ضرورت

دفعہ ۴۹ (۱) عدالت ضلع کو ہر ایسی صورت میں جسمیں تجویز ہو کہ وہ صداقت نامہ بروئے شق (۲) یا شق (۳) کارروائی کرنا تجویز کرے ۔ لازم ہے اور دوسری صورتوں میں اختیار ہے کہ اوس شخص پر جسکو وہ صداقت نامہ دینا تجویز کرے عطا ہونے صداقت نامہ سے قبل ایسی شرط کرے کہ اس امر کو ضروری قرار دے کہ شخص مذکور حاکم عدالت کو اس امر کا ایک اقرارنامہ معہ ایک یا زیادہ ضامنوں کے یا دوسری کفالت کے بغرض استفادہ (۲) حاکم یا زیادہ جانشینوں کے دے کہ ان دیون اور کفالت نامہ جات کا جو اوسکو حاصل ہوں حساب داخل کر دیا کرے گا اور وہ تمام اشخاص کے نقصان کا معاوضہ کرے گا جو ان دیون یا کفالت نامہ جات کے کل یا کسی جزو کے حقدار ہوں ۔

کے مقابلہ میں قطعی ہوگا جو اُن دیون کے ذمہ ہیں یا اُن کفالت نامہ جات کے مقرین کے ذمہ ہوں اور با وجود کسی نقص کے ایسے کُل اشخاص کو نسبت اُن کُل رقوم اداشدہ یا معاملات کے پوری محافظت بخشیگا جو متعلق ایسے دیون یا کفالت نامہ جات کے اوس شخص کے ساتھ نیک نیتی سے عمل میں آئے ہوں جسکو صداقت نامہ عطا کیا گیا ہو۔

دفعہ ۱۷

استرداد صداقت نامہ — **دفعہ ۵۶** صداقت نامہ جو حسب منشاء قانون ہذا عطا کیا گیا ہو۔ وہ مفصل ذیل وجوہ میں سے کسی وجہ پر مسترد ہو سکتا ہے یعنی

(۱) اصل کارروائی حصول صداقت نامہ میں کوئی واقعی نقص ہو۔ یا

(۲) صداقت نامہ ناجائز واقعات کا اظہار کر کے یا عدالت پر کسی امر اہم متعلقہ مقدمہ کو مخفی رکھکر فریباً حاصل کیا گیا ہو۔ یا

(۳) صداقت نامہ غلط بیان پر کسی ایسے واقعہ کے حاصل کیا گیا ہو جو قانوناً منظوری صداقت نامہ کے لیئے ضروری تھا۔ اگرچہ ایسا بیان لاعلمی یا غفلت سے ہوا ہو۔ یا

(۴) واقعات کے لحاظ سے صداقت نامہ بیکار اور غیر موثر ہو گیا ہو۔ یا

(۵) کوئی فیصلہ یا حکم کسی عدالت مجاز کا جو کسی مقدمہ یا دوسرے کارروائی میں نسبت اموال متعلقہ دیون یا کفالت نامہ جات مندرجہ صداقت نامہ کے ایسا صادر کیا گیا ہو۔ جس سے یہ مناسب ہو کہ صداقت نامہ مسترد کیا جائے۔

مرافعہ — **دفعہ ۵۷** (۱) بہ پابندی دیگر شرائط قانون ہذا عدالت ضلع کے حکم منظوری یا نامنظوری استرداد صداقت نامہ ماسبق (اگر کوئی عطا کیا گیا ہو) بموجب حکم مقدورہ کے صداقت نامہ عطا کرے۔

(۲) مرافعہ حسب منشاء ضمن (۱) دفعہ ہذا ایسی میعاد کے دائر ہونا چاہیئے جو قانون تمادی ایام مملکت آصفیہ کے بموجب دیوانی مرافعات کے لیئے مقرر ہے۔

(۳) بہ پابندی احکام ضمن (۱) دفعہ ہذا اور تمام احکام ضابطہ دیوانی دربارہ استدعا نگرانی کے ماتحت نگرانی عدالت العالیہ بہ تجویز ثانی عدالت ضلع کا حکم حسب

صداقت نامہ کی بابت دربارہ اختیارات کفالت نامجات کے

دفعہ ۵۲ جس صورت مین کہ عدالت ضلع نے صداقت نامہ حاصل کرنیوالے کو کوئی اختیار بنسبت کسی کفالت نامہ مندرجۂ صداقت نامہ کے عطا نکیا ہو۔ یا اوسکو صرف اسقدر اختیار دیا ہو کہ کفالت نامہ کا سود یا منافع وصول کرے یا اوسکی بنسبت کوئی معاملہ کرے یا اوسکو منتقل کرے۔ تو ایسی صورت مین عدالت مذکور مجاز ہے کہ درخواست تحریری کے گذرنے اور عدالت پر قابل اطمینان وجوہ کے ظاہر ہونے پر اختیارات مندرجہ دفعہ (۸) مین سے کوئی اختیار عطا کرے یا اوسکے بجائے ایک اختیار کے دوسرے کو قایم کرکے اوس صداقت نامہ کی ترمیم حسب نتیجہ عمل مین لائے۔

درخواست کے ساتھ رقم جمع کرنا۔

دفعہ ۵۳ (الف) صداقت نامہ یا توسیع صداقت نامہ کی ہر درخواست کے ساتھ اسقدر رقم جمع کرنی ضرور ہے جو مساوی اس رسوم کے ہو جو کہ صداقت نامہ یا ایسی توسیع کی بابت جسکی درخواست کیجائے رسوم عدالت کے قانون کے بموجب واجب الادا ہو۔

(ب) اگر درخواست منظور کیجائے تو جو رقم درخواست دہندہ نے جمع کی ہو۔ حسب ہدایت عدالت ایسے کاغذ مہور کے خریدنے مین خرچ کیجائے گی۔ جو حسب تذکرۂ بالا اوس رسوم واجب الادا کے ظاہر کرنیکے لیئے استعمال مین آنیوالا ہو۔

(ج) کوئی رقم جو حسب ضمن (الف) دفعہ ہذا داخل کیگئی ہو اور ضمن (ب) کی بموجب صرف نکیگئی ہو اوس شخص کو واپس دیجائے گی جسنے کہ اوسکو جمع کیا ہو۔

صداقت نامہ کی وسعت مقامی۔

دفعہ ۵۴ ہر صداقت نامہ جو حسب منشاء قانون ہذا عطا کیا جائے تمام ممالک آصفیہ مین موثر ہوگا۔

صداقت نامہ کا اثر

دفعہ ۵۵ یہ پابندی قانون ہذا عدالت ضلع کا صداقت نامہ بنسبت دیون اور کفالت نامجات مصرحہ کے ان اشخاص

ادائی کا جواب

میں مندرج ہو۔ یا بوجہ موجودگی صداقت نامہ سابق یا بوجہ منظوری صداقت نامہ نفاذ وصیت یا اجازت نامہ انتظام ترکہ یا کسی دوسری وجہ سے ناجائز ہو گیا ہو تو کل ادائیاں یا کارروائیاں نیک نیتی دلیوں اور کفالت نامہ جات مندرجہ صداقت نامہ ساقط الاثر یا ناجائز کے جو صداقت نامہ کہ ساقط الاثر یا ناجائز ہونے کی لاعلمی میں صداقت نامہ حاصل کرنے والے کے ساتھ عمل میں آئی ہوں وہ سب تمام ایسے مطالبات کے مقابلہ میں جو کسی دوسرے صداقت نامہ یا صداقت نامہ نفاذ وصیت یا اجازت نامہ انتظام ترکہ کے رو سے کئے جائیں۔ جائز رکھے جائینگے

دفعہ ۶۱ ۔ دفعہ ۶۱

اس قانون کے بموجب فیصلہ جات اور صداقت نامہ جات پانے والوں کی ذمہ داریوں کا اثر

جن اشخاص کے مابین کسی حق کے متعلق جو تجویز کہ از روئے قانون ہذا ہوگی وہ کسی ایسے مقدمہ میں کہ کسی دوسری کارروائی میں جو مابین انہیں فریقین کے ہو پیرائی مسئلہ مذکورہ کی تجویز کے تابع نہ ہوگی اور کوئی مضمون اس قانون کا اوس ذمہ داری پر مؤثر نہ ہوگا ۔ جو اوس شخص پر کہ جس نے کوئی قرضہ دین یا کفالت نامہ یا اوسکا کوئی حصہ شائع وصول کر لے ایسے شخص کے مقابلہ میں ہو جو بجائز طور پر حقدار ہو۔

دفعہ ۶۲ ۔ دفعہ ۶۲

اس قانون کے اغراض کے واسطے عدالت ماتحت کو عدالت ضلع کے اقتدارات کو دینا۔

(۱) نواب مدار المہام سرکار عالی مجاز ہیں کہ بذریعہ اشتہار مندرجہ جریدہ سرکاری ایسی عدالت کو جو رتبہ میں عدالت ضلع سے کم ہو۔ اقتدارات عدالت ضلع کے حسب مراد قانون ہذا عطا کریں ۔ اور نیز کسی ایسے اشتہار کو منسوخ یا تبدیل کریں۔

(۲) عدالت ماتحت جسکو اس قسم کے اقتدارات عطا ہوں اپنے اختیار سماعت کے حدود ارضی کے اندر کل اختیارات عمل میں لاسکے گی جو اس قانون کے رو سے عدالت ضلع کو حاصل ہیں - اور اس قانون کے احکام متعلق عدالت ضلع اوس عدالت سے بھی اوسیطرح متعلق ہوں گے - کہ گویا

نشاے قانون ہذا قطعی ہوگا۔

صداقت نامہ یا صداقت نامہ نفاذ وصیت یا اجازت نامہ اہتمام ترکہ جو بیان ہیں دیئے گئے ہوں۔ اونکا اثر — دفعہ ۱

دفعہ ۵۸ باستثنای حالت مندرجۂ قانون ہذا ہر ایک صداقت نامہ جو حسب منشاء قانون ہذا کسی متروکہ متوفی کے بابتہ عطا کیا جائے۔ باطل ہوگا۔ اگر قبل اوسکے کوئی صداقت نامہ یا صداقت نامہ نفاذ وصیت یا اجازت نامہ اہتمام ترکہ دربارہ جائداد متوفی کے عطا ہوکر نافذ ہو۔

صداقت نامہ نفاذ وصیت یا اجازت نامہ یا اہتمام ترکہ جو بعد صادر ہوں اونکا صداقت نامہ پر اثر۔ — دفعہ ۱۹

دفعہ ۵۹ (۱) صداقت نامہ نفاذ وصیت یا اجازت نامہ اہتمام ترکہ حسب منشاء کسی قانون صداقت نامہ نفاذ وصیت یا اجازت نامہ اہتمام ترکہ کے نسبت کسی جائداد کے عطا ہوا ہو ویسے صداقت نامہ کو منسوخ کرے گا۔ جو قبل اوسکے حسب منشاے قانون ہذا بنسبت کسی دین یا کفالت نامہ یا متعلقہ جائداد مذکور کے عطا ہوا ہو۔

(۲) جب بوقت منظوری صداقت نامہ نفاذ وصیت یا اجازت نامہ اہتمام ترکہ کے کوئی مقدمہ یا اور کارروائی مرجوعہ دارندہ صداقت نامہ بنسبت کسی ایسے دین یا کفالت نامہ کے دائر ہو۔ اوس شخص کو جسکو صداقت نامہ نفاذ وصیت یا اجازت نامہ اہتمام ترکہ عطا کیا گیا ہو اوس عدالت میں جسمیں کہ مقدمہ یا اور کارروائی مذکور دائر ہو۔ درخواست دینے پر یہ حق ہوگا کہ اوس مقدمہ یا اور کارروائی میں صداقت نامہ حاصل کرنیوالے کے جگہہ پر قائم کیا جائے۔

نام ہاے صداقت نامہ حاصل کرنیوالے کو جو رقم بہ دیانت ادا کیگئی ہو اونکی — دفعہ ۲۰

دفعہ ہرگاہ کوئی صداقت نامہ جو حسب قانون ہذا عطا کیا گیا ہو ساقط الاثر ہو جائے یا حسب دفعہ ۱۶ مسترد ہونے یا صداقت نامہ کسی ایسے شخص کو عطا کیے جانیکے باعث جسکا نام حکم صادرہ محکمہ مرافعہ حسب دفعہ ۱۷

ضمیمہ دوم

صداقت نامہ اور توسیع صداقت نامہ کی نمونہ جات

(دیکھو دفعہ (۱۱))

عدالت   مستقر   ضلع

صوبہ

بنام زید ولد خالد

چونکہ تم نے بتاریخ   ماہ   سنہ   بابت قرضہ ذیل دیوان اور کفالت ہائے کی بابت ازروی قانون صداقت نامہ وراثت مصدرہ سنہ   ایک صداقت نامہ کے لیے درخواست کی تھی۔

دیوان				
نشان سلسلہ	نمبر دیوانی نام	رقم اصل و سود جو واجب الادا ہو		دستاویز کی تفصیل اور تاریخ اگر کوئی ہو جس کی بنا پر قرضہ محفوظ ہو
۱	۲	۳		۴

پچھلی صفحہ

وہ عدالت ضلع ہی۔

(۴) عدالت ضلع کسی کارروائی کو جو بموجب قانون ہذا کسی کم درجہ کے عدالت میں ہو رہی ہو منتقل کر سکتی ہے۔ اور اوسکو اختیار ہے کہ خواہ اوس کارروائی کی خود تجویز کرے یا کسی ایسی عدالت کو جو اوس عدالت ضلع کے حدود اراضی کے اندر اختیار سماعت رکھتی ہو تجویز کے لئے تفویض کر دے۔

دفعہ ۶۳ (۱) جب کوئی صداقت نامہ حسب قانون ہذا کسی وجہ پر ساقط الاثر یا ناجائز ہو گیا ہو تو دارندہ صداقت نامہ پر لازم ہو گا کہ حسب الطلب اوس عدالت کے جس نے صداقت نامہ عطا کیا ہو اوسکو عدالت مذکور کے حوالہ کر دے

باطل یا غیر مؤثر شدہ صداقت نامہ کا حوالہ کرنا۔

(۲) اگر وہ عمداً اور بلا وجہ معقول کے اوسکا اسطرح پر حوالہ کرنا ترک کرے تو وہ مستوجب جرمانہ کا جو ایک ہزار روپیہ تک ہو سکتا ہے یا قید محض کا جو تین ماہ تک ہو سکتی ہے۔ یا دونوں کا ہو گا۔

ضمیمہ اول

دیکھو دفعہ (۲)

فہرست قواعد گذشتنیات و احکام منسوخ شدہ از روی قانون صداقت نامہ وراثت

گذشتنیات وغیرہ	نشان و تاریخ لیقید سنہ	کسقدر منسوخ ہوا۔
۱	۲	۳
۱۔ علم الرالمہام	سنہ ۱۹۰ واقع ماہ صفر سنہ ۱۲۹۵ھ	کل
۲۔ گشتی ہائیں بابت عدالت	نشان دیوانی ۲۸ مورخہ ۱۰ ماہ شعبان سنہ ۱۲۹۶ف	دیگا

بہ عدالت .... مستاجر .... ضلع ....

صوبہ ....

زید ولد خالد کی درخواست پر جو میرے روبرو تاریخ .... ماہ .... سنہ ۱۹۳ ..... کو پیش ہوئی بذریعہ اوس سرٹیفکیٹ کے اوس صداقت نامہ کو مفصلہ ذیل دیون اور کفالت ناموں پر وسعت دیتا ہوں۔ یعنی

دیون

نمبر مسلسل	دیون کی مقدار	[illegible]	دستاویز کی تفصیل اور تاریخ (اگر کوئی ہو) جس کی بنا پر قرضہ محفوظ ہو
۱	۲	۳	۴

میزان صفحہ

کفالت نامجات

نشان مسلسل	تفصیل: کفالت نامہ کے شناخت کا نمبر یا حروف	تفصیل: کفالت نامہ کا نام یا عنوان یا نوعیت	تفصیل: کفالت کی مقدار یا اسکی مالیت مندرجہ	بہ تاریخ درخواست حصول صداقت نامہ کفالت نامہ کی قیمت بازار
۱	۲	۳	۴	۵

میزان صفحہ

یہ صداقت نامہ حسب مضامین متذکرہ بالا ہم کو دیا جاتا ہے اور بذریعہ ہذا ہمکو ان قرضوں کے وصول کرنیکا اور ان کفالت ناموں کے سود یا منافع کے رسیدی حصص کے لینے کا یا ان کفالت ناموں کے خرید و فروخت کرنے یا منتقل کرنیکا اختیار دیا جاتا ہے جسپر نشان ثبت ہوا

دستخط ناظم ضلع

مورخہ ۔۔۔ ماہ ۔۔۔ سنہ فصلی

ہدایت مجلس عالیہ نمبر ۱۸ مورخہ ... ۱۲۸۸ استفسار ...

تشریح مجلس نے بطریق ابتدائی یہ استفسار کیا کہ درخواست
سارٹیفکٹ ولایت و وراثت کس عدالت میں ہوگی۔
جواب دیا گیا۔ کہ نسبت امور وراثت و ولایت اہل اسلام کے
کارروائی دارالقضا سے متعلق رکھنا چاہیئے۔

ہدایت مجلس عالیہ عدالت نمبر ۵ مورخہ ۱۲ امرداد سنہ ۱۲۹۸ ف

تشریح (۱) صدر عدالت صوبہ جنوبی سے بہ تحریک عدالت ضلع
رائچور استفسار کیا ہوا کہ مقدمات استحقاق ثبوت وراثت حصص ریلوے
میں محکمہ مال سے طالب ہونے چاہیں - یا بجانب سرکار - پایا گیا
جواب دیا گیا - کہ مقدمات حصول وراثت اگرچہ متعلق بہ حصص
ریلوے کمپنی یا حقدار نا بالغ وہ اس قسم کے نہیں ہیں - جنمیں سرکار کے
طرف سے پیروی کی ضرورت ہو - ہر طرح مقدمات وراثت کے دائر
اور منفصل ہوتے ہیں - اسی طرح یہ مقدمات ریلوے بھی منفصل ہونگے۔

ہدایت مجلس عالیہ عدالت نمبر ۵ مورخہ ۲۲ شہریور ۱۲۹۸ ف

تشریح (۲) نظامت صوبہ شمالی نے استفسار کیا کہ درخواست
سارٹیفکٹ واسطے حصول منافع ریلوے جو عدالت میں پیش ہوتی ہے
اسمیں فریق ثانی کسکو بنانا چاہیئے۔
جواب دیا گیا۔ کہ جو درخواستیں حصول سارٹیفکٹ وراثت کے
واسطے وصول منافع حصص ریلوے کے پیش ہوں اونمیں سرکار کا فریق
بنانا ضرور نہیں ہے - بعد پیش ہونے درخواست کے ایک اشتہار عام
طور پر حسب مناسب جاری ہوگا - اس مضمون سے کہ جس شخص کو نسبت
وراثت درخواست دہندہ کے عذر ہو میعاد مذکور کے اندر پیش کرے
ورنہ اوسکو حسب درخواست سارٹیفکٹ دیا جائے گا جب سرکار
یا دوسرا کوئی شخص اس درخواست پر اعتراض کرے اوسوقت وہ فریق مقدمہ
بنایا جائے گا اور اوس کے مقابلہ میں مقدمہ کا فیصلہ ہوگا اور اگر کار
سرکار متعلق ہوگی تو وہ وکیل یا پیروکار کا خود بندوبست فرمائے گی۔

تشریح (۳) صدر عدالت صوبہ غربی نے استفسار کیا کہ اگر کوئی
شخص [illegible] ادعا کرے اور اوس کے عدالت بغرض حصول قبضہ سررشتہ مال

کفالت نامہ جات

نشان سلسل	تفصیل			تاریخ درخواست توسیع صداقت نامہ کہ کفالت نامہ کی مقدار اندازہ
	کفالت نامہ کی شناخت کا نمبر یا حرف	کفالت کا نام یا عنوان یا نوعیت	کفالت کی مقدار یا اوسکی مالیت مندرجہ	
۱	۲	۳	۴	۵

میزان صفحہ

بہ توسیع زید ولد خالد کو اُن دیون کے وصول کرنیکا اور اُن کفالت ناموں کی سود یا منافع کے رسدی حصص کے لینے کا یا اُن کفالت ناموں کے خرید و فروخت یا منتقل کرنیکا اختیار دینے کے بیئر نشان ثبت ہے

مورخہ ماہ سنہ ۱۳ ف

دستخط

ناظم دیوانی

تشریح: صدر عدالت صوبہ غربی نے استفسار کیا کہ اگر کوئی سٹاکیدار مر جاوے اور اوس کے وارث بنظر حصول تبعضہ سررشتہ عدالت سے درخواست سارٹیفکیٹ وراثت متوفی کی کریں تو ایسا سارٹیفکیٹ عدالت سے دیا جاسکے گا یا نہیں

جواب دیا گیا۔ کہ صرف واسطے وصول قرضہ متوفی کے سرٹیفکیٹ بغرض اثبات حقیقت وراثت اوس کے واسطے ضابطہ نالش باضابطہ ہونا چاہیے۔ پس اگر سارٹیفکیٹ وراثت بنظر حصول تبعضہ ہو تو عدالت دیوانی میں درخواست کرنی چاہیے۔

تفصیلی: سارٹیفکیٹ وراثت کی درخواست پر اشتہار دیا گیا اور کوئی حاضر نہیں ہوا اور تنقیح جو گواہ پیش ہوئے اون میں سے ایک کا یہ بیان ہے کہ فلاں شخص مدعیہ کے شوہر کے نانا کی اولاد میں سے ہے ایک گواہ کے نام نہ لانے پر بھی زیادہ احتیاط منظور تھی تو اوس کو اطلاع دیگر کارروائی کیجاتی ورنہ بعد انقضائے سال اشتہار پر مدعیہ کو کامل وارث قرار دینا چاہیے تھا۔ پس تجویز ہوا کہ میعاد مناسب کا ایک اشتہار مدعیہ کے شوہر کے خالہ کے نواسے کے نام جاری کرکے مقدمہ کی از سر نو تجویز کیجائے (۱)

مجلس عالیہ کے اقتدارات و اختیارات

دستور العمل کی غرض

دفعہ ۶۵۔ چونکہ مدار المہام اور صدر المہام کے دفتر شامل کردیے گئے ہیں اور مناسب سمجھا گیا ہے کہ ان تمام محکمہ جات عدالتی کی نگرانی جو کہ مجلس عالیہ عدالت کے ماتحت ہیں خود مجلس عالیہ عدالت کافی اختیارات کے ذریعہ سے عمل میں لاوے پس سے درحقیقت عدالت کے کاموں کا اجرا متعلق ہے لہذا ضرور ہے کہ مجلس کے اقتدارات موجودہ میں اسقدر وسعت دیجائے جس سے وہ اپنے ذمہ کے کام کو عمدگی کے ساتھ انجام دے سکے اور اوس کے ساتھ ہی اور جن جن امور متعلقہ کارروائی مجلس میں اصلاح و ترمیم کی ضرورت ہے ان میں مناسب اصلاح اور ترمیم عمل میں آسکے۔

اگرچہ ابتداء میں مقدمات متعلقہ عدالت بیرون بلدہ کے متعلق سماعت مرافعہ کا اختیار خود نواب مدار المہام سرکار عالی سے تھا جیسا کہ اوپر بیان ہو چکا۔ لیکن جب مجلس عالیہ عدالت کا باضابطہ قیام ہوا تو دوسری عدالتوں کی طرح یہ عدالت بھی بلحاظ مرافعہ عدالت انتظامی مجلس عالیہ عدالت کے ماتحت کی گئی۔ ۱۲۹۳ ہجری میں بعہد وزارت نواب سرسالار جنگ ثانی ایک جنرل انتظامی کمیٹی متعلقہ سررشتہ جات کی حالت پر غور کرنے اور انکی اصلاح کی نسبت رائے دینے کیلئے مقرر ہوئی اور ایک سب کمیٹی بہ صدارت نواب معین المہام علاقہ عدالت سررشتہ عدالت کی غور کرنے کیلئے مقرر کی گئی۔ سب کمیٹی مذکورہ کے جلسہ دوم منعقدہ ۱۸ ذالحجہ ۱۲۹۳ھ میں حسب ذیل تجویز پیش ہوا۔

"مولوی مہدی حسن صاحب نے تحریک کی کہ عدالت بیرون بلدہ برخاست کیجائے"
جناب معین المہام بہادر عدالت اور میر مجلس اور نواب افتخار جنگ بہادر نے اس رائے سے اتفاق کیا۔ اور باختلاف رائے خان بہادر مولوی محمد صدیق صاحب بہ تغلیب آراء یہ امر طے ہوا کہ اسباب میں سب کمیٹی کی رائے سے سرکار کو اطلاع دیجائے"

لیکن اوسوقت تک چونکہ سررشتہ عدالت میں کثرت سے انگریزی داں حکام موجود نہ تھے اور نہ قوانین انگریزی کی عام طور پر اشاعت ہوئی تھی۔ اسلئے اس تجویز کا نفاذ ملتوی رکھا گیا لیکن چونکہ تجربہ سے ثابت ہوا تھا کہ باوجود اوس توسیع کے جو عدالت بیرون بلدہ کے اقتدارات میں ۱۲۹۴ھ میں ہوئی تھی کام کم تھا۔ اسلئے محلہ بیگم بازار تا بکنار رود موسی بھی عدالت مذکور کے حدود اختیار میں شامل کیا گیا۔ اور یہ بھی قرار دیا گیا کہ عدالت مذکور کے فیصلہ جات دعاوی زر نقد و جائداد منقولہ پچاس روپیہ تک قطعی ہونگے اور ناظم عدالت مقدمات مالیتی پانسو میں اختیارات عدالت مطالبہ خفیفہ کے عمل میں لانے کے مجاز ہونگے۔ اب تھوڑے عرصہ بعد مقدمات خلاف ورزی پابندی لائن صفائی چادر گھاٹ کی سماعت و انفصال کا اختیار بھی عدالت بیرون بلدہ کو دیا گیا۔ نقشہ منسلکہ کے ملاحظہ سے ظاہر ہوگا کہ گذشتہ پانچسال میں بحیثیت مجموعی عدالت بیرون بلدہ نے بہ نفاذ اقتدار معمولی (۲۶۰۰) مقدمات کا تصفیہ کیا جنمیں (۲۴۵۰) مقدمات کی مالیت پانچہزار تک تھی اور ایکسو پچاس مقدمات کی پانچہزار سے زیادہ اور اسی اثنا میں بہ نفاذ اقتدارات غیر معمولی کل

منتقل کر دیا جائے تو فریق مذکور مجاز ہوگا کہ اوس حاکم عدالت کے سامنے عرضی پیش کرے جس کے سامنے مقدمہ مذکور دائر ہو اور عرضی مذکور میں تمام حالات مقدمہ موجوہ انتقال درج کرنے اور حاکم مذکور اوسکو اپنی رائے کے ساتھ مجلس عالیہ عدالت میں بھیجے گا اور مجلس عالیہ عدالت کو اختیار ہوگا کہ خواہ مقدمہ کو اپنے سررشتہ ابتدائی میں منتقل کر دے یا جو حکم مناسب معلوم ہو صادر کرے۔

۶۔ مقدمات متعلقہ خلاف ورزی بائی لاز صفائی چادرگھاٹ جنکی سماعت و تجویز کا اقتدار عدالت بیرون بلدہ کو تھا۔ آیندہ سے عدالت فوجداری بلدہ میں مسموع و فیصل ہونگے۔

(۷) حسب دفعہ ۵۰۔ قواعد متعلقہ محاصل صفائی جو اقتدار سماعت مرافعہ کا درباب تشخیص قیمت قابل ادائی ٹیکس و ٹیکس ہائے صفائی چادرگھاٹ کے متعلق ناظم عدالت بیرون بلدہ کو دیا گیا تھا وہ آیندہ سے ناظم اول عدالت دیوانی بلدہ عمل میں لائینگے۔

(۸) حسب دفعہ ۶۲۔ قواعد متعلقہ محاصل صفائی جو اقتدارات نسبت سماعت و انفصال مقدمات متعلقہ خلاف ورزی قواعد مذکور ناظم عدالت بیرون بلدہ کو صفائی چادرگھاٹ کے متعلق دیگئی تھی وہ آیندہ سے ناظم اول یا ناظم دوم عدالت فوجداری بلدہ عمل میں لائینگے

(۹) عدالت بیرون بلدہ کا تمام دفتر متعلقہ مقدمات دیوانی [illegible] و سماعت مرافعہ حسب دفعہ ۵۰ قواعد متعلقہ محاصل صفائی عدالت دیوانی بلدہ کا اور تمام دفتر متعلقہ مقدمات زاید دار یا گنہگار دائرہ [illegible] یورپین اور اولاد یورپین پیدا شدہ اقلیم ہندوستان و شہر یان مسیح الملت حسب تشریح مندرجہ دفعہ ۴۸ مجلس عالیہ عدالت کا اور تمام دفتر متعلقہ مقدمات خلاف ورزی بائی لاز صفائی و قواعد متعلقہ محاصل صفائی چادرگھاٹ عدالت فوجداری بلدہ کا دفتر متصور ہوگا اور عدالتہائے مذکور اسپر بہ لحاظ اقتدار کے اندر مقدمات داخلہ زیر تجویز کی تکمیل اور انفصال کی بابندی کے ضابطہ مجاز ہونگے۔

واضح ہو کہ اس دفعہ کے بموجب ناظم اول عدالت دیوانی بلدہ مددگار عدالت بیرون بلدہ کے فیصلوں کی ناراضی سے سماعت و انفصال مرافعہ کے اسیطرح مجاز ہونگے جسطرح کہ عدالت بیرون بلدہ متذکرہ صدر کے ناظم تھے۔

مدظلہ العالی سے عدالت بیرون بلدہ کی برخواستگی کے بارے مین حکم قضا شیم صادر ہوا پس نواب مدار المہام سرکار عالی بعد غور کامل بمشورۂ مجلس عالیہ عدالت حسب ذیل حکم صادر فرماتے ہین ۔

حکم

(۱) ۵ اسفندارمذی ہشتبان ۱۳۰۵ ف سے عدالت بیرون بلدہ برخواست کیجاے تاریخ مذکور اور اسکے بعد سے ۔

(۲) حدود اقتداری عدالت بیرون بلدہ بصیغۂ معمولی عدالت دیوانی بلدہ کے حدود اقتداری کا جزو متصور ہونگے اور حدود متذکرۂ صدر کے اندر عدالت آخر الذکر ہر قسم کے مقدمات کی متعلق پانچہزار کی مالیت تک سماعت و انفصال کی مجاز ہوگی ۔

(۳) بتوسیع حدود اقتداری سررشتہ ابتدائی مجلس عالیہ عدالت کو اندرون حدود اقتداری عدالت بیرون بلدہ ہر قسم کے مقدمات دیوانی زائد از پنجہزار کی سماعت و انفصال کا اختیار دیا جاتا ہے ۔

(۴) تمام اشخاص یورپ زاد و اولاد یورپ زاد یورپین یا مقیم ہندوستان و ہندیان مسیحی الملت کے متعلق خواہ وہ ممالک محروسہ سرکار عالی کے کسی مقام مین سکونت پذیر ہون بشرطیکہ فریقین نکاح مین سے ایک یا دونون فریق مسیح الملت ہون اور تمام مقدمات تقسیم میراث بلاوصیتی و وصیتی و تصدیق وصیت ناموں و عطائے تولیت نامجات املاک و دیون و تقرر اوصیا و محافظان واسطے نابالغون اور اون کی املاک کے اور حکم مناسب واسطے محافظت اور انتظام ایسی جائداد کے جسکے مالک مفقود الخبر ہون ایسے تمام مقدمات کی سماعت و تجویز کا اختیار سررشتہ ابتدائی مجلس عالیہ عدالت کو دیا جاتا ہے ۔ لیکن شرط یہہ ہے کہ ایسے تمام مقدمات کا تصفیہ بموجب اون قوانین کے جو علاقہ سرکار عظمت مدار مین ایسی صورتون مین نافذ العمل یا متعلق سمجھے جاتے ہین یا اون کے قوانین کے جو آیندہ مجلس واضع القوانین سے اس بارہ مین نافذ ہون عمل مین آئے گا ۔

(۵) جن مقدمات مین کہ اشخاص یورپ زاد یا اولاد یورپ زاد یورپین یا مقیم ہندوستان یا ہندیان مسیح الملت سوائے سررشتہ ابتدائی مجلس عالیہ عدالت کسی اور عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی مین مشغول ہون تو اگر کوئی فریق خواہش کریگا کہ مقدمہ سررشتہ ابتدائی مجلس عالیہ عدالت مین

منصف کے اقتدارات

دفعہ ۱۳۹ مقدمات قابل سماعت منصف۔

تمام مقدمات ابتدائی دیوانی جنکی مالیت پانسو روپیہ تک ہو۔

تشریح ۔ صدر عدالت جنوبی نے بتحریک منصف بلجاپور استدراک کیا کہ مقدمات مالیتی زائد از پانسو روپیہ جو بغرض تعمیل عدالت ضلع سے محکمہ جات منصفی میں آتے ہیں ان میں محکمہ منصفی کو کارروائی اجرائی کی اختیاری ہو سکتی ہے یا نہ۔

جواب دیا گیا ۔ کہ حسب رائے صدر عدالت صوبہ جنوبی محکمہ منصفی مقدمات اجرائی تعمیلی ومتعلقہ زائد از پانسو روپیہ بھی ہیں ۔ جسطرح عدالت ضلع مجاز سماعت مقدمات زائد از پانسو روپیہ ہے اسیطرح عدالت ضلع ایسکی تعمیل اور اجراء کی بھی مقتدر ہے۔

منصف کے فیصلہ اور احکام کا مرافعہ

دفعہ ۱۴۰ منصف کے تمام فیصلہ جات اور احکام جنکا مرافعہ ہو سکتا ہو ناظم عدالت ضلع کو اختیارات خاص سماعت مرافعہ کے ملے ہوں تو ایسی حالت میں ان منصف ضلع کے فیصلہ جات وغیرہ کا مرافعہ اسی ضلع کے ناظم عدالت کے اجلاس میں ہوگا۔

احکام عام

محکمہ جات مذکور کے فیصلہ بجز مرافعہ یا تجویز ثانی ضابطہ کے اور طور پر منسوخ یا ترمیم نہ ہونگے۔

دفعہ ۱۴۱ محکمہ جات مذکور کے جو فیصلہ جات اور احکام صادر ہوں بجز اس کے کہ مرافعہ کے ذریعہ سے انکی تنسیخ یا ترمیم عمل میں آئے یا خود محکمہ جات مجوزہ اپنے فیصلوں اور احکام کی تجویز ثانی منظور کی ہو اور کسیطرح منسوخ اور ترمیم نہ ہو سکیں گے۔

فیصلہ کی تعمیل

دفعہ ۱۴۲ ہر ایک فیصلہ ابتدائی یا مرافعہ کی تعمیل اسی عدالت سے ہوگی جس نے ابتداءً اس مقدمہ کو فیصل کیا ہو۔

ہر عدالت میں چپراسی

دفعہ ۱۴۳ ہر ایک عدالت میں ایک مہر ہوگا اور اس عدالت کے ہر ایک چپراسی کے پاس ایک چپراس اس نمونہ کی ہوگی جسکو محکمہ عالیہ نے منظور کیا ہو۔

خاص اختیارات

ناظم بااختیار رہ سکتا ہے۔

دفعہ ۱۴۴ مدار المہام سرکار عالی کے خاص منظوری کے بعد کسی ناظم عدالت ضلع کو منصف کے اختیارات حاصل ہو سکیں گے۔

عدالتہای دیوانی سمت غربی کے اختیارات و اقتدارات

اقتدار دیوانی کا سلب ہو جانا

دفعہ ۱۲۳ چونکہ بنظر اسلوبی انتظام کے مقدمات دیوانی کے سپرد جداگانہ عہدہ داروں کا مقرر کرنا مناسب معلوم ہوتا ہے۔ اس لیے جس تعلقہ یا ضلع یا صوبہ میں مدارالمہام سرکار عالی کی تجویز سے یہ انتظام جاری ہو اوس تعلقہ یا ضلع یا صوبہ میں عہدہ داران مال کے وہ اختیارات جو بہ نسبت تجویز مقدمات دیوانی کے باقی نہیں رہینگے۔ اور ان عہدہ داروں سے متعلق ہو جائینگے جو مقدمات دیوانی کے سپرد مقرر ہوں۔

ناظم صوبہ پر … ناظم ضلع … موجودہ … اقتدار …

عہدہ داروں کے لقب اور حسب اقتدار سماعت

دفعہ ۱۲۴ عہدہ داران مذکورہ بالا تین لقبوں سے ملقب ہونگے

(ا) ناظم عدالت صوبہ۔

(ب) ناظم عدالت دیوانی ضلع

(ج) منصف اور ان کے اقتدارات حسب ذیل مقرر کیے جاتے ہیں۔

ناظم عدالت صوبہ کے اقتدارات

دفعہ ۱۲۵ مقدمات قابل سماعت ناظم عدالت صوبہ۔

(۱) تمام مقدمات ابتدائی صیغہ دیوانی جنکی مقدار مالیت … سے زیادہ ہو۔ (۱)

(۲) تمام مقدمات مرافعہ بنا راضی فیصلہ جات احکام منصفان و ناظمان عدالت دیوانی اضلاع۔

ناظم صوبہ کے فیصلہ کا مرافعہ جائز ہوگا۔ مگر جائداد منقولہ کے مقدمات میں پانسو تک فیصلہ قطعی ہوگا۔

دفعہ ۱۲۶ ناظم عدالت صوبہ کے تمام فیصلہ جات و احکام جنکا مرافعہ جائز ہو مجلس عالیہ عدالت میں قابل مرافعہ ہونگے بجز مقدمات ذیل کے۔

(الف) وہ مقدمات صیغہ دیوانی جنکو ناظم موصوف نے بصیغہ مرافعہ فیصل کیا ہو۔ اور جو جائداد منقولہ کی بابت ہوں۔

ناظم عدالت ضلع کے اختیارات

دفعہ ۱۲۷ مقدمات قابل سماعت ناظم عدالت ضلع۔

(۱) تمام مقدمات ابتدائی جنکی مقدار مالیت پانسو سے زیادہ یا پانچ ہزار تک ہو۔

(۲) وہ مقدمات مرافعہ جنکی بابت اختیارات خاص … ہوں۔

ناظم ضلع کا مرافعہ ناظم صوبہ کے محکمہ میں ہوگا۔

دفعہ ۱۲۸ ناظم عدالت ضلع کے تمام فیصلہ جات و احکام جنکا مرافعہ جائز ہو ناظم عدالت صوبہ کے محکمہ میں قابل مرافعہ ہونگے۔

(۱) ناظم صوبہ و ضلع و منصف کو اقتدارات میں مالیت دعوی کی تخصیص ہے اور یہ مقدمات کا … نہیں … دعوی مالیت … جو سکتا ہے … اقتدار … ایسے ہی مقدمات … دعوی مالیت … ہو سکتا ہو اور … مرافعہ …

اگر بحالت معذوری اوسے نہیں لکھا سکتے ہیں۔

اپنے ہاتھ سے نہ لکھ سکیں تو لازم ہے کہ اپنے مواجہہ و نگرانی میں ان اظہارات کو قلمبند کرائے۔ اور عین اظہار کے قلمبند ہوتے وقت ہر ایک اظہار کا خلاصہ اپنے ہاتھ سے لکھیں جو شامل مثل ہوگا اور جس پر معذوری کی وہ وجوہ بھی لکھنے ہونگے جنکی وجہ سے وہ عہدہ دار خود اظہار لکھنے سے قاصر رہا ہو۔

نسبت عملہ

ناظم کو تقرر و انتخاب عملہ کا اختیار

دفعہ ۱۵۲ ناظم عدالت صوبہ کو اپنے محکمہ کے تمام عمال اور ملازمین کے تقرر کا باستثنائے سررشتہ دار و ناظر و محافظ دفتر اختیار حاصل ہوگا۔ ان تینوں عہدہ داروں کا انتخاب ناظم عدالت صوبہ اور تقرر مجلس عالیہ عدالت سے ہوا کریگا۔ (۱)

عملہ کے موقوف و معطل و تنزل کرنیکا اختیار

دفعہ ۱۵۳ ناظم عدالت صوبہ کو اختیار ہوگا کہ اپنے محکمہ کے تمام عمال یا ملازمین کو موقوف یا معطل کرے۔ یا اونکا درجہ گھٹا دے۔ یا اونپر جرمانہ کرے جسکی مقدار ایک مہینہ میں ایک ربع تنخواہ سے زیادہ نہ ہو۔

ماتحت عملہ کی بد اعمالی کی تحقیقات و سزا دہی کا اختیار

دفعہ ۱۵۴ ناظم عدالت صوبہ کو اختیار ہے کہ محکمہ جات ماتحت کے کسی عملہ یا ملازم کی بد اعمالی یا غفلت کی نسبت تحقیقات و رپورٹ کرے۔ یا تجویز آخر عمل میں لانیکا حکم دے۔ اور اس کیفیت کے آنے پر اوسکو بری کرے۔ یا اون سزاؤں میں سے کوئی سزا دے جو وہ اپنے عملہ کو دے سکتا ہے۔

محکمہ ماتحت کے عملہ کے تبدیلی کا اختیار

دفعہ ۱۵۵ ناظم عدالت صوبہ کو اختیار ہے کہ محکمہ جات ماتحت کے کسی عملہ کو ایک محکمہ سے دوسرے محکمہ میں تبدیل کرے۔

عملہ پر بغیر اجازت ناظم صوبہ و مجلس عالیہ کے فوجداری مقدمہ قائم نہ ہوگا۔

دفعہ ۱۵۶ کسی عملہ یا ملازم پر کسی ایسی کارروائی کی بابت جو اوس نے اپنے عہدہ کے کام میں کی ہو فوجداری میں کوئی مقدمہ قائم نہو سکیگا جب تک کہ اوسکی اجازت ناظم عدالت صوبہ سے حاصل نہ کر لی ہو۔ اور اگر اوس عملہ کی تنخواہ ۵۰ سے زیادہ ہو تو جب تک مجلس عالیہ عدالت نے ایسی اجازت نہ دی ہو۔

ناظم ضلع سوائے سررشتہ دار کے اور ملازموں کو مقرر و موقوف کر سکتا ہے۔

دفعہ ۱۵۷ ناظم عدالت ضلع کو باستثنائے سررشتہ دار کے اور باقی تمام اپنے محکمہ کے ملازمین کے تقرر و موقوفی کا اختیار رہیگا۔

منصفوں کا اختیار تقرر و موقوفی ملازمین

دفعہ ۱۵۸ منصفوں کو باستثنائے سررشتہ دار کے جنکا انتخاب وہ کرینگے اور تقرر ناظم عدالت ضلع کی منظوری سے ہوا کریگا۔ باقی سب عمال و ملازمین کا تقرر و موقوفی اونھیں سے متعلق ہے۔

(۱) اس دفعہ کا جزو اخیر بذریعہ حکم [illegible] سرکار عالی منعقدہ [illegible] منسوخ ہوا۔

سماعت مرافعہ کا خاص اختیار — **دفعہ ۱۴۵** مدار المہام سرکار عالی کو اختیار ہے کہ کسی ناظم عدالت ضلع کو ایسے فیصلہ جات منصفان کے مرافعے سننے کا اختیار دیں جو اون نالشہائے جائداد منقولہ کے مقدمات میں صادر کئے گئے ہوں۔ جنکی مقدار شئے متدعویہ عہ [illegible] سے زائد نہ ہو۔

فیصلہ کی قطعیت — **دفعہ ۱۴۶** ایسے اختیارات کے نفاذ میں جب کوئی فیصلہ عدالت ناظم ضلع نے کیا ہو تو اگر اوسکی رائے عدالت ماتحت کے فیصلہ سے متفق ہو تو وہ فیصلہ قطعی ہوگا۔ اور اختلاف کی صورت میں اوسکا مرافعہ ناظم عدالت صوبہ کے اجلاس میں ہوسکیگا اور جب کہ کوئی بحث قانونی ہو تب بھی اوسکا مرافعہ اوس بحث کی بابتہ ناظم عدالت صوبہ کے یہاں ہوسکیگا۔

منصف کو اختیار سماعت ایکہزار تک سکتا ہے — **دفعہ ۱۴۷** مدار المہام سرکار عالی کو اختیار ہے کہ کسی خاص منصف کو اختیارات سماعت اُن مقدمات میں عنایت فرماتے جنکی تعداد المبیت ایکہزار روپیہ تک ہو۔

ناظم صوبہ و ناظم ضلع و منصف کے اختیارات حدود ارضی — **دفعہ ۱۴۸** ناظم عدالت صوبہ کے اقتدار سماعت و اختیارات کے حدود ارضی اوس صوبہ کے ناظم کے حدود علاقہ پر اور ناظم عدالت ضلع کے [illegible] ضلع کے حدود علاقہ پر اور منصف کے [illegible] کے حدود علاقہ پر [illegible] ہونگے اور یہ حدود [illegible] مدار المہام سرکار عالی کے حکم سے تبدیل ہوسکینگے۔

مولوی محمد نور الدین منصف گنگاپور کے اختیارات — **دفعہ ۱۴۹** بلحاظ سفارش مجلس عالیہ عدالت مولوی محمد نور الدین منصف گنگاپور کو حسب فقرہ (۱۵) دستور العمل ناظم صوبہ و ناظم ضلع و منصفان صوبہ [illegible] ربیع الثانی سنہ [illegible] ایکہزار تک کے مالیت کے مقدمات کی سماعت کا اختیار خاص دیا گیا ہے۔

ناظم صوبہ و ضلع کا مقام مستقر — **دفعہ ۱۵۰** مستقر ہر ایک ناظم عدالت صوبہ و ناظم عدالت ضلع کا وہی ہوگا جو اوس صوبہ و ضلع کا ہے جس کے حدود علاقہ پر ان عہدہ داروں کے اقتدارات حسب مذکورہ بالا حاوی ہیں۔ بشرطیکہ مدار المہام سرکار عالی سے کوئی تبدیلی وقوع میں نہ آئے۔

ناظمان اور منصفوں کو خود اظہارات لکھنے چاہئیں — **دفعہ ۱۵۱** ناظم عدالت صوبہ و اضلاع و منصفان کو لازم ہوگا کہ تمام فیصلہ جات و اظہارات اپنے ہاتھ سے لکھیں اگر کسی وجہ سے وہ اظہارات

[illegible] الفاظ [illegible] قائم کئے گئے حکم مدار المہام [illegible] ربیع الثانی [illegible] [illegible]

محکمہ کی رقوم دستگردان وغیرہ سے تفرد کی نسبت جمع ہونے کی تاریخ سے دو سال کے اندر واپسی کا حکم دیں اور اس سے زیادہ عرصہ کی رقوم کے واپسی کے لئے مجلس عالیہ عدالت کی منظوری حاصل کرنی ہوگی۔

ترمیم دفعہ ۲۳ دستور العمل ناظمان صوبہ مجریہ ۱۳۲۱ھ

دفعہ ۱۹۶ چونکہ دفعہ ۲۳ دستور العمل ناظمان عدالت صوبہ مجریہ ۲۲ ربیع الثانی ۱۳۲۱ھ مندرجہ ضمیمہ ثانی جریدہ ۱۵ عالیہ [illegible] ۱۶ فروری ۱۳۲۹ف کی توضیح ضروری تھی اس لئے منظوری عالیجناب نواب مدارالمہام سرکار عالی حاصل ارزو سے مراسلہ دفتر معتمدی عدالت سرکار نمبر ۱۴۴۹ مورخہ ۹ آبان ماہ الٰہی ۱۳۳۰ف بذریعہ گشتی ہذا واسطے اطلاع تمامی عدالتوں کے لکھا جاتا ہے کہ دفعہ ۲۳ دستور العمل مذکور آئندہ بعبارت ذیل قایم کیگئی ہے۔

دفعہ ۲۳ ناظم عدالت صوبہ دورہ کی صورت میں اپنے محکمہ کا بجٹ منظور کرینگے نیز اور نیز بجٹ دورہ ناظمان دیوانی ضلع و منصفین کے بجٹ منظور کرینگے مگر جس مد میں بجٹ منظورہ سے زیادہ خرچ ہو اس کی منظوری کے لئے ان کو مجلس عالیہ عدالت میں تحریک کرنا ضرور ہوگا۔

ناظم صوبہ کا بجٹ بپابندی قواعد متعلقہ بجٹ جیسے ہو رہا ہے ویسا ہی ہوگا۔ ملاحظہ ہو گشتی نشان (۲) ۱۳۲۱ف صیغہ فینانس۔

ناظم صوبہ کا مرمت کی براورد بھیجنے کا اختیار

دفعہ ۱۹۷ ناظم عدالت صوبہ اپنے محکمہ کے سالانہ مرمتوں کا ضروری ترمیمات کے واسطے گو وہ کسی مقدار کی ہوں براورد مرتب کر کے مجلس عالیہ عدالت کے منظوری کے لئے بھیجے گا۔

ناظم ضلع و منصفان کو بھی اپنے کچہری کے مرمت کرنے اور براورد مرمت بھیجنے کا اختیار رہے گا

دفعہ ۱۹۸ ہر ایک ناظم عدالت ضلع و منصف اپنے کچہری یا مکانات کے مکانات کی مرمت و ترمیم کے لئے براورد مرتب کر کے ناظم عدالت صوبہ کے پاس بھیجے گا اور ناظم کو اختیار رہے گا کہ ہر ایک مالی سال میں ایک ضلع کے [illegible] ایک ضلع بشرطیکہ کوئی براورد ان میں سے [illegible] زیادہ نہ ہو اپنے اختیار سے منظور کرے اور اگر مجموعی رقم ایک سال کے اندر [illegible] یا کوئی براورد ان میں سے دو سو روپیہ سے زیادہ ہو تو اس کی منظوری کے لئے مجلس عالیہ عدالت میں تحریک کیجائے گی۔

رقم ہوائی تقرر و دیگر اخراجات کے ادا کرنے کا طریقہ

دفعہ ۱۹۹ ناظم عدالت صوبہ کو ضرورت [illegible] کی [illegible]

منصفوں کا اپنے عملہ ماتحت پر جرمانہ کرنیکا اختیار

دفعہ ۱۵۹ — چونکہ منصفین تعلقات صوبہ غربی کو اون کے عمال ماتحت کی نسبت کسی قسم کے جرمانہ کرنیکا تذکرہ صاف طور پر دستور العمل منصفان میں نہیں ہو سکتا نظر ان حالات کے جیسا کہ مددگاران اضلاع کو اپنے عملہ ماتحت پر جرمانہ کرنیکا اختیار دیا گیا ہے منصفین کو بھی عملہ ماتحت کی نسبت جرمانہ کرنیکا اختیار دینا بحق و بجا و درست ہوگا۔ بلحاظ اسکے کہ جب تک کسی قسم کا اقتدار عملہ کی نسبت ان کو حاصل نہ ہو عمال پر رعب منصفان اور اونکا رعب قائم نہ ہوگا لہذا قرین مناسب ہے کہ آئندہ منصفین بھی اپنے عملہ ماتحت کی نسبت ایکماہ کی نصف تنخواہ تک جرمانہ کرنیکے مجاز و مقتدر سمجھے جائیں۔ اور شخص نارضی کو پابندی نام قواعد کے علی التسلسل مرافعہ و عرض حال کرنیکا اختیار ہوگا

تقرر ملازم جدید کی جدیدی کی وجوہ سے اطلاع کرنا

دفعہ ۱۶۰ — یہہ امر بھی ملحوظ رہے کہ جب کسی شخص جدید غیر ملازم سابق کی ملکی تقرری کی تجویز کو ضروری منظور ہو تو اوس کے وجوہ سے اطلاع دیکر مجلس کی منظوری حاصل کریں۔

رخصت

ناظم صوبہ و منصف کی رخصت اتفاقی کا اختیار اور اوس کے کام کا چند روزہ سپرد

دفعہ ۱۶۱ — ناظم صوبہ کو اختیار ہے کہ ناظم عدالت ضلع و منصف کی اتفاقی رخصت کو منظور کرے اور ایام رخصت میں اون کے کام کے لیے چند روزہ انتظام مناسب عمل میں لائے لیکن کسی ایسے عہدہ دار کو جس سے چند روزہ انتظام کسی عہدہ کا سپرد ہوا ہو دفتر کے معمولی کاروبار کے علاوہ مقدمات کی تجویز یا اظہارات کے لکہنے کا اختیار حاصل نہ ہوگا۔

دوسرے رخصتوں کی تحریک کرنا اور چند ضرورتوں میں عطا کرنا

دفعہ ۱۶۲ — ناظم عدالت صوبہ اور ناظم عدالت ضلع اور منصف کی تمام دیگر رخصتوں کے واسطے مجلس عالیہ عدالت میں تحریک کیجائیگی۔ اور کسی ضرورت شدیدہ کی حالت میں ناظم عدالت صوبہ کو اختیار ہوگا کہ وہ کسی عہدہ دار ماتحت کو قبل از منظوری رخصت کام چھوڑنے کی اجازت دے اور فوراً اطلاع مجلس عالیہ عدالت کو عطا کرے۔

ناظم صوبہ کی رخصت

دفعہ ۱۶۳ — ناظم صوبہ عدالت کی رخصت اتفاقی مجلس عالیہ عدالت سے منظور ہوگی۔

اہل عملہ کے رخصت کا اختیار

دفعہ ۱۶۴ — ناظمان عدالت ہای صوبہ و ضلع و منصفان اپنے اپنے محکمہ کے اون عمال و ملازموں کی رخصت کو منظور کر سکتے ہیں جن کی تقرری اون کے اختیار میں ہے۔ لیکن جس عملہ کی تقرری کا حکم مجلس عالیہ عدالت یا ناظم صوبہ سے صادر ہوگی۔ اوس عملہ کی رخصت خانگی یا بیماری کے لیے اونہی کی منظوری درکار ہوگی۔ اور اون کے باقی رخصتوں کو اور زمانہ رخصت میں متقرروں کے تقرر کو خود منظور کرلینگے۔

اختیارات منظوری رقوم

منظوری رقوم کا اختیار

دفعہ ۱۶۵ — ناظمان عدالت ہای صوبہ و اضلاع و منصف مجاز ہیں کہ اپنے اپنے

سالانہ ماتحت عدالتوں کا معائنہ کرنا۔	**دفعہ ۱۶۴** — ناظم عدالت صوبہ کو قرار دیا گیا کہ کم سے کم سال میں ایک دفعہ تمام محکمہ جات ماتحت کو موقع پر جا کے معائنہ کرے اور دیکھے کہ تمام قوانین و ضوابط مجریہ سرکار عالی اور ہدایات اور گشتیات مجلس عدالت کی تعمیل پوری پوری ہوتی ہے یا نہیں اور ایسے کی نسبت جو ہدایات مناسب ہوں وہ جاری کرے اور اپنی معائنہ کی رپورٹ اپنی رائے کے ساتھ مجلس عالیہ عدالت میں روانہ کرے۔
مجلس عالیہ سے مراسلت بتوسط ناظم صوبہ ہو گی	**دفعہ ۱۶۵** — تمام تحریرات اور کاغذات جو بحکم قانون یا بہ ہدایت عدالت محکمہ جات ماتحت سے طلب ہوں اور نیز تمام گوشوارہ جات جو محکمہ ہائے ماتحت مجلس عالیہ عدالت میں بھیجنا چاہئیں وہ بتوسط ناظم عدالت صوبہ کے ہوں گے۔

عدالتہائے اضلاع اور صدر عدالتوں کے اقتدارات سماعت و دیگر اختیارات

عدالت ضلع کے اقتدار سماعت مقدمات دیوانی	**دفعہ ۱۶۶** (۱) — کل مقدمات دیوانی دس روپیہ سے زیادہ مالیت کے جملہ مقدمات عدالتہائے اضلاع میں دائر ہوں گے جن میں سے پانچ ہزار تک کے مقدمات میں مددگاران عدالتہائے اضلاع اپنی تجویز سے بحکم خود فیصلہ کریں گے۔ اور پانچ ہزار سے زیادہ کے مقدمات مثل مرتب کر کے مع اپنی رائے کے آخری فیصلہ کے لئے معتمدان اضلاع کے سامنے پیش کریں گے اور معتمدان اضلاع ان میں آخری فیصلہ صادر کریں گے۔

منسوخ شدہ ... مددگاران عدالت ... دیوانی ... مددگار ... ۱۲۹۱ ... (حاشیہ، ناخوانا)

(۱) ایسے وہ مقدمات داخل ہیں جن کی تعیین بذریعہ مالیت نہیں ہو سکتی ہے۔ دفعہ (۱۹) مجموعہ ہذا کے نوٹ کو دیکھئے۔

سیواے اسکے تقرر و دیگر اخراجات درستی دفتر و خرید سامان و کتب کے لیئے مجلس عالیہ عدالت میں سے منظوری لیجاتی ہے۔

د ۳۶ ناظم ضلع و منصف کی کچہریون کے اخراجات کے واسطے منظوری دیجائیگی۔

دفعہ ۱۶۰ ناظم عدالت ضلع و منصف کے محکموں کے اخراجات کی منظوری ناظم عدالت صوبہ کے متعلق ہوگی بشرطیکہ صادر سیواے تقرر کے منظوری شدہ رقوم کی مجموعی تعداد ایک ہزار روپیہ سالانہ سے ایک ضلع کی بابت نہ ہو اور خرید سامان و کتب اور درستی دفاتر کے مصارف تقرر محکمہ جات کے اول سال میں مجموعاً تمام صوبہ کے لیئے پانچہزار سے زیادہ نہ ہو زیادہ ہونے کے حالت میں مجلس عالیہ عدالت میں منظوری لیجائے گی۔

نگرانی

د ۳۷ مقدمہ زیر تجویز محکمہ ماتحت کو ناظم طلب کرکے مناسب ہدایت کرسکتا ہے۔

دفعہ ۱۶۱ ناظم عدالت صوبہ کو اختیار رہیگا کہ کسی مقدمہ کو جو کسی محکمہ ماتحت میں زیر تجویز ہو کسی شکایت کے پیش ہونے یا کسی شخص کے ملاحظہ پر طلب کرے اور اگر اوسمین بےضابطگی پائی جائے تو اوسکی اصلاح کے لیئے محکمہ ماتحت کو ہدایت کرے۔

د ۳۸ ایک محکمہ سے دوسرے محکمہ میں مقدمہ منتقل کرنیکا اختیار

دفعہ ۱۶۲ ناظم عدالت صوبہ کو اختیار رہیگا کہ کسی درخواست کے پیش ہونے یا کسی اور وجہ سے کسی مقدمہ کو جو محکمہ ماتحت میں زیر تجویز ہو ایک محکمہ سے دوسرے محکمہ مساوی الاختیار یا اوس سے بالاتر محکمہ میں تجویز اور فیصلہ کے لیئے منتقل کردے یا خود سماعت اور فیصلہ کرے لیکن جب یہہ کارروائی کسی فریق کی درخواست پر ہو تو ضرور ہوگا کہ انتقال مقدمہ کا حکم دینے سے پہلے فریق ثانی کو بھی عذر پیش کرنیکا اگر وہ پیش کرنا چاہے موقع دیا جائے۔

د ۳۹ ناظم صوبہ ماتحت محکموں کا اعلی افسر اور عام نگران ہے

دفعہ ۱۶۳ ناظم عدالت صوبہ اپنے صوبہ کے محکمہ جات دیوانی کا اعلی افسر متصور ہوگا اور عام نگرانی اون محکمہ جات کی اوسکے متعلق ہوگی۔

منتقل کر دیئے جائیں۔

(۲) جو اپیلیں بلحاظ انتظام سابق صدر عدالت میں دائر ہونے واسطے ہوں وہ بھی بپابندی قانون میعاد سماعت مجلس عالیہ عدالت میں دائر ہوں۔

(۳) مقدمات مذکورہ صدر میں جو تجویز مجلس بسبب واپسی او تحقیقات کرر اور تجویز مکرر کی ہو تو بجائے عدالت ابتدائی کے صدر عدالت عدالت ابتدائی سمجھی جائے گی بشرطیکہ اُن مقدمات میں صدر عدالت نے بصیغہ اپیل کوئی حکم نہ دیا ہو جن مقدمات میں بصیغہ اپیل صدر عدالت نے کوئی حکم دیا ہو وہ عدالت اضلاع میں واپس کرد ہونگے اور عدالت ضلع ایسی حالت میں اون کے تحقیقات اور تجویز کی مجاز سمجھی جائے گی۔

استفسار (۲) صدر عدالت صوبہ شمالی نے استدراک کیا کہ مقدمات دیوانی میں جو اقتدار مددگار ضلع ہوں۔ بہ حالت غیر موجودگی یا رخصت ناظم ضلع کے جو بحیثیت مقتدار ضلع تجویز کریں تو اس قسم کے مقدمات کا مرافعہ صدر عدالت میں صدر مددگار صاحب سمت کے پاس ہوگا۔ یا صوبہ دار کے اجلاس میں۔

جواب دیا گیا۔ کہ جو فیصلہ ادل مقتدار کریں گے آیندہ سے اُسکا مرافعہ صوبہ دار صاحب سماعت کیا کریں گے۔ اگرچہ وہ فیصلہ اوس مقدار دعوی کا ہو جو بابتہ سماعت مددگار ضلع ہے۔

دفعہ ۱۸۰ فیصلہ عدالت ضلع کا آیندہ صرف صورتہائے ذیل میں تین سو روپیہ تک قطعی ہوگا۔

(الف) مقدمات بابتہ جائیداد غیر منقولہ

(ب) اور مقدمہ میں کوئی قانونی بحث نہ ہو۔ اور صرف واقعات پر فیصلہ ہوا ہو۔

(ج) اور عدالت ضلع نے تحصیلدار کے فیصلہ کو کلیتاً بحال رکھا ہو۔

صدر عدالت کا فیصلہ پانسو روپیہ تک انہیں تینوں صورتوں میں جنکا اوپر ذکر ہوا۔ بہ تبدیل الفاظ تبدیل طلب قطعی ہوگا۔

دفعہ ۱۸۱ سوائے مقدمات اوطان و انعام جائیداد غیر منقولہ کے دیگر مقدمات دیوانی میں جن کی تعداد دعوی تین سو روپیہ تک

حاشیہ:

بابت مجلس عالیہ — نمبر ۲۸ — بہمن ۱۲۹۸ف

فیصلہ عدالت ضلع سو روپیہ اور صدر عدالت کا پانسو تک کے مقدمات جائیداد منقولہ میں قطعی ہوگا۔

گشتی مدار المہام شاخ دیوانی و ۱۸ خورداد نمبر ۹ مورخہ ۲۰ امرداد ۱۲۹۸ف

سوائے مقدمات اوطان وغیرہ کے تعلقداران کا فیصلہ سو روپیہ تک مقدمہ میں قطعی ہے۔

گشتی صدر المہام تعلقات اضلاع نمبر ۹۲

سماعت مرافعہ

دفعہ ۱۶۷ تحصیلداران کے تجویز کا مرافعہ بدستور عدالتہائے اضلاع میں سماعت ہوگا اور مددگاران عدالتہائے اضلاع اسکو فیصل کرینگے۔

دعاوی طلب اطفال و نفقہ و دعاوی طلب زوجیت عدالت ضلع میں دائر اور فیصل ہونگے

[illegible] مجلس عالیہ عدالت مورخہ [illegible]

دفعہ ۱۶۸ صدر عدالت ورنگل نے استدراک کیا کہ کیا دعاوی طلب اطفال نفقہ و دعاوی طلب زوجیت عدالت ضلع میں دائر ہونگے یا کسی دوسری عدالت درجہ اول میں دائر ہو سکتے ہیں۔

جواب دیا گیا۔ کہ ایسے دعاوی نفقہ و دعاوی طلب زوجیت عدالتہائے ضلع میں دائر ہونگے۔

صدر عدالت کو اختیارات

[illegible]

دفعہ ۱۶۹ عدالتہائے اضلاع کے فیصلوں کا مرافعہ صدر عدالت صوبہ میں رجوع ہوگا۔ جہاں ان مقدمات مرافعہ کی تجویز آخر [illegible] اضلاع کے فیصلوں کی تاریخ سے دائر ہوئے ہوں مددگار صوبہ دار کے اجلاس سے ہو سکیگی۔ اور جن مقدمات میں مختلف مددگاروں کے تجویز سے مرافعہ ہوا ہے اونکو مددگار صوبہ دار مثل کو مع اپنی رائے کے صوبہ دار کے سامنے پیش کرینگے اور حکم آخر صوبہ دار کے اجلاس سے ہوگا۔

[illegible]

تشریح (۱) مجلس عالیہ عدالت سے تحریک کی گئی کہ انتظام جدید عدالتی صوبہ جات و صوبہ گلبرگہ کے وجہ سے یہ بحث پیش آئی ہے کہ مقدمات ابتدائی دیوانی مالیتی زائد از [illegible] ابتداً صدر عدالت صوبہ میں دائر و فیصل ہوا کئے۔ اور ان مقدمات کا اپیل جو بنا راضی فیصلہ اول عدالتہائے اضلاع پیشتر سے صدر عدالت میں زیر تجویز ہیں اب صدر عدالت اوس کے فیصلہ کی مجاز نہیں ہے۔ کیونکہ صدر عدالت اب ابتداءً اس قسم کے مقدمات کو سماعت و تجویز کرے گی۔ اور اوسکا مرافعہ براہ راست مجلس عالیہ میں ہوگا۔

پس ایسے مقدمات کی نسبت سرکار نے بعد غور باتفاق رائے مجلس عالیہ عدالت حسب ذیل حکم صادر فرمایا۔

(۱) قبل انتظام جدید جو مقدمات اپیل مالیتی زائد از پانچ ہزار روپیہ صدر عدالت میں دائر ہیں وہ مجلس عالیہ میں منتقل کر لیے جائیں۔

ملاحظہ عدالت دیوانی ماہواری بلدہ نمبر مورخہ ماہ ۱۳۲۲ف

مطابق ۲۱ ذوالحجہ ۱۳۲۲ھ کے فقرہ (۱۸) میں فیصلہ مددگاران عدالتہائے اضلاع کا جو بصیغہ مرافعہ صادر کریں صرف ایکسو روپیہ تک قطعی قرار دیا گیا ہے۔ حالانکہ یہ تجویز اسوقت کی ہے۔ جبکہ عام طور پر تحصیلدار گشتی مذکور کے رو سے صرف ایکسو روپیہ تک مالیتی مقدمات کی سماعت و تجویز کے مجاز تھے۔ لیکن من بعد کئی تحصیلداروں کے اقتدارات سماعت میں توسیع ہوئی ہے۔ اسطور پر کہ وہ تین سو روپیہ تک مالیتی مقدمات کی سماعت و تجویز کے مجاز کر دیئے گئے ہیں۔ اور چونکہ صدر مہتمموں کے اقتدارات میں بھی بذریعہ رزولیوشن بجریدہ دفتر ہوم سکرٹری نشان ۶ مورخہ ۲۵ - دے ۱۳۲۲ف توسیع ہوگئی ہے اور نیز اب عہدہ داران عدالت کی تنخواہیں پہلے کی نسبت بہت بڑھ گئی ہیں اور اونپر نگرانی بھی زیادہ ہے۔

پس نواب مدارالمہام سرکار عالی مناسب خیال کرتے ہیں کہ مددگاران عدالتہائے ضلع کے اقتدارات میں بھی توسیع کیجائے اور حسب ذیل حکم صادر فرماتے ہیں۔

حکم

گشتی نشان دیوانی (۲) بابتہ ۱۳۲۲ف (۱۸) کی ترمیم اسطور پر کیجائے کہ مددگاران عدالتہائے اضلاع فیصلہ بصیغہ مرافعہ جن کا تعلق وغیرہ کے ساتھ ہو ایک سو روپیہ تک کے فیصلہ سے متعلق ہیں تین سو روپیہ تک قطعی ہوگا اور ذیل کے اگر مددگاران عدالتہائے اضلاع بصیغہ مرافعہ عدالت ابتدائی کے فیصلہ سے اختلاف کریں اور اوسکا مرافعہ صدر عدالتہائے متعلقہ میں ہو تو صدر عدالت کا فیصلہ ان مقدمات میں اوس صورت میں بھی قطعی قرار دیا جائے گا۔ جبکہ صدر عدالت نے عدالت ضلع کے فیصلہ سے اختلاف اور عدالت مجوزہ ابتدائی کی رائے سے اتفاق کیا ہو۔ کیونکہ اس صورت میں بھی دو حاکموں کا ایک امر پر اتفاق حاصل ہو جاتا ہے جو اسقدر قلیل مالیت کے مقدمات کے فیصلہ قطعی کرنے کے لیے کافی ہے۔

مرسلہ صدر المہام ... نمبر ... مورخہ ۱۲ ... [illegible]

اختیار قطعی فیصلہ کا مقدمات شرکت زراعت و تجارت و رہن سے جو متعلق ہے

دفعہ ۱۸۵ مقدمات شرکت زراعت و تجارت و رہن ... منقولہ بھی اقتدار قطعی میں داخل ہے۔

زیادہ تو بھی فیصلہ تعلقدار اول کا قطعی ہوگا۔
مگر لازم ہے کہ ایسے مقدمات موافق روئداد کے کمال توجہ سے تجویز کیے جائیں
ورنہ تعلقدار قابل بازپرس و تدارک ہوں گے۔

پٹواریوں کی تنخواہ [illegible]	نشان [illegible] صحیح گو بعض اضلاع میں پٹواریان [illegible] اور بعض میں سرکار سے نقد تنخواہ دی جاتی ہے۔ مگر دونوں حالتوں میں [illegible] وغیرہ [illegible] اگر [illegible] کو سرکار [illegible] اور [illegible] موقوف کر سکتی ہے اور [illegible] کو بلا ثبوت قصور کے موقوف نہیں کر سکتی ہے۔ اور [illegible] حالت موقوفی کے [illegible] وارث کو مقرر کرتی ہے۔
صدر تعلقداری کا فیصلہ [illegible] کا مقدمہ [illegible]	دفعہ ۱۸۲ [illegible] کی بابت جبکہ دیگر مقدمات [illegible] ایک ہزار تک قطعی ہے۔ مقدمہ [illegible] بھی ویسا ہی قطعی ہے۔
مقدمات اوطان یا املاک غیر منقولہ میں فیصلہ قطعی نہیں ہے	دفعہ ۱۸۳ جو فیصلہ مقدمات اوطان یا املاک غیر منقولہ میں صادر ہو گو وہ کسی تعلقدار کا ہو قطعی نہیں ہے۔
[illegible] اختیارات مددگاران [illegible]	دفعہ ۱۸۴ مجلس عالیہ عدالت نے تحریک کی ہے کہ گشتی معتمدی المہام سرکار عالی علاقہ عدالت [illegible] نشان دیوانی (۲) مورخہ ۱۱ - آبان ۱۲۹۵ف

[illegible] نشان [illegible] مورخہ ۲۹ [illegible] الاول [illegible] مدار المہام [illegible] دیوانی [illegible] مورخہ [illegible] موسومہ [illegible] حکم [illegible] ۶۷ مورخہ [illegible] مجلس [illegible] نشان [illegible] مورخہ [illegible] نشان ۱۹۲ [illegible] ذی الحجہ ۱۲۸۰ [illegible] مدار المہام [illegible] دیوانی [illegible] مورخہ ۲۱ [illegible] مجلس [illegible] سرکار عالی

اول تعلقدار اخراجات بابو برداری عدالت ضلع و محکمہ دوم و سوم تعلقداران بہ تجویز منظوری محکمہ متعلقہ رہیں۔

اول تعلقداران اضلاع مددگاران عدالتہای اضلاع کے بیتہ کے منظوری کے مجاز ہیں۔

دفعہ ۱۹۰ اس نظر سے کہ اول تعلقداران مثل صوبہ داران و دوم و سوم تعلقداروں سے کم بیتہ کے منظوری دینے کے مجاز ہیں۔ مجلس عالیہ عدالت نے سرکار میں تحریک کی تھی کہ اول تعلقداران اضلاع بہ حیثیت ناظم عدالت [illegible] عدالت کے مددگاروں کے بیتہ کے منظوری کے مقتدر قرار دیے جاویں۔

چنانچہ یہ تحریک مجلس عالیہ عدالت کی بذریعہ مراسلہ محکمہ معتمدی عدالت نمبری (۱۲۱) مورخہ [illegible] آبان [illegible] عالیجناب نواب مدار المہام سرکار عالی نے منظور فرمائی ہے لہذا بذریعہ گشتی ہذا اعلان عام اس امر کا کیا جاتا ہے کہ اول تعلقداران اضلاع بہ حیثیت ناظمان عدالت کے مددگاران عدالتہائے اضلاع کے بیتہ کے منظوری دینے کے مجاز ہیں۔ اس منظوری کی اطلاع محکمہ سرکاری سے صدر محاسب صاحب سرکار عالی کو کر دی گئی ہے۔

اول تعلقدار ضلع صوبہ دار کو لازم ہے کہ ہر سہ ماہی میں اقل درجہ ایکبار اپنی عدالت ضلع و صدر عدالت کی تنقیح بذات خود کیا کریں۔

دفعہ ۱۹۱ بہ تعمیل گشتی مجلس عالیہ عدالت نشان فوجداری (۲) و دیوانی (۵) مورخہ ۲۰ اردی بہشت ۱۳۱۰ ف اضلاع صوبہ بیدر و گلبرگہ و [illegible] صوبہ جات مذکور سے جو رپورٹ تنقیح سہ ماہی عدالت کی آتی ہے وہ مرتبہ مددگاران عدالتہائے ضلع یا صدر مددگار عدالت صوبہ کی ہوتی ہے۔ حالانکہ عدالتہائے ضلع کے ناظم اول تعلقدار و صدر عدالت کے ناظم صوبہ دار ہیں اور ان حکام کو بذات خود اپنی عدالتوں کی تنقیح کرنا چاہیئے۔ لہذا بذریعہ گشتی ہذا حسب ذیل حکم دیا جاتا ہے۔

(۱) تعمیل گشتی نشان فوجداری (۲) و دیوانی (۵) ۱۳۱۰ ف مذکورہ بالا ہر اول تعلقدار و صوبہ دار کو لازم ہے کہ ہر سہ ماہی میں اقل درجہ ایکبار مرتبہ اپنی عدالت ضلع و صدر عدالت کی تنقیح بذات خود کیا کریں۔

(۲) اول تعلقداران اضلاع صوبہ بیدر و گلبرگہ و ورنگل و [illegible] صوبہ جات مذکور ترتیب وار ارسال رپورٹ سہ ماہی میں ان ہی قواعد کے پابند ہوں گے جن کا ذکر گشتی نشان فوجداری (۲) و دیوانی (۵) ۱۳۱۰ ف مذکورہ بالا متعلق تنقیح سہ ماہی عدالت میں ہوا ہے۔

عدالت کے کل کاغذات مددگار خود جاری کریں نہ تعلقداروں و صدر تعلقداروں کی

دفعہ ۱۹۲ تعلقداروں و صدر تعلقداروں کے مددگار جملہ تحریرات متعلقہ عدالت خواہ محکمہ جات ماتحت کے نام ہوں یا مافوق کے بذات خود

سنہ ۱۲۹۰؁ بجواب رو بکار نشان ولایتی ۱۲ سمت شمالی و غربی گشتی مدار المہام نشان ۱۵۱ (۲) مورخہ ۱۱ شوال ۱۲۹۰؁

ت ۲۳

موقوفی و بحالی عملہ کے اختیار کی بحالی

دفعہ ۱۸۶ جو افسران کو اپنے عملہ کی نسبت مددگاران ضلع و صدر سمت کو اتنک حاصل ہے یعنے مددگار ضلع عـــہ ماہوار سے کے یا اس کم کے عملہ کو مقرر و موقوف کرسکتے ہیں اور صدر مددگار عـــہ تک کے عملہ کو بدستور بحال رکھے گا۔

دستور العمل سابق بحال ہے اور پیرو کیجاتی ہے۔

دفعہ ۱۸۷ دستور العمل ۱۱۔ ذیقعدہ ۱۲۹۰؁ مطبوعہ مورخہ ۱۵۔ ذیقعدہ ۱۲۹۰؁ کے وہ احکام جو اس گشتی کے رو سے منسوخ کیے گئے نافذ و جاری ہیں اور اونکی طرف کل مددگاران و صدر مددگاران کو رہنمونی کیجاتی ہے۔ (۱)

دستور العمل ۱۱ ذیقعدہ ۱۲۹۰؁ مددگاران تحصیلداران اور صدر تعلقداران مورخہ ۱۱۔ ذیقعدہ ۱۲۹۰؁ مطبوعہ ۱۵۔ ذیقعدہ ۱۲۹۰؁

ت

عملہ عدالت کی بحالی و موقوفی کا مددگاران کو ہی اختیار ہے۔

دفعہ ۱۸۸ اتنک جو اختیار بحالی و برطرفی عـــہ ماہوار سے کے عدالت کا تعلقداران کو اور عـــہ ماہوار سے کے عملہ کا صدر تعلقداروں کو حاصل تھا اب وہ اختیار تعلقداران اور صدر تعلقداران سے کے مددگاروں کو ہی دیا گیا یعنے تعلقدار کا مددگار عـــہ ماہوار تک سے کے عملہ عدالت کو اور صدر تعلقدار کا مددگار عـــہ ماہوار تک سے کے عملہ عدالت کو اپنے ذمہ داری پر بلا مداخلت تعلقدار و صدر تعلقدار سے کے مقرر و برطرف کرسکتا ہے۔

فنی نشان ۳۰ دیکھو مجلس عالیہ عدالت مورخہ ۳۰ خورداد ۱۲۹۹؁

اول تعلقدار و نو ابات با برباری عدالت ضلع اور محکمہ دوم و سیوم تعلقداران کی منظوری سے مقرر ہیں۔

دفعہ ۱۸۹ بہ تسلسل گشتی مجلس عالیہ عدالت نشان فوجداری ۱۰ و ۱۲۹۹؁ ف منظوری عالیجناب نواب مدار المہام سرکار عالی جو بذریعہ روبکار عدالت سرکار نشان انتظامی ۲۰۵ مورخہ ۲۳ اردی بہشت ۱۲۹۹؁ ف عدالت سے بذریعہ گشتی ہذا حکم دیا جاتا ہے کہ جیطرح حسب منشا گشتی نشان ۲ ہی اول تعلقدار عملہ عدالت ضلع اور دوم و سیوم تعلقداران سے کے بتہ کے منظوری سے کے مقرر ہیں اسیطرح

(۱) دستور العمل مذکور کا جسقدر حصہ نافذ ہے درج کیا جاتا ہے۔

کریں گے۔ ظاہر ہے کہ وجہ مداخلت سے اعتمادی مددگاروں کی نہ ہوگی۔ کچھ تسلی کہ اس حال میں دوسری تجاویز اسے ضرور ہوں گی جیسے سے افادی کے صورتوں میں تو صرف مداخلت ضرور ہوگی بلکہ اس لیے عہدہ داروں کے استقلال میں خلل واقع ہوگا۔ لیکن اگر کوئی مقدمہ قابل غور و باریک بینی کے ہو اور صدر اپنی شرکت ضروری اختیار فرمائیں تو مناسب ہے مگر اس حالت میں تحقیقی مقدمہ وغیرہ درج ہونا لازم ہوگا۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت نقشہ نمبر (۱) (۲) مورخہ [illegible]

مقدمات میں کی تجویز ابتدائی کچھ پیشی میں ہونی چاہیے بغیر سماعت فریقین فیصلہ نہ ہوا کریں۔

دفعہ ۱۹۶ بلاحظہ مثل معلوم ہوتا ہے کہ صدر دارالنہائی اسامیوں میں جو مقدمات ہیں ایسے مقدمات پیش ہوتے ہیں جن کی تجویز صوبہ داری صاحبان کی اجلاس سے ہونا چاہیے۔ لیکن ان مقدمات کی تجویز کے صدر مددگاران صدر عدالت مجاز نہیں ہیں۔ ایسے مقدمات مددگاران صدر عدالت کے اجلاس میں پیش ہوتے ہیں۔ اور وہ بلا سماعت بحث فریقین یا وکلاء فریقین اپنی رائے لکھ کر مقدمہ حکم آخر کے لیے صوبہ دار کے اجلاس میں بھیج دیتے ہیں اور صوبہ دار صاحبان بعض اوقات ایسے مقدمات بلا سماعت بحث فریقین یا وکلاء فریقین فیصلہ کر دیتے ہیں۔ حالانکہ مقدمات متذکرہ بالا کا مددگاران صدر عدالت کے سامنے پیش ہونا اور صدر مددگاران کا بحث فریقین یا وکلاء فریقین کا سماعت نہ کرنا صرف بیکار و بیفائدہ ہے بلکہ موجب تکلیف اہل مقدمات و وکلاء ہے لہذا مناسب یہی ہے کہ آئندہ ایسے مقدمات ابتداءً بہ تقرر تاریخ صوبہ داران کے سامنے پیش ہوا کریں۔ اور صوبہ داروں کو چاہیے کہ ایسے مقدمات تاریخ مقررہ پر بعد سماعت بحث فریقین حاضر کے فیصلہ کیا کریں۔ بصورت حاضری اہل مقدمات کے بلا سماعت ان کو بحث یا بلا تقرر تاریخ ایسے مقدمات کا فیصلہ صوبہ داران کے اجلاس سے ہونا قابل اعتراض ہے۔ تاریخ مقررہ پر اگر فریقین یا کوئی فریق باوجود اطلاعیابی حاضر نہ ہو تو اس صورت میں حسب ضوابط مقررہ کارروائی ہوگی۔

جلسہ مجلس عالیہ عدالت [illegible] صدر [illegible] ابتدائی

تشریح: جلسہ منعقدہ مجلس عالیہ عدالت نے استدراک کیا کہ صوبہ دار صاحبوں کو اس حال میں کہ صدر مددگار صاحب فریقین مقدمہ کی بحث سماعت کر چکے ہوں۔ بغیر سماعت بحث فریقین اپنے صدارتی مقدمات میں فیصلہ و تجویز کرنے کا اختیار ہے یا نہیں۔

جواب دیا گیا۔ کہ صوبہ دار بغیر سماعت بحث فریقین کسی مقدمہ میں تجویز نہیں کر سکتے لازم ہے کہ جو مقدمات مددگاران صدر عدالت کے اختیار سے خارج ہیں اور صوبہ دار کا فیصلہ ضروری ہے وہ ابتداءً بہ تقرر تاریخ صوبہ داروں کے سامنے پیش ہوا کریں اور صوبہ دار بعد سماعت بحث وکلاء فریقین اپنا فیصلہ صادر کیا کریں۔ ایسے مقدمات کا مددگاران صدر عدالت

اطلاع و صلاح و دستخط کی ضرورت نہیں ہے۔

بلا اطلاع و صلاح تعلقدار و صدر تعلقدار جاری کرتے رہیں۔ تجاویز ظہری روبکارات مسودات و مبیضات اور گوشواروں وغیرہ کسی کاغذ سے متعلقہ عدالت پر تعلقداروں و صدر تعلقداروں کے دستخط کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔

تحریرات مددگاران کے نام بھیجی جائیں۔

دفعہ ۱۹۳ بجنوی فقرہ چہارم ترمیم دستور العمل مددگاران اب یہ عمل ضرور ہے کہ جملہ تحریرات عدالت تعلقداروں اور صدر تعلقداروں سے مددگاروں کے اطلاع کے واسطے بھیجی جایا کریں۔ سیشن صدر اور تعلقدار کے امین اور مہتمم ضلع و تعلقداران دوم و سیوم کو ضرور ہے کہ تحریرات میں ادب و تہذیب ملحوظ و مد نظر رکھیں (۱)

مددگاروں کو تنقیح دفاتر عدالت کے واسطے بذات خود قطعی اختیار حاصل ہے اور بذریعہ سررشتہ دار بھی۔

دفعہ ۱۹۴ اگرچہ ابواب سررشتہ عدالت کی تنقیح کے واسطے مددگاروں کو عملہ قلیل کے ساتھ دورہ میں بھیجنے کا حکم فقرہ ششم ترمیم دستور العمل میں لکھا گیا تھا۔ اب اس باب میں مددگاروں کو قطعی اختیار دیا جاتا ہے کہ مناسب اوقات میں (کہ یہ امر انہیں کی رائے پر منحصر ہے) اور عدالت کی تنقیح کے واسطے جداگانہ بذات خود مع عملہ قلیل یا جیسا کہ ضرور ہو مگر دستور العمل بتیہ سے زیادہ ہو دورہ میں جائیں یا بصورت مناسب سررشتہ دار عدالت کو مع عملہ قلیل روانہ کریں۔ اور مددگاروں کے دورہ میں جانے کے وقت بقیہ عملہ پر تعلقدار و صدر تعلقدار کی نگرانی رہے گی۔ اور عدالت کا کام جیسا کہ مستقر کی کچہری میں ہوتا ہے ویسا ہی ایام دورہ میں بھی ہوتا رہے گا۔

ان مقدمات میں جو مددگاران کے روبرو دائر ہیں تعلقدار یا صدر تعلقدار بوجہ معقول بغیر کسی کے مداخلت کرسکتے ہیں۔

دفعہ ۱۹۵ کسی مقدمہ خاص میں کسی وجہ و مصلحت معقول یا کسی خاص حکم سے مثل کا مطالعہ یا تجویز و ترتیب مقدمہ اپنے روبرو مناسب جانیں اور اسیطرح کسی مقدمہ خاص کی تحریرات اپنے دستخط سے جاری کرنا چاہئے تو تعلقدار و صدر تعلقدار کرسکتا ہے کہ بالاطلاع اوس کے وجوہ کے طرف اوس مقدمہ کو شرکت مددگاران یا علیحدہ بذات خود حسب ضرورت اپنے روبرو دریافت اور اوس کی تجویز اپنا ہی دستخط سے کرے مگر ایسے مقدمات میں تجویز کے وقت ضرور ہونگے۔ لیکن ضرور ہوگا کہ تجویزات مفصلہ میں وجوہ اور اسباب مداخلت بصراحت درج کریں۔ یقین ہے کہ تعلقداران و صدر تعلقداران بلا وجہ معقول کسی مقدمہ عدالت میں مداخلت

---

(۱) جس فقرہ میں مددگاران کی تیاری کا ذکر تھا ہم نے اوسے چھوڑ دیا کیونکہ اب یہ عہدہ مددگاران عدالت کی تیار نہیں ہے۔

مددگاران کا محکمہ کوئی مستقل محکمہ خارج از اقتدار تعلقداران نہیں ہے۔

دفعہ ۱۰ واضح ہو کہ تعلقداران اضلاع صدر العدالت سے اضلاع میں ناظم کے اور مددگاران عدالت بطور ان کے نائب کے ہیں اور بموجب امر تجویز اور اقتدارات بعض تقرراتا اور رخصت وغیرہ جو حسب قواعد سابق مددگاران کے ذات خاص سے متعلق ہیں اور دوسرے جملہ امور میں کارروائی مددگاران کی تعلقداران اضلاع کے تابع ہے۔ مددگار ضلع کا محکمہ کوئی دوسرا محکمہ مستقل تعلقداران کے اقتدارات عامہ سے خارج نہیں ہے۔ محکمہ جات عدالت کی جو ترتیب ہوئی ہے منشا اوسکا زیادہ تر یہی ہے کہ کام کے اجرا میں آسانی حاصل ہو نہ یہ کہ کوئی دوسرا محکمہ علاحدہ تعلقداروں کے اقتدارات عامہ سے خارج قایم ہوا ہو۔ اور اوسیطرح کیفیت محکمہ مددگاران صدر العدالت اسمات کی ہے۔

صدر تعلقداران و تعلقداران کے مددگار انکی اطلاع اور مشورہ سے کام کرینگے۔

دفعہ ۱۱ صدر المہام عدالت نے بعض روبکارات کے ملاحظہ سے دریافت کیا ہے کہ بعض اضلاع و اسمات میں مددگاران و صدر مددگاران عدالت تعلقداروں اور صدر تعلقداروں کو اپنے سررشتہ کی کارروائی سے بیخبر رکھتے ہیں اور بسبب اس کے کہ محکمہ صدر المہام عدالت سے گشتیات بنام تعلقداروں اور صدر تعلقداروں کے مطالعہ کیواسطے مرسل ہوتے ہیں بعض اضلاع و اسمات میں مددگار گشتیات کو بھی تعلقداروں اور صدر تعلقداروں کے ملاحظہ کیواسطے نہیں بھیجتے ہیں دوسرے کاغذات اور کارروائیوں تک تو کیا رسائی ہو صدر المہام اس طرز کارروائی مددگاران کو نہایت ناپسند کرتے ہیں اور تاکید سے یہ حکم فرماتے ہیں کہ عدالتہای اسمات و اضلاع کے مددگار جمیع امور لایق اطلاع سے وقتاً فوقتاً تعلقداروں اور صدر تعلقداروں کو اطلاع دیتے رہیں اور جملہ امور انتظامی میں ہمیشہ تعلقداروں اور صدر تعلقداروں کے مشورہ اور اطلاع سے عمل کرتے رہیں بر وقت گشتیات اور احکام عامہ اور ہدایات جو محکمہ جات بالا سے پہونچیں ضرور ہے کہ تعلقداروں اور صدر تعلقداروں کے ملاحظہ کیلیے بھیجی جائیں۔ اسیطرح سے مقدمات اور روبکارات سنگین سے تعلقداروں اور صدر تعلقداروں کو اطلاع ہوتی رہے۔ اس محکمہ سے بہت دفعہ امور انتظامی کی نسبت یا دوسرے امور عامہ کے نسبت رائی طلب ہوتی ہے۔ ضرور ہے کہ اس قسم کے کاغذات تعلقداروں اور صدر تعلقداروں کے ملاحظہ کے واسطے مرسل ہوں اور اون کے مشورہ کے موافق عمل ہو عام اس سے کہ روبکارات تعلقداروں اور صدر تعلقداروں کے نام خاص سے مرسل ہوں یا مددگاران

کے سامنے ہونا اور مددگاران مذکور کا مباحثہ وکلا سماعت کرنا نہ صرف بیکار و بیفائدہ بلکہ موجب تکلیف اہل مقدمات و وکلا ہے۔

جملہ احکام جو اس کے خلاف ہیں منسوخ متصور ہوں گے۔ ایسے احکام اقتدارات میں لفظ تعلقدار و عہدہ دار تعلقدار استعمال ہوا ہے وہاں اوس کے مددگار متصور ہوں گے۔

دفعہ ۱۹۷ از روی اقتدار ہذا جو کچھ مضامین اس کے خلاف و متعلق العمل مددگاران میں درج ہوئے ہیں وہ کل منسوخ ہوں گے اور پہلی تحریرات و دیگر گشتیات اقتدارات متعلقہ عدالت میں جہاں لفظ تعلقدار یا عہدہ تعلقدار درج ہوا ہے۔ ابجائے اس کے تعلقدار و صدر تعلقدار کے مددگار تصور کیے جائیں گے۔

مددگار تعلقداروں و صدر تعلقداروں کے تحت میں اپنے تعلقداروں اور مددگاروں کو عہدہ بڑا و رکھا گیا ہے

دفعہ ۱۹۸ سرکار نے تقررات بالا میں جو اقتدار کامل تعلقداروں اور صدر تعلقداروں کے مددگاروں کو دیا گیا ہے وہ صرف اس غرض سے ہے کہ سرکاری کام درستی سے جاری ہو اور اہل مقدمات کی تکلیف اور پریشانی رفع ہو لہذا سرکار امید کرتی ہے کہ مددگاران مذکور بجز درستی اور تمام بدرستی و راستی بلا غرض نفسانیت سب سرکاری کام کو انجام دیں گے۔ اور جملہ امور عدالت میں اپنے تئیں کو ذمہ دار تصور کریں گے اور یہ خیال کریں گے کہ تعلقداروں و صدر تعلقداروں سے علیحدہ ہوئے ہیں بلکہ ماتحت اقتدار کے ماتحت متصور رہیں گے۔ کیونکہ تعلقدار و صدر تعلقدار ہمیشہ و دار مدار اور عمل کے ہر قسم کے بندوبست کے ذمہ دار ہیں اور سرکار کو یہ بھی امید ہے کہ تعلقداروں و صدر تعلقداروں اس اقتدار کے جاری ہونے کے سبب سے مددگاران عدالت سے خود کنارہ کشی و بیپروائی نہ کریں گے خوش خلقی اور درستی سے پیش آئیں گے اور مددگاروں کو اپنا ماتحت تصور کرکے اچھی طرح کام سکھا دیں گے اور ضرورت کے صورت میں کسی امر اجرائی طلب سے جو باعث ناموزونی ہو صدر المہام عدالت کو بلا تامل اطلاع کریں گے کہ صدر المہام بخوشی تمام اوس پر غور و لحاظ مناسب فرمائیں گے۔

ہر مددگار اپنے تعلقدار کا ماتحت ہے

دفعہ ۱۹۹ جو اقتدارات کہ مددگاروں کو دیئے گئے ہیں اون سے تعلقدار سے تعلق نہیں ہے بلکہ تعلقدار جس قدر میں چاہیں دست اندازی کر سکتے ہیں اون کے دست اندازی میں مددگار تعرض نہیں کر سکتے۔ پس جملہ مددگار باتفاق و بلا غرض نفسانی کام کریں۔

بتصریح ذمہ داری و اختیارات تعلقداران و صدر تعلقداران و مددگاران و صدر مددگاران۔

دفعہ ۲۰۰ بنظر رفع شبہات جو دربارہ ذمہ داری اختیارات تعلقداران و صدر تعلقداران و مددگاران و صدر مددگاران کے پیدا ہوئے ہیں احکام ذیل جاری ہوتے ہیں۔

فرصت نہ رکھتے ہوں تو مددگاروں کو اجازت دیں کہ ایسے روبکارات کے بصیغہ مددگاری کے ذریعہ سے
اجرا ہوں گے۔ اور مددگار اپنے دستخط کے ذیل میں تجویز کریں گے کہ از طرف تعلقدار یا صدر تعلقدار

دفعہ ۲۰۔ مقدمات کی تجویز میں مددگاروں کو اختیارات کامل
تعلقداروں اور صدر تعلقداروں کے حاصل ہیں۔ اور کوئی ذرا سی بات کی
مداخلت تعلقداروں اور صدر تعلقداروں کی جائز نہ ہوگی۔ اس واسطے کہ
ہر تجویز بذات خود ذمہ دار ہے کہ مقدمات کو حسب اقتضاء اپنی رائے کے
فیصل کرے اور اوسکی اصلاح بجز مرافعہ اور تجویز ثانی کے دوسری صورت سے
نہیں ہو سکتی ہے۔ البتہ تعلقدار اور صدر تعلقدار کو اختیارات عدالت ہائے ماتحت
اضلاع و تعلقات میں مجاز ہوں گے کہ قبل فیصلہ جس مقدمہ کو چاہیں مددگاروں
کے پیشی سے طلب کر کے خود فیصل کریں بلکہ صدر المہام عدالت کو خواہش رکھتے
ہیں کہ جس وقت تعلقداروں اور صدر تعلقداروں کو مالی کاموں سے فرصت ہو ایک دو مقدمات از قسم
عدالتہائے ماتحت کے جو عدالت ضلع میں فیصل ہوتے ہیں خود فیصل کریں۔ اور جس وقت تعلقدار یا
صدر تعلقدار اگر دوسرے مقدمات خاص خاص کو بذات خود فیصل کرتے رہیں تو اس سے علاوہ عہدہ داران
موصوف سے بڑے فائدہ معتدبہ کارروائی عدالت میں حاصل ہوگا۔ اور نیز عہدہ داران موصوف کو عہدہ داران
ماتحت کی لیاقت قانونی اور معاملہ فہمی وغیرہ کی لیاقت کے دریافت کا موقع بتفصیل تمام حاصل ہوگا۔
قبل ازیں بذریعہ روبکار گشتی نشان اضلاع ۱۱ مورخہ جمادی الاول سنہ ۱۲۹۸ اس محکمہ سے منظوری مدار المہام
سرکار عالی لکھا گیا تھا کہ اگر تعلقدار و صدر تعلقدار کسی مقدمہ کو مددگاروں کے پاس سے منتقل
کر کے خود فیصل کریں تو وجوہ انتقال سے صدر المہام کو اطلاع کریں۔ لیکن اطلاع دہی وجوہات کی
قید صدر المہام عدالت کو تجربہ سے خلاف مصلحت معلوم ہوتی ہے۔ اس واسطے بعد منظوری مدار المہام
سرکار عالی اطلاع دیجاتی ہے کہ آئندہ وقت انتقال مقدمات کے اس محکمہ کو وجوہات انتقال سے تحریری
اطلاع دہی کی ضرورت نہیں ہے۔ تعلقدار اور صدر تعلقدار اپنی عدالتوں کے ناظم ہیں حسب اقتضاء
اپنی رائے کے بلا اطلاع اس محکمہ کے عمل کر سکتے ہیں۔ تعلقدار اور صدر تعلقدار آئندہ حتی الامکان
کچھ بار تجویز مقدمات کا بلحاظ فرصت اور بلحاظ ذمہ داری اپنے دوش پر رکھیں گے۔ جب ایسی خوشنودی
صدر المہام عدالت سے سرکار عالی کا مقصود ہے اور یہ حکم جو صادر کیا جاتا ہے اس سے بہ نگرانی کارروائی
مددگاران عدالت پر بے اعتمادی مقصود نہیں ہے۔ بلکہ صرف غرض یہی ہے کہ تعلقدار اور صدر تعلقدار

مقدمات کی تجویز میں مددگاروں کو تعلقداروں اور صدر تعلقداروں کے اختیارات حاصل ہیں۔ اور تعلقداروں اور صدر تعلقداروں کو یہی مقدمات منتقل کرنے اور فیصل کرنیکا اختیار حاصل ہے لیکن بعد انتقال پھر مقدمہ مددگار کے پاس نہیں جا سکتا ہے۔

البتہ اگر وہ سررشتے امر میں مددگاران عدالت کی رائے تعلقداروں اور صدر تعلقداروں سے
رائے ... سے اتفاق نہ کرے تو ممکن ہے کہ مددگار اسبابیں اپنی علیحدہ رائے مرتب کر کے
بعد ملاحظہ تعلقدار اور صدر تعلقدار کے معہ رائے تعلقدار اور صدر تعلقدار کے بھیدیں
اور ضرور نہیں ہے کہ جملہ کاغذات موجودہ اور مجبار یہ مثل روبکارات یادداشت اور تاکیدی اور ثبوت جات
... اور عرائض اور روبکارات متعلقہ مقدمات خاص کہ زیادہ باوقعت نہیں ہوتے ہیں تعلقداروں
اور صدر تعلقداروں کے ملاحظہ میں بھیجے جائیں۔ ہاں اگر تعلقدار اور صدر تعلقدار کسی کاغذ کو ملاحظہ
کرنا چاہیں۔ تو بلا تامل مددگاروں سے طلب کر کے ملاحظہ کر سکتے ہیں اس لئے کہ نظامت عدالت حقیقت میں
انہی کی ذات سے متعلق ہیں مگر بعد انجام عدالت تعلقداروں اور صدر تعلقداروں سے توقع کرتے ہیں کہ
اس قسم کی کارروائی بوقت ضرورت کریں اور کارروائی عامہ میں اہلکاروں کی طلبی اور کاغذات اور مثل کی طلبی
دفتر عدالت سے بذریعہ مددگاران منشی کریں گے اس واسطے یہ ضرور ہے کہ اقتدار اور رعب مددگاران کا
اہلکاران عدالت پر جیسا کہ چاہئے قایم رہے۔

طلبی واسطہ کاغذات ذکر بر وقت تجویز — دفعہ ... کاغذات مندرجہ فقرہ (۲) کی ترسیل تعلقداروں اور صدر تعلقداروں
کی اطلاع کے واسطے روبکارات جداگانہ کے ذریعہ سے ضرور نہیں ہے بلکہ مناسب ہے۔ کہ کوئی اہلکار
با اثر کاغذات مذکور کو تعلقداروں اور صدر تعلقداروں کے روبرو پیش کرے اور بعد ملاحظہ کے
واپس لاوے اور مددگار مجاز ہوں گے کہ اصل کاغذات ملاحظہ طلب پر لکھیں کہ ملاحظہ یا تجویز کے واسطے (جس
قسم کی کارروائی کا موقع ہو) روبرو تعلقداروں اور صدر تعلقداروں کے پیش ہوں اور وہی اہلکار
... جو پیشی کاغذات کے واسطے تعلقداروں اور صدر تعلقداروں کے اجلاس میں بھیجے جائیں اس
قسم کے کاغذات بھی ہمراہ لیتے جاینگے۔ پس تعلقداروں اور صدر تعلقداروں کو لازم ہوگا کہ مددگار
جس قدر کاغذات ملاحظہ یا تجویز کے واسطے ان کے پاس بھیجے ان پر اپنی تجویز ثبت کریں۔ خواہ کسی معاملہ میں
اول مددگار ضلع کی رائے طلب کریں۔ اور اگر کسی امر میں ضرورت اپنی تجویز کی نہ جانیں تو یہی تجویز کریں کہ
مددگار صاحب خود تجویز کریں اور پیروی اہلکار کاغذات مذکور کو واپس لاکر مددگار صاحب کے روبرو پیش
کرے کہ جو مددگار صاحب کو تعلقداروں کے تجویز سے قابل اجرا ہوں اسی طور سے سررشتہ عدالت
سے مرتب اور جاری ہوں گے کہ گویا روبکارات مجریہ مددگاران عدالت میں اور کتاب کتہاونی عدالت
میں اس قسم کے روبکارات کی کتہاونی بھی ہوگی اور اس کے حاشیہ پر تعلقدار اور صدر تعلقدار
اپنے دستخط ثبت کر دیں اور اگر تعلقدار اور صدر تعلقدار دورہ میں ہوں یا دوسرے وجوہ کی

تجویز مولی ۔ کہ قانون کے رو سے اُن مقدمات میں جو مددگاروں کے سامنے قابل ہیں مددگار خود مستقل جج ہیں تعلقدار کو نہ بحیثیت عدالت نگرانی کا اختیار ہے اور نہ بحیثیت عدالت اپیل دست اندازی کا اختیار رہے ۔ لہذا تعلقدار کا فیصلہ بلا اختیار اور قابل منسوخی ہے ۔ مددگار کے احکام کی نگرانی یا اپیل یا استقلال مقدمہ کا کام مجلس عالیہ سے متعلق ہے ۔ نظیر ریڈی بنام وینکٹ ریڈی و الا ریڈی بر مقدمہ ۶۱ منفصلہ ۱۹ اردی بہشت سنہ ۱۲۹۸ ف (۱)

دفعہ ۲۰۶ — صدر تعلقدار بعض مقدمات مرافعہ کو خود منفصل کرتے ہیں

محمد اکرام اللہ کمسد ر تعلقدار ... اپنی پیشی میں مقدمات مرافعہ کو جو منفصلہ تحصیلداری تعلقداران کی نا راضی سے صدر عدالت میں ... ہوتے ہیں ہمیشہ اپنی پیشی میں فیصلہ کرتے ہیں ۔ عہدہ مددگار صدر عدالت کا اگرچہ ... باہمہ بلحاظ حفظان وقت تنہا و نیز تعلقداران اضلاع صدر المہام عدالت تعلقدار بہت جلد کی کارروائی کو نہایت عمدہ خیال کرتے ہیں اور نہایت پسند کرتے ہیں اور ایما کرتے ہیں کہ اگر دوسرے صدر تعلقدار اسی طرح کارروائی کریں تو موجب خوشنودی صدر المہام کا ہوگا اور اسی طرح بعض مقدمات جو نوائی کو فیصلہ اضلاع کی عدالتوں اور اسامات کا جو قطعی اور ناقابل مرافعہ ہو اگر تعلقدار اور صدر تعلقدار بذات خود فیصلہ مقدمات میں مصروف ہوں تو نہایت موجب اطمینان صدر المہام کا ہوگا اس واسطے صدر المہام مدار المہام سرکار عالی کی منظوری سے ایما کرتے ہیں کہ تعلقدار اور صدر تعلقدار اس قسم کے مقدمات خود فیصلہ کریں اگر اسقدر فرصت نہ ہو کہ من اولہ الی آخرہ کارروائی اپنے اجلاس میں کریں تو اپنے مددگاروں سے ایما کریں کہ وہ بعد کارروائی ضابطہ کے اپنی رائے تحریر کرلیا اور وہ صرف بطور رائے کے ہو نہ بطور حکم کے اور صدور حکم اخیر کے غرض سے تعلقدار اور صدر تعلقدار کے روبرو پیش کریں ۔ تعلقدار اور صدر تعلقدار مجاز ہوں گے کہ حسب روئداد مثل اور اقتضای اپنے رائے کے خواہ مددگاروں کے رائے سے متفق ہوں خواہ اُن کے برخلاف تجویز کریں ۔ فیصلہ حسب رائے تعلقدار اور صدر تعلقدار کے مرتب ہوگا ۔

دفعہ ۲۰۷ — جو مقدمہ منتقل ہوگا وہ بدستور مددگار کی کتاب میں درج رہیگا

مقدمات جو بموجب من الدفعہ مددگاروں کے پیشی سے تعلقداروں اور صدر تعلقداروں کی پیشیوں میں پیش اور فیصل ہوں گے داخل نمبر ... مثلاً مقدمہ جس کتاب

کو مقدمہ میں ناظم عدالت ہیں اونکو بلحاظ اپنے اعلیٰ ذمہ واری عام نگرانی کے موقع مداخلت کا عدالت کنندہ کار دیا رہین بلا مزاحمت حاصل ہوا اور اس موقع پر صدر المہام عدالت تعلقدارون اور صدر تعلقدارون سے یہہ بھی امید رکھتے ہین کہ عہدہ داران موصوف مقدمات کو پیشی مددگاران سے منتقل کرنیکے وقت اسبابات کا ضرور لحاظ رکھین گے کہ کارروائی مذکورہ موجب اہانت اور بدرعبی مددگارون کی نہو یعنی طلبی مسلہ کی اکثر اہل غرض کے بیانات سبب سند پر عمل میں نہ آئے خصوصًا اون مقدمات مین کہ ان کا قطعی تجویز مجوزہ مرافعہ سے ممکن ہو۔ بہرحال تشخیص ضرورت یا عدم ضرورت انتقال مقدمات کی تعلقدارون اور صدر تعلقدارون کی رائی صائب پر منحصر ہے مگر یہہ اس کے کہ کوئی مقدمہ مددگارون کے پیشی سے تعلقدارون اور صدر تعلقدارون کی پیشی پر منتقل ہو پھر تعلقدارون اور صدر تعلقدارون کے حکم سے مددگاران کی پیشی مین واپس نہین ہو سکتا۔

فیصلہ مددگارون کے فیصلون مین تعلقدارون و صدر تعلقدارون کو دست اندازی کا اختیار نہین ہے۔

دفعہ ٢٠٥ جو مقدمات کہ مددگاران کے تجویز سے فیصل ہون یہہ فیصلہ ان کی اصلاح صرف بذریعہ مرافعہ اگر لایق مرافعہ ہون یا صرف بذریعہ تجویز ثانی ہون۔ ہو سکتی ہے جو مقدمات کہ قابل مرافعہ ہین ان مین تعلقدارون اور صدر تعلقدارون کی مداخلت جائز نہین ہے۔ ایسی مقدمات مین فریق مغلوب کی عرضی پر توجہ کر کے اور مددگارون سے کیفیت طلب کرکے یا تجویز ثانی کے واسطے ایما کرنا بالکل خلاف اختیار تعلقدارون اور صدر تعلقدارون کے ہے اور اسیطرح سے جو مقدمات کہ قابل مرافعہ نہین ہین اور ان کی اصلاح بذریعہ تجویز ثانی ممکن ہو تو فریق ضرر رسیدہ کو اختیار ہوگا کہ روبرو مددگار مجوز مقدمہ کے تجویز ثانی کی درخواست پیش کرے اور مجوزین موصوف مجاز ہون گے کہ اگر درخواست لایق پذیرائی ہے تو انہم التفات کرین ورنہ نامنظور کرین۔

ایسے مقدمات مین بجز کارروائی فقرہ مابعد کے دوسری قسم کی مداخلت کا اختیار تعلقدارون و صدر تعلقدارون کو نہین ہے فریق نا رضی و ضرر رسیدہ محکمہ بالا مین اپنی چارہ جوئی کر سکتا ہے۔

نظیر مقدمہ کی تعداد مالیت پانچسو روپیہ سے کم اور ایکسو سے زیادہ ہے ابتداءً یہہ مقدمہ مددگار کی عدالت مین دائر ہوا قبل از فیصلہ ایک فریق کی درخواست پر تعلقدار نے یہہ حکم دیا کہ تحقیقات کو مکمل کرکے مع اپنی رائے کے مددگار مقدمہ کو ہمارے اجلاس مین سپرد کرین چنانچہ مددگار نے ایسا ہی کیا ہے۔ تعلقدار نے مددگار کی رائے کے خلاف اپنی رائ سے مقدمہ کو فیصل کیا۔

مقدمات فیصل کرنیکے مجاز ہیں یا ان میں مقدار تک دعاوی جائیداد غیر منقولہ کے ہی۔

جواب دیا گیا ہے کہ بموجب روبکار محکمہ سرکار نشان (۲۳۱) مورخہ ۲۲ ... [illegible] مقدمات منقولہ و غیر منقولہ جنہیں محض مالیت تین سو روپیہ تک کی سماعت کر سکتے ہیں زرنقد کی تخصیص نہیں ہے۔ رہی یہ بات کہ مزارعت جائیداد غیر منقولہ کے دعاوی کا کیا حال ہو اسکا جواب واضح ہے کہ ادنیٰ روبکار کے بنا پر صدر منصف بلا قید منقولہ و غیر منقولہ سماعت کرینگے۔

[illegible] / [illegible] / [illegible]

دفعہ ۲۱۲ بر بنائے تحریک مجلس عالیہ عدالت حسب درخواست رعایائے تعلقہ راجورہ ضلع بیدر مولوی ضیاء الدین تحصیلدار تعلقہ مذکور کو جنہوں نے امتحان تحصیلداری میں کامیابی حاصل کی ہے تین سو روپیہ تک کے مقدمات دیوانی کی سماعت اور تصفیہ کا اختیار دیا گیا۔

مولوی ضیاء الدین تحصیلدار تعلقہ راجورہ کو تین سو روپیہ تک کے مقدمات دیوانی کی سماعت کا اختیار حاصل ہے۔

[illegible]

نظائر

(۱) اگر ایسے مقدمہ کی کل تحقیقات تحصیلدار نے کی جنکو اسکی سماعت کا اختیار حاصل نہ تھا بعد تحریر اظہارات و تحقیقات تحصیلدار نے مقدمہ کو بوجہ عدم اختیار عدالت ضلع میں منتقل کر دیا عدالت مذکور نے تحصیلداری کے تحقیقات پر فیصلہ صادر کیا۔ لہذا فیصلہ عدالت ضلع کا قابل منسوخی ہے۔ نگرشناد ونگہ بنام ساہوکوندا منفصلہ ۱۲ شہریور ۱۳۲۶ف (۱)

(۲) چونکہ مقدمہ گشتی نمبر ۲ سنہ ۱۳۱۵ف کے نفاذ سے پیشتر دائر ہوا تھا اور نیز مقدمات متنازعہ کی بابت کوئی حکم نہیں ہے لہذا یہ نہیں کہا جا سکتا ہے کہ تحصیلدار کو مقدمہ مذکور کی سماعت کا اختیار نہ تھا۔ ہمنت اننا راؤ بنام کیشوا چاری نمبرہ ۲۰ منفصلہ ۱۰ آذر سنہ ۱۳۲۶ف (۲)۔

(۳) جس صورت میں کہ عدالت ماتحت ابتدائی کو اختیار سماعت مقدمات سو روپیہ تک کا حاصل ہو تو وہ ایسی جائیداد کے مقدمہ کی جو باعتبار قیمت اور زر رہن کے سو روپیہ سے زائد ہو

---

۱۰۰ سو روپیہ کی تخفیف سے یہ بیان ہے کہ تحصیلدار ایسے دعاوی کی سماعت کے مجاز نہیں ہیں جنمیں ...[illegible] مالیت ... [illegible] ہو سکتا ہے مثلاً وصولی اجارہ حقوق ازدواج ... [illegible] اولاد یا محض ... [illegible] ... گشتی نمبر (۱) ... [illegible] مجلس عالیہ عدالت سنہ ۱۳۱۷ کے خلاف ہے جنمیں یہ حکم ہے کہ ہر ایک مقدمہ دیوانی ادنیٰ درجہ کی عدالت میں دائر ہوگا۔ ... [illegible] مجریہ ... [illegible] کے بھی خلاف ہے (۱) مشیر دکن جلد ۱ نمبر ۱ صفحہ ۱۶۷ (۲) مشیر دکن جلد ... نمبر ۲ صفحہ ۴۹۲

بھی درج ہوگا اور اسی طور سے جملہ کارروائیاں عمل میں آئینگی کہ گویا مقدمہ مددگار کی پیشی میں تھا۔ صرف خانہ فیصلہ میں نام تعلقدار یا صدر تعلقدار مجوز کا درج ہوگا۔ تاکہ اس کے ذریعہ سے مثل جات کی ترتیب میں آسانی ہو۔ (۱)

(صوبہ داروں کو وہی اقتدارات حاصل ہیں جو صدر تعلقدار کے تھے)

(۴) جبکہ بابی بیگم امام الدین خان کے حیات ہی میں تنخواہ کی ابتہ جب ڈگری پا چکی تھی اور مدار المہام نے اوس کے نام تنخواہ کے جاری ہونیکا حکم بھی دیدیا تھا گو اوس حکم کی تعمیل بعد وفات امام الدین خان کے ہوئی اور گو وہ امام الدین خان کے بیادریہ ہیں، لیکن اس صورت میں یہ تجویز نہیں کیا جا سکتا ہے کہ یہ تنخواہ اوس نے امام الدین خان کے وارث کے حیثیت سے پائی ہے۔ لہذا مرافعہ یا اوس کی تنخواہ امام الدین خان کے دیون کے ذمہ دار نہیں چونکہ ڈگری عدالت ماتحت مرافعہ کی تنخواہ پر موثر ہے لہذا اوسکو حق مرافعہ حاصل ہے۔ مسماۃ حاجی بیگم بنام گوپینا [illegible] نمبر مقدمہ (۳۰۰) منفصلہ ۱۵ اسفندار ۱۳۱۲ف (۴)۔

(۵) اجلاس کامل سے یہ تجویز ہوئی کہ سرکار عالی کا مرحمت آمیز قاعدہ ہے کہ اپنے ملازم متوفی کے رشتہ دار کو اوسکی جگہ اوس کے عہدہ پر مقرر فرمانی ہے، لیکن عہدہ مذکور کسیطرح ترکہ متوفی نہیں ہے۔ لہذا تنخواہ عہدہ کی جو جدید ملازم کو زمانہ آیندہ میں حاصل ہوتی ہے وہ قرضہ داری متوفی کے ذمہ دار نہیں ہوسکتی ہے اور [illegible]

(۱) مقنن دکن جلد (۱)۔ نمبر (۲۰) حصہ ۲ صفحہ ۱۹۔

(۲) 〃 〃 ۱ 〃 ۱۱ 〃 〃 〃 ۱۴۳

(۳) 〃 〃 ۲ 〃 ۳ 〃 〃 〃 ۹۸

(۴) 〃 〃 〃 〃 ۹ 〃 ۳ 〃 ۱۱۴

پیش ہونا اور اس حکم کے تعمیل میں مدعا علیہ نے مدعی کے دوکانون میں لوگوں کے بیٹھنے کو منع کیا تو گو درحقیقت اس ممانعت کی نسبت مدعی کو کرایہ نہ ملنے سے خسارہ عاید ہوا ہو لیکن مدعا علیہ اوس خسارہ کا ذمہ دار نہیں ہو سکتا ہے جو شاہی آفت کی حکم کے تعمیل میں کسی کو عاید ہو۔ اور جب کہ حکم شاہی انتظامی تھا تو خسارہ مدعی جو مدعا علیہ پر تھا وہ نہ تھا اور نہ عدالت ماتحت اوس نوبت مقدمہ میں جب ہائیکورٹ سے تحقیقات مزید کے واسطے واپس بھیجا گیا تھا ہائیکورٹ کی حکم تحقیقات سے اپنی تحقیقات کو وسیع کر سکتی تھی [illegible] بیجا نالش جدید کو منظور کرنا عدالت کا اختیاری کام ہے نہ لازمی۔ ہرمینا سنگھ بنام [illegible] فیصلہ ۱۵ اردی بہشت ۱۳۱۹ف (۱)۔

دفعہ ۲۸۶ [illegible] عدالت حربی منصرم تنقیح کار کو ہدایت کی تھی کہ جب عدالت دیوانی میں سرکار کوئی فریق ہو۔ ایسے مقدمات میں تا تقرر وکیل سرکار تعمیل الافادہ بیانات وغیرہ کی ادل [illegible] اردان [illegible] ہوا کرے اور جب وکیل سرکار مقرر ہو تو وہ فریق [illegible] جاوینگے اور پیروی کا بندوبست کرینگے۔ مجلس سے یہ درستی تسلیم کی گئی۔

باب ۱۱

وارثون کی ذمہ داری

دفعہ ۲۸۷ جب کسی متوفی کے وارث پر اوس کے مورث کے قرضہ کی بابت [illegible] کو چاہیئے کہ مدعی کو یہ ہدایت کرے کہ وہ جائداد متوفی کی ثابت کرے اگر جائداد [illegible] سے قرضہ وصول کیا جائیگا۔ وارث سے مورث کا قرضہ وصول نہیں کیا جا سکتا ہے [illegible] جو شخص متوفی کے ورثہ پر قابض ہوگا اوسی کو متوفی کے قرضہ کی ادا کرنا لازم ہے۔ جو مقدمات کہ قبل اجرائی گشتی ہذا کے فیصل ہو گئے اون سے یہ حکم متعلق [illegible]

(۱) [illegible] جلد ۳ [illegible] حصہ ۲ صفحہ [illegible]

(۲) [illegible] گشتی [illegible] ۱۳۱۷ [illegible] ملاحظہ طلب۔

باب ۱۷

معاہدات (۱)

معاملہ کا عدم — **دفعہ ۲۸۸** ساہوکار اور بیوپاریان وغیرہ بلدہ میں اور نیز تعلقات میں معاملہ خرید و فروخت مال و اجناس و ہنڈویات کا بہاؤ (۲) کے طور پر کرتے ہیں۔ یعنے صرف معمولی سے پہلے باہم قیمت مقرر کرکے بیع و شری صرف باخذ و داد رقم نفع و نقصان بوقت معینہ خود بغیر لینے اور دینے مال و اجناس وغیرہ کے شرط پر خرید و فروخت کا معاملہ کرتے ہیں اور اس قسم کے معاملات ناجائز ہیں۔ لہذا حکم دیا جاتا ہے کہ معاملات بہاؤ کے قابل سماعت نہ ہونگے اور اوس کے مرتکب کو سزا اور سررشتہ نگانیوالے کو جزا دیجائے گی۔

اشتہار سرکار عالی مورخہ ۱۸ شوال سنہ ۱۳۱۲ء

تشریح — ۱۸ شوال کو بعہد نواب مدار المہام مرحوم ایک اشتہار بہ مخالفت رواج سٹہ و بہاؤ کے عمل جاری ہوا تھا۔ اب معلوم ہوا کہ بیوپاری لوگ علانیہ بطور سٹہ معاملات کرتے ہیں۔ اس لیئے پھر وہ اشتہار دوبارہ مشتہر کر دیا جاتا ہے۔ تاکہ تمام لوگ اوس کے احکام کی تعمیل کا بطور کامل لحاظ رکھیں ورنہ بصورت خلاف ورزی مستوجب تدارک متصور ہوں گے۔

حکم مدار المہام بلاتاریخ عدالت نمبر ۔۔۔ بابت ربیع الاول سنہ ۱۳۱۳ء

نقل اشتہار

مورخہ ۱۸ شوال سنہ ۱۳۱۲ ہجری

در عرصہ چند ساہوکاران و بیوپاریان وغیرہ بلدہ فرخندہ بنیاد حیدرآباد و در تعلقات ممالک محروسہ سرکار رسیدہ خرید و فروخت مال و اجناس و ہنڈویات بعنوان بہاؤ کہ سٹہ و نیز نیز قبل از رسیدن وقت و ہنگام معمولی بیع و شری بقیمت مرتبہ باخذ و داد و محض رقم نفع و نقصان بر وقت معینہ خود ہا بدون گرفتن و دادن مال و اجناس وغیرہ کہ سٹہ خرید و فروخت الی قسم این خود ہا جاری نمودہ اند۔ امر مذکور چونکہ نادرست و در حقیقت بازی قمار بلکہ ناپسند سرکار بلکہ مضر

---

(۱) معاہدات معاملات عموماً تجارت کے متعلق ہوتے ہیں ... (۲) بہاؤ ...

قرار پاسکتی ہے علاوہ ازیں خواہ یا کبھی ہو جو متوفی کی ملکیت اوس کے حیات میں تھی قرضہ کے ذمہ داری کا نیلام بنام نربدا پرشاد نمبر مقدمہ ۲۹۹ منفصلہ ۱۸ خورداد ۱۳۱۹ف (۱)۔

(۶) گو مدیون اپنی ذاتی ملکیت کی بنا پر جائداد مفروقہ کی نسبت عذردار ہے لیکن جبکہ وہ اصل مدیون ڈگری کا بیٹا ہے اور اوسکا قایم مقام بنا لیا گیا ہے تو وہ جائداد متفرقہ اس کے مقابلہ میں ادائی ڈگری کی طرف سے داخل ہوسکتا ہے۔ علحدہ نالش کرنے کی کچھ ضرورت نہیں ہے۔

جبکہ تحریری ثبوت سے مکان کا ذاتی ملکیت عذردار کا ہونا ثابت ہے تو وہ ڈگری مورث میں قرق نہیں ہوسکتا ہے۔ ایک اور مقدمہ میں عذرداری نے ایک مکان اپنے باپ کا مملوکہ قبول کیا ہے لیکن اس سے یہ ثابت نہیں ہوسکتا ہے کہ وہ یہی مکان ہے بلکہ عذردار یہ بھی قبول کرتا ہے کہ میرے باپ کا ایک اور بھی محلہ میں جہاں یہ متنازعہ مکان ہے موجود ہے یہ حجت کہ وہ اقبالی مکان متنازعہ سے متعلق ہے کبھی پیش [illegible] ہے ثابت نہیں کیگئی ہے۔ گوکلداس بنام میر اشرف علی نمبر مقدمہ ۱۸ منفصلہ ۱۲ بہمن ۱۳۱۶ف (۲)۔

(۷) مدیون ڈگری کا قایم مقام اوس عدالت میں جہاں ڈگری اجرا کے واسطے منتقل ہوئی ہو اجرائے ڈگری کی نسبت عذر کرسکتا ہے۔ اور جو احکام بمقابلہ مدیون یا قایم مقام مذکور کے باتباع اجرائے ڈگری مذکور صادر ہوں انکا اپیل ہوسکتا ہے۔ سید یعقوب وغیرہ بنام سید قاسم وغیرہ نمبر مقدمہ (۱۰۱) منفصلہ ۲۳ [illegible] ۱۲۹۰ف (۳)۔

(۸) جبکہ مدعیہ کا محمد قاسم کے ساتھ نکاح ہونا ثابت ہے تو وہ اوس کے متروکہ کی حقدار ہے مدعیہ سے جبراً لکھوانا بجائز فارغ خطی لکھا لینا ایسا امر نہیں ہے جس سے اوسکا حق زایل ہوجاسکے ایسی فارغ خطی کالعدم ہے۔ کریم بی زوجہ محمد قاسم مدعیہ۔ مرافعہ بنام حسینی خانم زوجہ محمد حسن [illegible] مدعی علیہا مرافعہ علیہا۔ [illegible] (۴)۔

---

(۱) مجموعہ احکام [illegible] نمبر ۹ جلد ۲ صفحہ ۱۵۲

(۲) " " " " ۹۵

(۳) " " " " [illegible]

(۴) " " " " ۱۳۱۹ف

اور کمی سے اور خدمت سے بحالی اور موقوفی سب دربار پر منحصر ہے کمی یا زیادتی یا موقوفی ہوگی۔

تجویز ہوئی کہ یہ قانوناً معاہدہ بے بدل ہے اور شرعاً صرف ایک وعدہ ہے جس کی ایفا پر کوئی مجبور نہیں کیا جاسکتا۔ تنقیح نمبر ۵ دارالقضا اسمٰعیل ملی مرافعہ علیہ بنام محمد داؤد ولد اسمٰعیل مدعی علیہ مرافعہ دالیہ (۱)۔

(۲) ایک مقدمہ زیر تجویز دعوی کی نسبت جس میں مورثان مدعی علیہ نے اپنی جائداد سے مدعی کو بلکہ دو سو پچاس سالانہ روپیہ سے دینے کا وعدہ کیا تھا کہ مدعی کا کوئی مورث سے بحکم مدعی علیہ کے مورث کے نام سے ہلاک کیا گیا تھا اور اس معاوضہ میں یہ کہا تھا کہ ستلخ دعوی زر قدر خلافی جائداد علیحدہ کرائی جائے گی۔

تجویز ہوئی کہ حکم مدارالمہام مورخہ ۱۸ رجب سنہ [illegible] بلحاظ میعاد ۱۲ سال متعلق نہیں ہے۔ دارالقضا [illegible] کے وہ دن سے متعلق ہے کہ آیا اقرار [illegible] ایک وعدہ ہے اور قانوناً ایک ناجائز معاہدہ ہے جس کی تعمیل نہیں کرائی جاسکتی۔ محمد [illegible] مدعی مرافعہ بنام [illegible] سیورنگ [illegible] مقام [illegible] مدعی علیہ مرافعہ علیہ (۲)۔

دفعہ ۲۸۹ — مقدمات جائداد جن کی بنا ماہ [illegible] مطابق سوم شعبان سنہ [illegible] ہجری کے واقع ہوئی ہو عدالت میں مسموع نہ ہوں گے۔

مقدمات جائداد جن کی بنا [illegible] شعبان سنہ [illegible] سے پیدا ہوئی۔

[illegible] ذی الحجہ [illegible]

نظائر

مدعی علیہ نے مدعی سے یہ معاہدہ کیا کہ میرا مقدمہ جو مجلس عالیہ میں دائر ہے اس کی پیروی و خرچہ مدعی اپنے خرچ سے کرے بعد جیتنے مقدمہ اور ملجانے کل زر ڈگری کے [illegible] روپیہ دونگا۔ مقدمہ مذکور فتح ہوا اور زر ڈگری مل گیا۔ اس کے بعد بربنائے معاہدہ مذکور مدعی چار ہزار کا دعویدار ہے۔ اس دعوے کے جواب میں مدعی علیہ کے یہ عذر ہیں کہ معاہدہ حسب اصول دفعات ۲۰ و ۲۳ قانون معاہدہ کے کالعدم ہے اور حسب دفعہ ۲۵ بلا بدل ہے اور چونکہ کوئی بدل دستاویز میں موجود نہیں ہے لہذا بدل کی زبانی شہادت حسب دفعہ ۹۲ قانون شہادت نہیں لیجاسکتی ہے۔

(۱) رسالہ [illegible] دکن جلد [illegible] نمبر [illegible] بابتہ [illegible] ف

(۲) " " " " [illegible] بابتہ [illegible] ف

بحق اینها است ونتیجه آن ضرر عظیم با عوام میرساند۔ ومعامله خرید وفروخت غله بطریق پهاگٹه اسٹا واگر چه
از سرکار بانسداد وتردید کلی معاملات پهاگٹه لفت الیه کلی است ۔ بر این هم مجدداً بتقدیم تبلیغ اشتهار
داده میشود که ساهوکاران وبیوپاریان وغیره که مرتکب معامله پهاگٹه به بلده حیدرآباد خواهند گردید
از سرکار بنده‌های استغاثه آنها برایهم دیگر نخواهد شد وبه حسب مناسب سزای معقول به مرتکبان
خواهد رسید۔ وبه تعلقه‌داران وجاگیرداران وغیره ممالک محروسه سرکار لازم که هرگاه اخبار خرید
وفروخت غله بنوان پهاگٹه بخود ما میرسد فی الفور اسامیان را طلبیده تحقیقات قرار واقعی نموده
در حالت ثبوت جرم از بایع ومشتری بقدر استعداد ومناسب حال آنها جرمانه بگیرند وکسانیکه
اختیار خرید وفروخت غله بطریق پهاگٹه در بلده حیدرآباد ودر تعلقات در سرکار دائر ود۔
تعلقه‌داران وغیره خواهند رسانیده وبه ثبوت آن از روی اینها کهاته وغیره کرده خواهند داد ۔
بجلدوے آن حصه چهارم از رقم جرمانه که از مرتکبان امر مذکور گرفته خواهد شد به شخص سراغ دهنده
خواهد رسید۔

نظائر

(١) ایک نالش زر قرضہ میں جو بربنائے ایک ایسی دستاویز کے کیگئی تھی جسمیں یہ شرط
درج تھی۔ کہ زر قرضہ ادسوخت ادا کیا جائیگا۔ چونکہ مدعی علیہ کی جاگیر ضبطی سرکار سے واگذاشتہ
ہوگی۔ یہ تجویز ہوئی۔ کہ جس صورت میں جاگیر مذکور شریک خالصہ ہوگئی ہے اور شرط
مذکور کا پورا ہونا ناممکن ہے۔ تو بنائے مخاصمت پیدا نہیں ہوئی اور معاہدہ کالعدم ہوگیا
سروپ چند ہزاری لال بنام زنگیا نائک نمبر مقدمہ (١٣٢) منفصلہ ٢١۔ اردی بہشت سنہ ١٣١١ ف
(٢) جب معاہدہ تحریری یہ تھا کہ زمین ہمیشہ کے لئے بعوض ٥ سالانہ پر مرافعہ علیہ کے اجارہ
میں رہے۔ اور اب بیدخل کردیا گیا ہے تو یہ اجارہ غیر منفک تھا اور غیر موقت اجارہ شرعاً
ناجائز ہے لہذا و ایسی دخل نہیں کرائی جاسکتی۔ دامے کنیڈے راو بنام رمیا (١)۔
(٣) ایک جزو تنخواہ کے دعویٰ کی نسبت جو ایک ایسے اقرارنامہ کے بنیاد پر کیا گیا تھا
جو مدعی نے اپنا تقرر کمیدانی پر دسپنے بھائیوں کی رضامندی حاصل کرنیکے بعد اس مضمون سے
لکھا تھا کہ نصف تنخواہ کمیدانی عہ ماہانہ دیا جائے گا۔ اور کمیدانی کے تنخواہ کے اضافہ

(١) مفتی دکن جلد ٤ سنہ ١٣١٢ ف نمبر ٤ حصہ ٣ ۔

ہونے یا اس امر کا کہ نابالغ کے فائدہ کیواسطے قرضہ لیا گیا تھا ثبوت پیش کر سکتا نابالغ کے وجہ سے ہی صرف جائداد موروثی میں سے نابالغوں کا حصہ ذمہ داری قرضہ سے بری ہو سکتا تھا۔ نہ کل جائداد

مکفولہ۔ سیولسیا بنام سولسیا بنر بیوم ہو مںفصلہ ۱۵ فروری سنہ ۱۹۱۲ ف (۱)

(۴) عدالت ابتدائی نے مدعی کی درخواست اجازت نالش مثالی اس بنیاد پر نامنظور کی تھی کہ دلیل از جانب بحالت تحقیقات مقدمہ بیان کیا تھا کہ نو خدمت بنا بر کامیابی مقدمہ کے مدعیہ جائداد متدعویہ سے قرضہ ادا کر سکے گی اور بصورت عدم کامیابی اوس سے کچھ نہیں لیا جائے گا۔

تجویز ہوئی۔ کہ جو الفاظ وکیل مدعیہ نے بیان کئے ہیں اوس سے کوئی معاہدہ ایسا نہیں پایا جاتا جو وکیل کو جائداد متدعویہ میں شریک بناتا ہو جیسا کہ درمیان گنگبتی نشان (۲) دیوانی میں جس شریک کا ذکر ہے اوس سے شریک جائداد مدعا بہا مقصود ہے۔ مساۃ اندرانی بائی زوجہ شیو لال مدعیہ مرافعہ بنام مساۃ منا بائی مساۃ بانو بائی وگوبند پرشاد وغیرہ مدعا علیہم (۲)۔

(۵) جبکہ اقرارنامہ معاہدہ میں حق معاش ستدی موروثی تسلیم کیا گیا ہے تو پھر اسکی نسبت کوئی حجت نہیں ہو سکتی ہے۔ مگر سد الہیام مال معدرہ سنہ ۱۲۸۳ ف کی دفعہ (۵) کا یہ منشا ہے کہ امیدوار جو بوقت مددی کے خدمت کا کام کرتے ہوں آمدنی معاش مددی کا ایک ثلث دیا جائے۔ اقرارنامہ سے بھی ایک ثلث یا اوس کے قریب مستفید ہوتا ہے۔ لہذا ایک ثلث میں مدعیان حصہ پانیکے مستحق ہیں۔ چونکہ مدعیان بارہ سال سے اندر آمدنی کے حصہ کا دعویٰ کرتے ہیں اس لئے یہ حجت نہیں ہو سکتی ہے کہ مدعیان نے یہ ثابت نہیں کیا کہ اونہوں نے کبھی حصہ پایا ہے۔ تیمرا سیا وغیرہ بنام مساۃ ماسکا بر مقدمہ (۱۱) مںفصلہ ۱۱ اسفندار سنہ ۱۳۲۹ ف (۳)۔

(۶) گنگبتی سدالہیام مالگزاری کے رو سے جو ادس نمبر (۶) معاہدہ میں جائز ہے کہ جب کوئی شخص متوفی ہو تو شخص مذکور کو ایک ثلث آمدنی پٹیل کی ملسکتی ہے۔ ایسا شرط کسی معاہدہ میں جائز نہیں ہے جس کا یہ منشا ہو کہ کوئی شخص اعتراض عدالت سے بیدخل کیا جائے۔ محمد زیدی بنام بیوہم ریڈی عابر (۱۱) منفصلہ ۱۰ فروردی سنہ ۱۳۲۹ ف (۴)۔

---

(۱) مقبول دکن جلد ۲ نمبر ۱ صفحہ ۲۲۲

(۲) " " " " ۱۰ " ۳ بابتہ سنہ ۱۳۱۱ ف

(۳) " " " ۵ " ۴ " صفحہ ۵۹

(۴) " " " ۵ ۵ " صفحہ ۲۴

تجویز ہر سجہ لی - کہ دفعہ ۳۰ اس مقدمہ سے متعلق نہیں ہے کیونکہ یہ معاہدہ کھیل کود مثل جوئے وغیرہ کے نہیں ہے بلکہ معاہدہ مشروط ہے اور حسب دفعہ ۳۱ جائز ہے اور حسب دفعہ ۳۲ بوقت وقوع شرط کے قابل النفاذ ہے نہ اس معاہدہ سے دفعہ ۲۳ متعلق ہے کیونکہ نہ غرض نہ بدل معاملہ کا ناجائز ہے نہ خلاف قانون ہے نہ مبنی الفریب ہے نہ کسی کے ذات یا مال کے مضر ہے نہ خلاف تہذیب اور نہ مصلحت عامہ کے خلاف ہے بلکہ ایک درست معاہدہ ہے۔ دستاویز میں معاہدہ کا بدل نہیں لکھا مگر کہا جاتا ہے کہ اسکا بدل مقدمہ کی پیروی کرنا اور اوسکا خرچہ دینا قرار پایا تھا اگر یہ ثابت ہو جائے تو بلاشک کافی بدل ہے اور معاہدہ جائز ہے اور اوسکی شہادت زبانی گذر سکتی ہے۔ دفعہ ۹۲ قانون شہادت کے رو سے صرف وہ شہادت زبانی نہیں لیجا سکتی ہے جو مخالف و متناقض دستاویز کے ہو۔ اس مقدمہ میں ایسی صورت نہیں ہے۔ یہ زبانی شہادت لیجاوے۔ سیتارام بنام ہری شنکر نمبر مقدمہ ۵۶ منفصلہ ۲۹ بہمن ۱۳۱۹ ف (۱)۔

(۲) جبکہ یہ امر ثابت ہے کہ صدر مہتمم صفائی نے پندرہ روپیہ ماہواری پر دوکان کرایہ پر دی اور دیداران کرایہ دار نے کمی کرایہ کی درخواست محکمہ مدار المہام میں پیش کی اور وہ درخواست فیصلہ کے لئے محکمہ صدر المہام میں بھیجی گئی اور صدر المہام نے بجای پندرہ روپیہ کے ۱۲ کرایہ مقرر کر کے مدار المہام کو اطلاع کر دی اور معاملہ ختم کر دیا گیا تو ایسی صورت میں سرکار بوجہ کمی کرایہ معاہدہ فسخ نہیں کر سکتی ہے کیونکہ جو کمی ہوئی ہے وہ سوچ سمجھ کر ہوئی ہے اور نہ سرکار یہ حجت کر سکتی ہے کہ صدر المہام مقرر کا منشا اور مہتمم [illegible] کا اختیار نہ تھا اس وجہ سے کہ دونوں عہدہ داروں نے بہ حیثیت سرکاری ضابطہ کے [illegible] دستخط کئے ہیں اور وہ کرایہ نامہ انکے اختیار کا ایک باضابطہ ثبوت ہے [illegible] ذمہ [illegible] عہدہ داروں کو ایسی کارروائی کا اختیار نہ تھا۔ [illegible] استدلال کرنا کچھ مفید نہیں ہے کیونکہ ممکن ہے کہ کسی اور حکم کے رو سے ایسا اختیار دیا گیا ہو سرکار بنام سخاوت حسین۔ نمبر ۵۰م منفصلہ ۲۲ شہریور ۱۳۲۰ ف (۲)۔

(۳) خلاف مرضی [illegible] کے جو معاہدہ [illegible] نے باہم کر لیا ہو اوسکا پابند [illegible] نہیں ہو سکتا جبکہ نابالغی کا عذر عدالت ابتدائی میں ہو اور بعد ازاں ہوا تو وہاں کو ثبوت کا موقع دینا چاہئے [illegible]

(۱) مخزن دکن جلد ۲ نمبر ۹ ۱۳۱۹ صفحہ ۱۲۱،۱۲۲۔

(۲) ″ ″ ۳ ″ ۱۲ ″ ۲۲۳۔

واقع ہونے کی شہادت نامنظور کرکے عدالت ابتدائی نے مہر کی ڈگری کردی اور اقرارنامہ کو اس وجہ سے باطل قرار دیا کہ وہ مشروط ہے اور اس کی شرائط غیر صحیح ہیں۔

مرافعہ میں یہ بحث ہوئی کہ بموجب دفعہ ۲۳ قانون معاہدہ اور حسب مادہ ۲۰۸ و ۲۰۹ کتاب مجلہ کے اقرارنامہ کی شرائط ناجائز ہیں۔ تجویز ہوئی کہ معاملہ ہذا میں قانون معاہدہ پر غور نہیں ہو سکتا ہے خصوصاً جبکہ اقرارنامہ میں یہ لکھا ہے کہ مہر سے حسب شرع مدعا علیہ بری ہو جائیگا جو قاعدہ مادہ ۲ مجلہ میں لکھا ہے وہ ابراء مہر اور دین سے متعلق نہیں ہے بلکہ ایسی معافی سے متعلق ہے جن میں تعلیق کرنا جائز ہے۔ حبیب عبداللہ بنام زہرہ بی نمبر ۱۸ منفصلہ ۱۰ اردی بہشت ۱۳۴۵ ف (۱)۔

(۱۱) جبکہ ہبہ نامہ لکھا گیا اور اس میں موہوب لہ کو قبضہ دینا تحریر ہے اور ہبہ نامہ پر مدعی کے والد کی گواہی بالتصدیق نفاذ ہبہ کی ثبوت ہے جبکہ مدعی تسلیم کرتا ہے تو اب عدم نفاذ ہبہ کی حجت نہیں ہو سکتی ہے۔ سید شاہزادہ قادری بنام سید علی قادری نمبر ۴۹ منفصلہ ۲۰ اردی بہشت ۱۳۴۲ ف (۲)۔

(۱۲) دعاوی جاگیرات میں جو بربنائے قائم مقامی دائر ہوں تمادی مانع نہیں ہے۔ صدرالمہام کا منشا یہ ہے کہ جو انتقالات روبکار کی تاریخ سے پہلے عمل میں آ گئے ہیں اور جن پر عذر نہیں ہوا وہ جائز تسلیم کر لئے گئے ہیں۔ اور تاریخ مذکور کے بعد انتقالات بوجہ عدم تحریری اجازت ناجائز سمجھے جائیں گے۔ پس جب فریقین کو تسلیم ہے کہ انتقال کی نسبت کوئی اعتراض نہیں ہوا تو انتقال جائز ہے۔ جو منتقل ہوا وہ بلاشک حق مشاع تھا لیکن چونکہ جاگیر بہت چھوٹی ہے اور حصہ دار کثیر ہیں اور وہ اپنی نوعیت کے لحاظ سے ہی قابل تقسیم نہیں ہے۔ لہذا اس کا انتقال بقدر حصہ انتقال کنندہ جائز ہے۔ واقعات ایسے ہیں کہ وہ ہبہ جو واہب نے اپنے بیٹے کے نام کیا دادا نے منسوخ کر دیا۔ حبیب اور بیٹا پیدا ہوا اور وہ ایسا کہ نکاح شرعاً بعض صورتوں میں مجاز ہے اور ان صورتوں میں اور اس کے ورثہ اپنا شرعی حصہ پا سکتے ہیں۔ سید محمود بنام سید ابراہیم نمبر ۱۲ منفصلہ ۱۰ اسفندار ۱۳۴۹ ف (۳)۔

(۱۳) جس معاہدہ ضمانت کے جائز نالش ہے اس کے الفاظ یہ ہیں کہ اگر ناظر صاحب

---

(۱) منتخبات دکن جلد ۱۰ نمبر ۷ حصہ ۳ صفحہ ۱۰۰۔
(۲) " " " ۴ " ۷ " ۳ " ۱۲۴
(۳) " " " ۵ ۹۶ " ۳ " ۷۷

(۷) جبکہ یہ بات مسلمہ ہے کہ معاہدے کی غرض یہ تھی کہ معاہدے کے قرضخواہوں کو فریب دیا جائے تو عام اس سے کہ فریقین معاہدہ نے باہم ایک دوسرے نے فریب کیا ہو مگر فریبی شخص کو ایسے معاہدے کے بناء پر عدالت میں آنیکا حق نہیں ہے۔ چونکہ اصل زر قرضہ کی مقدار جو فرضاً جو کم کیا گیا ہے بدل معاہدہ سے ممیز نہیں ہو سکتی ہے۔ اس لیئے دونوں رقموں کے بنا ایک ہی فریب ہے۔ سعد گیرے بنام رانی انباباٸی نمبر ۲۷۲-۲۔ منفصلہ ۱۳- امرداد ۱۲۹۹؁ ف (۱)

(۸) معاہدہ میں شرط یہ تھی کہ ٹھیکہ دار آبادی موضع میں تغافل نکرے اور موجودہ حالت سے اوسکی حالت کم نکرے اگر ایسا کرے گا تو معاہدہ فسخ ہو جائے گا اسکا مطلق ثبوت نہیں کہ ٹھیکہ دار مرتکب ایسے افعال کا ہوا۔ جس سے وہ مستوجب بیدخلی و معاہدہ قابل انفساخ ہو۔ چند درختوں کا کاٹنا معاہدہ میں داخل ہے اور کبھی شکمی ٹھیکہ دار درختان کا غلطی سے چند درخت میوہ کے کاٹ ڈالنا معاہدہ کے خلاف ورزی نہیں ہے۔

— افتادہ باؤلیوں کے پتھر نکالکر باؤلیوں میں لگانا بھی موضع کا ویران کرنا نہیں ہے۔ میر مظہر علیخان بنام گورما۔ نمبر مقدمہ ۲۹۱ منفصلہ ۱۷- مہر ۱۲۹۲؁ ف (۲)۔

(۹) جبکہ فارغخطی کا نفاذ ایک رقم کے ادا ہونے پر منحصر تھا جو کامل طور پر ادا نہیں ہوئی اور قبل نفاذ فارغخطی یہ دعوے کیا گیا ہے تو ایسی صورت میں وہ حقوق نہیں ملسکتے ہیں۔ جو بہ حالت نفاذ فارغخطی کے ملتے۔ اجلاس کامل۔ باجیرا و بنام منگل داس نمبر مقدمہ ۳۹ منفصلہ ۱۸- اردی بہشت ۱۲۹۵؁ ف (۳)۔

(۱۰) بحالت نکاح مدعیہ نے اپنے شوہر کے نام جو مدعاعلیہ مقدمہ ہذا کا ہے ایک اقرار نامہ بایں شرط سے لکھدیا کہ اگر دو مہینے میں اپنے والدین کے گھر سے مدعاعلیہ کے مکان پر نہ آئیگی یا کسی قسم کا فساد مدعیہ یا مدعیہ کے اقربا مدعاعلیہ سے کریں تو حسب شرع شریف دین مہر سے مدعاعلیہ بری ہو جائے گا۔ مدعاعلیہ نے مدعیہ کو طلاق دیدیا اوس کے بعد مدعیہ نے زر مہر کے ملنے جانبکا یہ دعوے پیش کیا۔ نتیجہ مدعیہ کے اقرار نامہ کے خلاف ورزی کے

---

(۱) منتخب دکن جلد ۵ نمبر ۱۱ حصہ ۲ صفحہ ۱۳۸
(۲) " " " ۳ " ۱ " ۳ صفحہ ۵
(۳) " " " ۱ " ۸ " ۳ صفحہ ۱۴۹

نمبر ۵۰۴ ـ منفصلہ ۱۰ آبان سنہ ۱۳۳۵ف (۱) ـ

(۱۷) چونکہ اقرار یہ ہے کہ مدیون روپیہ واپس دگر وہ کو ادا کرے گا لیکن ادائی کی کوئی بالالزام ادا ضامن کو اگر اوس نے ضامن کو ویا ہو ادس مقدمہ میں جو ورثہ سے مال دریافت طلب ہے اس کی حیثیت مقدم نہیں ہو سکتی ہے ـ پچھیں رو تمام چندر دراس (۲) ـ

(۱۸) گو اس ملک میں قانون معاہدہ جاری نہیں ہے لیکن معاملات کا فیصلہ بروئے اصول انصاف ... کیا جاتا ہے ... اور اس ملک میں قانون شرع جاری ہے اور عاملہ شراکت میں شرع اور قانون معاہدہ میں یکسان یہ مسلم ہے کہ شریک کے فوت ہونے پر شراکت فسخ ہو جاتی ہے ـ قانون معاہدہ کی دفعہ ۱۰۲۱ ... بعد ... ہے کہ ... لہذا جو افعال و معاملات مدعی علیہ ... نے بعد مدعی لیے اپنے شریک کے سرمایہ سے کئے اون کو مدعی نے قبول کر لیا تو ان افعال اور معاملات کے نتائج کا الزام مدعی مستحق ہے ـ قانون کا منشاء ہے کہ متوفی کے حق کی حفاظت کیجائے نہ یہ کہ اسکا حق تلف کیا جائے ـ پس اس صورت میں بوجہ فسخ ہو جانے شراکت کے متوفی کا قائم مقام اپنے مورث کے سرمایہ کے منافع سے محروم نہیں ہو سکتا ہے ـ جبکہ کارروائی مدعی سے ... کی بدنیتی پائی جاتی ہے تو ایسی صورت میں مدعی کو یہ حکم دینا کہ وہ کاروبار کی امداد پر اپنے حصہ کے وصول کا دعویٰ کرے اسکی حق تلفی کا باعث ہے ... مدعی علیہ اصلی ... سے سازش کر کے اوس کا حق تلف کرے گا

گوپال ... بنام ... نمبر ۲۲۸ منفصلہ ۱۵ اردی بہشت سنہ ۱۳۲۹ف (۳) ـ

رہن

رہن کی تعریف	**دفعہ ۲۹۰** میعاد سماعت کے باب میں لفظ رہن مندرجہ مکاتبہ سرکار عالی سے وہ رہن مراد ہے جسکی صحت بموجب شرع منظور ہو اور اوسکا اطلاق رہن پر ہو سکے گر رہن دیگرہ کے مقبوض ہونیکی صورت میں بلحاظ جملہ امور ضروری اور دستور مجریہ کے منظور ہونی چاہیئے ـ	مکاتبہ سرکار ... شوال ... نشان ۵۱۷
میعادی رہن کا اندر میعاد کے بھی انفکاک ہو سکتا ہے ـ	**دفعہ ۲۹۱** گو رہن ایک مدت معین کے واسطے عمل میں آیا ہو مگر راہن کو اختیار ہے کہ بلا انتظار انقضائے مدت زر رہن ادا کر کے انفکاک کرا لے ـ	حکم صدر العالیہ ...

(۱) رسالہ مغن دکن جلد ... حصہ ۳ نمبر ... (۲) رسالہ مغن دکن جلد ... حصہ ۳ نمبر ...

(۳) " " " " (۴) " " " "

موصوف بروعدہ نرسانند ایجاب خواہد دانید۔" ان الفاظ سے اوس سے شرح جو معاہدہ مستفید
ہوتا ہے وہ معاہدہ فاسد نہیں ہے۔ ایسے معاہدہ کو زمان تقاضا کہتے ہیں اور اسکا حکم یہ ہے
کہ زمانہ تقاضا سے یہ لازم نہیں آتا ہے کہ ضامن خود ادا کرے۔ بلکہ اوسکا کام تقاضا کر نیکا ہے
پس ایسا معاہدہ فاسد نہیں ہے اور جب فاسد نہیں ہے تو اوسکی بنا پر نالش ہو سکتی ہے سید
امین الدین علی بنام محبوب علیخان نمبر ۱۰ منفصلہ یکم دے ۱۳۱۸ف (۱)۔

(۱۴) ڈگریدار و مدیون ڈگری میں صلح ہوئی اور اوسکی تعمیل کی ضمانت دیگئی گو صلحنامہ
اور ضمانت نامہ عدالت میں تصدیق کیگئی۔ لیکن کوئی ضمانت عدالت نے طلب نہیں کی تھی تو ایسا
ضمانت خانگی ہے۔ عدالت میں تصدیق ہونے سے اوسکی حد حیثیت میں کچھ فرق نہیں آسکتا ہے
لہذا ایسی ضمانت کی رو سے ڈگریدار ضامن پر ڈگری جاری نہیں کرا سکتا ہے۔ اجلاس کامل نارائن راؤ
بنام راجہ مندلال وغیرہ۔ نمبر ۱۹۔ منفصلہ ۱۰ اسفندار ۱۲۹۷ف (۲)

(۱۵) گو از روے قانون معاہدہ دفعہ ۱۲۷ تمثیل (ج) ایسی ضمانت جو لعد طے معاملہ دائین
و مدیون کیجائے بلا بدل ہے۔ چونکہ اس ملک میں قانون معاہدہ بہ حیثیت قانون جاری نہیں ہے۔
لہذا بلحاظ اوس کے اصول انصاف حقیقی کے رو سے معاملہ کا فیصلہ ہونا چاہئے۔ اصل مدیون میں دستاویز
میں یہہ تحریر کیا کہ مدعا علیہ کے دوکان سے مدعی کو ماہ بماہ روپیہ لا کرے گا اور مدعی نے اسکو قبول کر لیا اور تحریر
دستاویز کے ایک مہینہ اور کئی دن بعد دستاویز پر مدعا علیہ نے یہہ عبارت لکھدی کہ "ہر مہینہ سو روپیہ
ادا دیتا رہونگا" اسمیں شک نہیں کہ اس عبارت سے ضمانت کافی عمل میں آئی اور انصافاً مدعا علیہ
اس ضمانت کا پابند ہے۔ سومیا بنام میا رام نمبر ۵ منفصلہ یکم بہمن ۱۲۹۵ف (۳)

(۱۶) جبکہ اصل مدیون کے ذمہ کا قرضہ جو سابق کا تھا ضامن نے اپنے ذمہ کر لیا اور اوسکی
ایک قسط بھی ادا کی تو ایسی صورت میں صرف مدیون کو تسہیل ہوئی۔ بلکہ وہ بار قرضہ سے سبکدوش
ہو گیا۔ اور یہہ بھی امر ضمانت کا بدل ہے کسی معاہدہ کا بوجہ عدم تعمیل کسی شرط کی تبدیل یا منسوخ
ہونا نہیں کہا جاتا ہے جسکی سبب سے ضمانت ساقط ہو جائے۔ سر ابو تراب بنام ہری رام

(۱) نقض دکن جلد ۲ نمبر ۳ حصہ ۳ صفحہ ۹۱۔
(۲) " " " " " " " ۱۱۹۔
(۳) " " " " " " " ۲۰۹۔

اس فیصلہ کا مرافعہ ہوا اور یہ تجویز ہوئی کہ جب جائیداد کے رہن میں یہ معاہدہ کیا گیا کہ اگر "چار مہینے میں اصل اور سود ادا کر سکے تک رہن نہ کرائیں گے تو آیا گیا کرا دیں گے ۔ اس کے یہ معنی نہیں ہیں کہ بعد انقضائی مدت چار ماہ کے انفکاک نہ کرایا جائے تو بیع ہو جائیں گے اور استحقاق انفکاک زائل ہو جائے گا تا وقتیکہ بعد انقضائے مدت بیع کی تکمیل نہ ہو۔ بیعنامہ پیش کردہ مدعا علیہ مدعی کے کارندہ کی طرف سے بحالت موجودگی مدعی کے لکھا گیا ہے۔ اور کارندہ کو بحالت موجودگی مالک کے اوسکی جائیداد کے منتقل کرنیکا منصب نہ تھا۔ اور نہ وہ معتمد تھا اور کارندہ اب موقوف ہوگیا ہے لہذا ایسا بیعنامہ قابل پذیرائی نہیں ہے ۔

(۲) جب کہ مدعی نے یہ دعوی اس بیان سے کیا ہے کہ ناجائز اور زبردستی قبضہ مدعا علیہم نے جائیداد پر کر لیا ہے اور اب امر فریقین وہ رہن کو تسلیم کر کے بانفکاک رہن دخلیابی کا مستدعی ہے لہذا اوسکی استدعا منظور نہیں ہو سکتی ہے کیونکہ اگر قبول کر لیں تو مرضی دعوے کے بالکل ایک بیان خلاف کو منظور کرنا لازم آتا ہے اور یہ نا درست ہے ۔ ہرپرشاد بنام رام لبھ نمبر ۵ منفصلہ ۱۱۔ اردی بہشت ۱۳۲۵ ف (۱)۔

(۳) جبکہ رہن ہونا قبول ہے اور یہ مطلق ثابت نہیں کیا گیا کہ ایشری نے مکانات کو مدعی سے ذکر کرا کر مدعا علیہ کے پاس رہن کر دیا تھا ۔ اور جبکہ یہ ثابت ہے کہ وہ شخص جسکے ذریعہ سے مدعا علیہ قابض ہے مرتہن تھا تو یہ ظاہر ہے کہ شخص مذکور اوس حق سے زیادہ مدعا علیہ کو نہیں دے سکتا ہے جو خود اوسکو حاصل تھا۔ لہذا کوئی امر انفکاک رہن کا مانع نہیں ہے ۔ مورتی بائی وغیرہ بنام گلبنا تھ وغیرہ نمبر ۲۶۰۳ منفصلہ ۱۱۔ محرم ۱۳۱۸ھ (۲) :

(۴) جب کہ متعاقدین رہن بر فریق جداگانہ بیان کرتا ہے تو مقدار کو تنقیح طلب قرار دیکر مفصل تحقیقات کے بعد فیصلہ کرنا عدالت پر لازم تھا ۔ الفاظ " سه بدرو پیه " کو جو صاف ہیں کاٹ کر دو سو پچاس بنائے گئے ہیں ۔ یہ اسٹامپ جعل ہے ۔ جبکہ مدعا علیہ دو سو روپیہ کے منجملہ زر رہن کے وصول ہونا قبول کرتا ہے تو عدالت کو اسیقدر رقم کا وصول ہونا قرار دینا چاہیئے ۔ گو مدعی اس سے کم مقدار کا ادا ہونا بیان کرے ۔ محمد روشن بنام بالارام ۔ نمبر ۲۲۳ منفصلہ ۱۶ خورداد ۱۳۲۵ ف (۳) ۔

(۵) دستاویز میں یہ درج ہے کہ کرایہ سود میں دیا جائیگا اگر پورا سود نہ دینگے تو ہم کو مکانات پر قبضہ دیدینگے ۔ پس اس سے اوس رہن کے معنی معلوم ہو سکتے ہیں جو اس موقع پر مقصود ہیں ۔ وہ کفالت ہے یعنی رہن بالقبض

(۱) مقنن دکن جلد ۱ نمبر ۷ ۔ حصہ ۵ ۔ صفحہ ۱۲۔

(۲) " " ۱ نمبر ۳ " ۸۳

(۳) " " ۲ نمبر ۳۶ " ۱۳۰

تعریف رہن بیع بالوفا و کارروائی محکمہ قضائی

رسالہ ... بابت ... ماہ محرم سنہ ١٢٩٠

دفعہ ٢٩٢ اگر کسی شخص نے اس شرط سے اپنا مکان رہن کیا کہ اگر میعاد موعودہ کے اندر فک الرہن نہ ہوگا تو پھر اوس سے کچھ دعوی نہ ہوگا اور مرتہن اوسکا مالک ہو جائیگا تو ایسا رہن رہن بیع بالوفا نہیں ہے بلکہ فی الحال رہن اور بزمانہ آیندہ بیع ہے۔ اگرچہ صورت مذکور میں رہن صحیح اور شرط باطل ہوتی ہے۔ مگر شرعاً ممنوع ہے کیونکہ اضافت تملیک اور بیع کی بزمانہ آیندہ ہے اور شرط فاسد پر مخاطرہ پر متعلق ہے۔ جو صریحاً بمنزلہ قمار ہے اس لئے محکمہ قضائی کو ایسے معاملہ کی دستاویز پر مہر کرنا نامناسب ہے۔

نظایر

(١) جایداد کی نسبت یہ معاہدہ رہن نامہ میں درج ہوا کہ اگر چار مہینے میں فک رہن نکر دیا جائیگا تو جایداد بعوض زر رہن بیع ہو جائے گی۔ بعد انقضائے مدت چار ماہ کے راہن کے گماشتہ نے ایک دوسری دستاویز اس مضمون کی لکھدی کہ بموجب شرائط رہننامہ کے جایداد بیع بالوفا ہو گئی ہے نہ راہن کو جایداد کا اور نہ مرتہن کو زر رہن کا دعوے باقی رہا۔ اس کے بعد راہن نے یہ دخل کا دعوے اس بیان سے دائر کیا ہے کہ نہ اوسکو زر رہن وصول ہوا ہے اور نہ معاملہ رہن کی تکمیل ہوئی۔ رہن نامہ بغیر زر رہن مرتہن کو دیدیا تھا اور گماشتہ نے بلا اختیار اور سازش سے دوسری دستاویز لکھدی ہے۔

تجویز ہوئی کہ علاوہ اس کے کہ مدعی کے طرف سے صرف وہ گواہ تو جو معاملہ سے بھی واقف نہیں ہیں۔ مدعی نے اپنی درخواست میں جو اوس نے مورخہ ... مجلس عالیہ میں پیش کی تھی یہ لکھا ہے کہ "چھ ہزار زر رہن مجھ سے مرتہن کو دلا کر جایداد دلا دیجائے" پس جبکہ ایسا اقرار موجود ہے تو مدعی کو کوئی حق نہ تھا کہ وہ عدم وصول زر رہن کی شہادت پیش کرے۔ جو صورت معاہدہ رہن کی اس مقدمہ میں بیان ہوئی ہے وہ شرعاً بیع الوفا ہے اور بیع بالوفا کو شرعاً جائز رکھا ہے۔ گو قانون رہن انگریزی میں معاملہ بیع بالوفا میں انفکاک کے واسطے ایک مدت بہ راہن کو دیجاتی ہے لیکن وہ قانون اس ملک میں نافذ نہیں ہے۔ بعد انقضائے میعاد کے استحقاق انفکاک کا ساقط ہو گیا۔ اور جایداد بیع ہو گئی۔ گماشتہ نے جدید معاملہ نہیں کیا۔ بلکہ معاملہ اپنے آقا کے کیا ہے اور وہ دادہ سے ثابت ہے کہ گماشتہ کو دستخط کرنیکا اختیار تھا۔ — مرافعہ پرشاد و تمام علیہ منفصلہ ٢٠ ذالحجہ سنہ ١٣٠٣ مجلس عالیہ (١)

(١) سوق ... مجلس عالیہ نمبر ٢ ... صفحہ ...

اور بعد انقضائی اس مہلت کے بیع مکمل ہو جاتی ہے یہاں جاری نہیں ہے۔ مگر اس وجہ سے کہ فریقین نے بعد میعاد تین سال کے داخلہ بیع "بیع الوفاء معاہدہ" کے لئے کوئی مہلت مقرر نہیں کی تھی بندا عدالت منظور دل گری جبریہ کی مدت مقرر کر کے حکم دیتی ہے کہ اس مدت کے اندر مدعی علیہ جملہ زر بیع ادا کر دے یا ادا کر دے۔ ورنہ بعد چھ ماہ مدعی کا حق ہے کہ وہ زمین کا داخلہ بیع اپنے نام کرا لے۔ مقدمہ بنام چھجو نارائن نمبر ۹۶ منفصلہ ۲۲ آبان ۱۳۴۹ف (۱)۔

(۱۰) معاملہ بیع بالوفا مروجہ ملک بعداد رہن ہے نہ بیع فاسد کیونکہ شرط بیع جزء ابتدء باطل ہے۔ بنام سات ویرپا نمبر مقدمہ ۵ منفصلہ ۳ خورداد ۱۳۴۹ف۔ (۲)

(۱۱) ایک نالش میں جو منجانب مرتہن پر بنا ایک رہن نامہ اور کرایہ نامہ کے باقی ادائی زر رہن اور زر کرایہ مکان مرہونہ کے دائر ہوئی تھی اور جس میں مدعی کے اس اقبال کے وجہ سے کہ وہ مکانات مرہونہ پر داخلی قابض نہیں ہوا تھا یہ بحث پیش آئی تھی کہ جب جائیداد مرہونہ پر قبضہ نہیں دیا گیا تو رہن ناتمام ہے اور اس لیے کرایہ کی ڈگری محض کرایہ نامہ کے بنیاد پر نہیں دیجا سکتی۔

تجویز ہوئی کہ اول تو مدعی کا قبضہ جائیداد مرہونہ پر بذریعہ کرایہ نامہ کے ہونا ثابت نہیں ہے دوسرے رہن تم القبض و بلاقبض کے نتیجہ کو حق وصول زر کرایہ سے کوئی تعلق نہیں کیونکہ مسئلہ شرعی کی تعبیر کے صورت میں تو مرتہن جائیداد مرہونہ سے کسی قسم کی منفعت حاصل کرنیکا مستحق نہیں ہے جسکا اتباع بمصالح ملکی یہاں نہیں کیا جاتا۔ اور یہاں اس قسم کے معاملات میں فریقین کا منشا سودی معاملات سے ہوتا ہے اور بتارہ ظاہر لفظ قرضہ جائیداد غیر منقولہ دستاویز میں لکھکر سود کی جانب کرایہ مقرر کردیا جاتا ہے اور سود کی ڈگری دینے پر ازروی قانون مجبور ہیں (۳)

(۱۲) انفکاک رہن کے ایک دعوے میں رہنامہ جو بعد میں لا یعنی بیان کردہ کسی دوسرے بجگہ باعیان ہے پیش نہیں ہوا۔ اسپر ڈگری دیگئی۔ اور روبکار مرمت ذمہ مرافعہ کیا گیا اور اسی بنیاد پر کہ مرمت ہم رشتہ کی تجویز لی کی درخواست کیگئی جسکو عدالت نے نامنظور کیا۔ اگرچہ بدون رہنامہ کے مدعی علیہ کو شرط مرمت کا علم حاصل ہوا ہو مگر مرمت کا عذر پہلے ہی جواب دعوے میں کرنا چاہیئے تھا۔ عبی ترجیحیں صالح مدعی علیہ مرافعہ تمام میں اعلٰی سلطان صاحبزادہ صاحب مدعی مرافعہ علیہ (۴)۔

---

(۱) منتخب ڈگری جلد ۵ نمبر ۱۳ حصہ ۳ صفحہ ۲۲۳ (۲) منتخب ڈگری جلد ۷ نمبر ۱ حصہ ۲ صفحہ ۱

(۳) " " " ۱۰ " " ۱۸۴ (۴) " " " ۳۴ " " "

اور جس رہن پر محکمہ صفائی کی تصدیق ہوتی ہے۔ وہ رہن بالقبض ہے اور جو رہن مع القبض نہ ہو وہ بیبات رہن قرار نہیں دیا جاتا ہے اور نہ محکمہ صفائی میں اوسکی تصدیق ہوتی ہے۔ پس دستاویز نہ رہنامہ ہے نہ اوسکی تصدیق ضروری تھی۔ سیتارام بنام سیولال نمبر ۱۹۹۔ منفصلہ ۱۱ اردی بہشت ۱۲۹۵ف۔ (۱)

(۶) جبکہ مدعی بالا پرشاد راہن کا وارث ہونا مدعی کا وارث تسلیم کرتا ہے اور یہ بھی تسلیم کرتا ہے کہ انفکاک رہن بیجا ہوگیا اور مرافعہ ہی معاملہ رہن کو تسلیم کرتے ہیں تو پھر مرافعہ کی یہ بحث کہ جن مدت سے مکان پر قابض ہوں اور ابھی انفکاک نہیں ہوا اور نہ مدعی بالا پرشاد کا وارث ہے محض لغو ہے۔ اور نہ اس صورت میں مرافعہ کی یہ بحث کہ مرتہنین کے وارث نے مدعی سے سازش کرلی ہے قابل پیش رفت ہے۔ نہیا بائی بنام ملجا رام نمبر ۲۲۔ منفصلہ ۱۴۔ دے ۱۲۹۵ف (۲)۔

(۷) جبکہ باپ اپنے بیٹے کی حفاظت و قبضہ میں اپنا تمام مال دیکر چلا گیا اور بیٹے نے اوس مال کو زید کے پاس بذریعہ دستاویز علانیہ طور پر رہن کیا تو ایسی صورت میں یہ نہیں سمجھا جاسکتا ہے کہ معاملہ رہن نتیجہ اوس بے احتیاطی سے ہوا گو صریح اجازت رہن کی باپ نے نہ دی ہو۔ لہذا باپ بغیر ادائی زر رہن کے مال مذکور کو قبضہ مرتہن سے مسترد نہیں کرسکتا ہے۔ سلطان نواز جنگ بنام رامچندر راؤ نمبر ۱۱۰۔ منفصلہ ۶ شہریور ۱۳۰۴ف (۳)۔

(۸) رہن بیع بالوفا شرع شریف کے رو سے جائز ہے روبکار صدر المہام عدالت نشان (۵۰) مورخہ ۲۲ محرم ۱۳۱۱ھ مرسومہ محکمہ صفائی میں مسئلہ متعلقہ رہن نقل کیا گیا ہے۔ اسواسطے اصل مسئلہ پر غور کرنا لازم نہیں ہے محض روبکار پر مرتہن کو یکسال کی بابت انفکاک رہن کے سبب دینا مناسب ہے۔ بلیا بنام سانت دیریا نمبر ۲۰۲ منفصلہ ۱۴ امرداد ۱۲۹۶ف۔ (۴)۔

(۹) ایک کاشتکار نے مدعی سے یہ معاہدہ کیا کہ بعوض نقد روپیہ اور لاگت باؤلی کی نصف آراضی زیر کاشت کا حق ... دیونت نیادونگا جب تین برس تک روپیہ ادا کرسکوں۔ یہ معاہدہ بیع بالوفا کے مشابہ ہے اور گو وہ قانون برٹش گورنمنٹ میں بغرض ادائے زر رہن چھ ماہ کی مہلت راہن کو دیجاتی ہے۔

---

(۱) مخزن دکن۔ جلد ۱ نمبر ۳ صفحہ ۱۱۲
(۲) " " " " ۶۴
(۳) " " " " ۲۱۸
(۴) " " ۳ " ۲۰۶

کارروائی عدالت فوجداری۔

دفعہ ۲۹۷ اگر کسی وجہ سے مولف کا مال عدالت فوجداری میں ہو پہنچے اور اوسکی نسبت بطور سرسری عدالت فوجداری میں دعوی پیش ہو تو عدالت فوجداری کو لازم ہوگا کہ دریافت و تجویز دعوے مذکور سے انکار کرے کہ حکم دے کہ فیصلہ عدالت دیوانی سے حاصل کرے۔

اقرارنامہ وغیرہ بغیر تصدیق قابل پذیرائی نہیں ہے۔

دفعہ ۲۹۸ جو دستاویز کہ حسب شرائط فقرہ (۲) (۳) و (۴) کاغذ کا قابل تصدیق ہو کر عدالت سے تصدیق نہ ہوئی ہو کسی عدالت دیوانی میں بطور ثبوت دعوی یا ثبوت کے مقبول نہ ہوگی۔

باب (۱۴)

غاصبانہ مداخلت

کسی اور کے زمین پر مکان بنا لینے کے نزاع کے فیصلہ کا قاعدہ

دفعہ ۲۹۹ اگر کوئی شخص کسی دوسرے شخص کے زمین میں مکان بنا لے اور چند روز کے بعد مالک زمین دعوے دائر کرکے حق ثابت کرے تو ایسی صورت میں یہ امر دیکھنا ضروری ہے کہ عملہ کی قیمت زمین کی قیمت سے زیادہ ہے یا کم اگر عملہ کی قیمت زمین کی قیمت سے زیادہ ہو تو زمین کی قیمت مالک عملہ سے مالک زمین کو دلائی جاوے گی اور زمین مالک عملہ کو دلائی جاوے گی اور جو قیمت عملہ قیمت زمین سے کم ہو تو مالک زمین سے عملہ کی قیمت مالک عملہ کو دلاکر اوس کے قبضہ سے زمین نکال دی جاوے گی۔ غرض اس قسم کے مقدمات میں ہر جا علیٰحدہ کا لحاظ کیا جاویگا اور ہر جا علیٰحدہ ہر جا خفیف کیواسطے اختیار نہ کیا جاویگا۔

تشریح اول

صدر عدالت عربی سے استفسار کیا گیا کہ جو حسب حکم سرکار نشان (۱۷) آلت رقم ۱۴ - محرم ۱۳۰۱ھ مرر و بکار دفتر سرکار نشان ۹۰ مورخہ ۔ ذی الحجہ ۱۳۰۰ھ مضمون کا جاری ہوا ہے کہ اگر کوئی شخص کسی دوسرے شخص کے زمین پر مکان بنا لے اور چند روز کے بعد مالک زمین دعوے دائر کردے تو اس امر کا لحاظ کرنا چاہئے کہ عملہ کی قیمت سے زمین کی قیمت زیادہ ہے تو قیمت زمین دلادیجاوے اگر کم ہو مالک عملہ زمین کو عملہ کی قیمت مالک زمین سے دلائی جاوے گی۔ اس احکام کو منسوخ یا ترمیم کیا جا کیونکہ اوس کے قیام کے صورت میں زبردست چالاک کو ایک اچھا موقع غیر شخص کے زمین پر قابض ہو جانیکا ہاتھ آتا ہے تو بلکہ ترمیم تو درست بجا ہے۔

امانت

دفعہ ۲۹۳ اگر لوگ بعد فوت طوائف لاوارث کے اس قسم کے دعوے پیش کرتے ہیں کہ فلاں مال طوائف کے پاس بطریق امانت رکھا گیا تھا اب مسترد کیا جاوے لیکن شک نہیں کہ اس قسم کے دعوے اکثر بے اصل ہوتے ہیں۔ اس لئے کہ عادت عامہ یہ ہے کہ طوائف کو جو کچھ دیتے ہیں بطریق معاوضہ یا انعام یا بخشش نفلی کے دیتے ہیں اور بعد فوت طوائف استرداد امانت کا دعوے کرتے ہیں۔ لہذا حسب المصلحت امور مفصلہ ذیل جاری کرتے ہیں۔

مال امانتی واپس کرنے یا امانت نامہ [illegible] **دفعہ ۲۹۴** جن لوگوں نے عموماً طوائف کے پاس مال امانت رکھا ہو وہ بعد نفاذ [illegible] اسکے طوائف سے مال مسترد کر لیں یا تاریخ نفاذ اس آئین سے چھ مہینے کے اندر دستاویز امانت کا ذمہ دار کامل الیقین بر حسب دستور العمل کاغذ [illegible] طوائف سے حاصل کریں۔ اگر آئندہ بھی امانت رکھنے مال کی ضرورت پیش آئے تو اس قسم کے دستاویزات فوراً لیتے رہیں۔

دفعہ ۲۹۵ لازم ہوگا کہ اس قسم کی دستاویزات کو طوائف مقر دستاویز [illegible] اہلکار عدالت میں حاضر ہو کر تصدیق کرائے [illegible] اور مال امانتی کو بھی روبرو حاکم تصدیق کنندہ کے پیش کرے اور [illegible] ثبت کرے کہ عدالت [illegible] امانت [illegible] دستاویز [illegible] ایک کاغذ کامل الیقین [illegible] کاغذ کامل الیقین [illegible] ثبت [illegible] عدالت [illegible] شخص امانت رکھنے والا [illegible] واپس دیا جائیگا [illegible] عدالت [illegible] رہیگا اور [illegible] وقت [illegible] ہوگی [illegible] اور کوئی [illegible] مشتمل نہ ہوگی [illegible] کاغذ کامل الیقین [illegible] ہو۔

دفعہ ۲۹۶ اگر مال امانتی مالیت میں [illegible] روپیہ [illegible] ہو [illegible] اور اگر [illegible] سے زیادہ ہو [illegible] عدالت [illegible] عدالت دیوانی [illegible] زیادہ کی [illegible] مال امانتی [illegible] دستاویز [illegible] کنندہ [illegible] دستاویز تصدیق [illegible] گا [illegible] سرکار [illegible]

[illegible] ہوگی۔

(۲) جبکہ متعدد مدعیوں امور تنقیح طلب قایم ہوئے تو ان کا ثبوت بلکہ مقدمہ کو مسٹے کرالا زم تھا یعنی ہو جیسے سے کہ ماشور خانہ متنازعہ منہدم ہو گیا ہے دعوی کو خارج کر دینا نا درست ہے ۔ بدیع النسا بیگم بنام امام بی بی وغیرہ نمبر ۲۲۲ ۔ منفصلہ ۱۹ آبان ۱۳۲۹ ف (۱)

(۳) جبکہ بلا استحقاق کوئی شخص غیر کے جائداد پر قابض ہو جائے تو گو نسبتاً غصباً ہو یا مقتضا استحقاق یا داد قابض ہو جاسکے زر واصلات پانیکا مستحق ہے فقہ میں کوئی قاعدہ ایسا نہیں ہے کہ [illegible] ہو [illegible] دلائی جائے اور وہ مسکا کرایہ یا منافع دلایا جائے ۔ زر واصلات تاوان نہیں ہے مدعی سے [illegible] قابض ہو جانے سے زر واصلات کے دلانے میں کوئی فرق نہیں پیدا ہوتا ہے ۔ البتہ فقہ میں [illegible] کہ جب کوئی شخص بزعم اپنی حقیقت کے بکلہ نیتی سے کسی اور کے زمین پر عمارت بنا لے تو وہ عمارت [illegible] جائیگا ۔ عدالت ماتحت نے کرایہ داروں کے حلفی بیان پر زر کرایہ کی ڈگری دی ہے [illegible] بیان میں منفرد ہے لیکن قابل دست اندازی نہیں ہے ۔ چونکہ مدعی نے چودہ سال کے واصلات کا دعوی کیا ہے لہذا دو سال کی واصلات بمیعادی خارج ہے ۔ اجلاس کامل ۔ فاطمہ پادشاہ بنام [illegible] ۲۲ و ۲۴۰ و ۲۰۰ اردی بہشت ۱۳۲۹ ف (۲) ۔

(۴) جبکہ مدعی نے مدعاعلیہ کو جبراً جائداد مرہونہ سے بیدخل کر دیا ہو تو قبضہ مدعی کے آمدنی سے [illegible] اوسط آمدنی قایم کرنا مناسب ہے ۔ سید نور الشفیقہ بنام [illegible] نمبر ۱۱۶ ۔ منفصلہ ۱۵ اردی بہشت ۱۳۲۹ ف (۳) ۔

(۵) جبکہ بلا حمایت [illegible] حالت نزاع میں غیر کے زمین پر مکان بنایا گیا ہے تو مالک مکان زمین کی قیمت دیکر زمین کا مالک نہیں ہو سکتا ہے ۔ [illegible] بنام [illegible] نمبر ۲۵۴ ۔ منفصلہ ۱۰ اردی بہشت ۱۳۲۹ ف (۴)

(۶) کسی کو اس امر سے تجاوز کرنیکا منصب و حق نہیں ہے جو حق کہ اوسکو اپنے مکان کی نگرانی رکھنے کا کسی دیوار پر حاصل ہو چکا ہے جسقدر حد مذکور سے تجاوز کر کے تصرف کیا گیا ہے وہ اوٹھا دیا جائیگا ۔ عبد الغفور خان بنام سید علی وغیرہ نمبر ۲۳۶ ۔ منفصلہ ۲۲ آبان ۱۳۲۹ ف (۵) ۔

---

(۱) نظیر دکن جلد ۱ نمبر ۵ ۔ حصہ ۳ صفحہ ۹۷ ۔
(۲) نظیر دکن جلد ۱ ۔ نمبر ۸ ۔ حصہ ۲ صفحہ ۱۲۲ ۔
(۳) " " " ۱ " ۹ " ۳ " ۱۸۶ ۔
(۴) " " " ۲ " ۸ " ۳ " ۱۵۲
(۵) " " " " ۵ " ۱ " ۳ " ۴ ۔

جواب دیا گیا کہ یہ تو امر غصب شرع شریف میں مقرر ہے اور اسکی بنا پر بیگنتی جاری ہوئی ہے اور اسکا منشا دیا ہے عیب لاعلمی کے حالت میں کسی دہوکہ سے تعمیر کنندہ اپنے تئیں زمین پر عمدا یا نیکا مستحق سمجھا ہو۔ او وقت گرفتہ تا ملک کی زمین سے زیادہ ہوگی۔ تخلیہ زمین کا حکم کرایا جاوے گا۔ اور زمین کی قیمت مالک زمین کو دیجاویگی اس گنتی میں تمام قواعد صاف اور پورے درج نہیں ہیں لیکن فیصلہ کے وقت اس گنتی کے ماخذ یعنی احکام فقہیہ پر رجوع کرنا چاہیے۔

تشریح دوم

سررشتہ ابتدائی مجلس عالیہ عدالت نے استدراک کیا کہ اگر شرعًا و قانونًا مدعی کے بیان سے ثابت ہوجائے کہ اسکی نیفیت جائداد مدعا بہا میں ہے۔ بوجہ اس وجہ سے کہ مدعی علیہ نے ایسا جواب دیا ہے جس سے مدعی کی حقیت میں انکار نہیں ہے۔ مدعی کو ڈگری دیجاسکتی ہے یا نہیں؟۔ مثلا مدعی یہ دعوے کرے کہ فلاں مکان زید کا تہا مگر اسنے غصبًا بغیر کسی حقیت کے میرے دخل میں آگیا۔ مدعی علیہ نے مجھ سے خرید کر کے بیدخل کر دیا مگر زرثمن نہیں دیا۔ اسواسطے نیفیت کو زرثمن دلایا جاوے۔ مدعی علیہ نے صرف یہ عذر کیا کہ میں نے زرثمن ادا کر دیا ہے۔ اب اگر مدعی علیہ کا بیان ادائی زرثمن کی ثابت نہ ہو تو کیا مدعی غاصب کو ڈگری دیجاسکیگی۔ ‖ دعویٰ مال مغصوبہ موقوف بر ثبوت غصب

امر اول کا جواب یہ ہے کہ جب مدعی خود ظاہر کرے کہ جائداد مدعا بہا اسکی ملک نہیں ہے بلکہ وہ بذریعہ غصب قابض ہے تو وہ مدعی علیہ قابض کے مقابلہ میں دخل پانیکا مستحق نہ ہوگا۔ لیکن اگر مدعی علیہ غصب کا عذر نکرے بلکہ مدعی کی حقیت تسلیم کرے تو کوئی امر نزاعی نسبت غصب کے قائم نہیں ہوگا۔ بلکہ صورت مستفسرہ میں نسبت زرثمن کے امر نزاعی قایم اور مقدمہ منفصل ہوجاوے گا۔ لیکن عدالت اگر بنظر حالات مقدمہ اصل مالک کو فریق ثانی بناوے اور وہ یہ عذر کرے کہ مدعی غاصب ہے بایں حالت ہو تو اس کے مقابلہ میں دعوے خارج ہوگا بہرحال غصب کا الثبوت کسی فریق کے عذر پر قایم ہوگا۔ اور جب تک یہ الثبوت قایم ہو مقدمہ خارج ہوسکیگا۔

نسبت امر اول مفتی صاحب کی رائے سے اتفاق ہے۔ (۱)

نظایر

(۱) جبکہ بوجود مخالفت مالک زمین کے اسکی زمین میں مکان بنایا گیا تو اس صورت میں کوئی شرعی حیلہ مکان بنانے کے واسطے نتہا بنا شرعًا یہ البتہ غصب ہے کہ مکان کا عملہ اٹہا دیا جاسکے۔ محمود رستم علی بنام میر فیاض علی نمبر ۲۲ منفصلہ ۱۸ تاریخ ... (۲)۔

---

(۱) اس ہدایت میں امر دوم کے متعلق استدراک تہا اور یہ ہدایت پہلے استدراک کا جواب ہے۔

(۲) مفتی دکن جلد ۳ نمبر ۲ حصہ ۲ صفحہ ۱۲۳

(۱۱) جب دعوے یہ ہے کہ مدعی علیہ نے حسب اقرارنامہ کے بہری تھیلیاں ہو رسے تو شہادت تلبیس کرے اور عدالت اسپشل لوکل کی یادداشت ہی مرتب کرے۔ حاتو شناباں بنام انباداس (۱)

باب ۱۴

شفع (۲)

حکم دارالسلام مؤرخہ منظورشدہ مندرجہ جریدہ [illegible] شیعہ [illegible]	شفیع کو اپنے حق کا تصفیہ کرا کر اسکی خبر مدعا علیہ کو آگاہ کرنا لازم ہے	**دفعہ ۳۰۰** جو شخص کہ مشتری مکان سے بحق شفع کا دعویدار ہو اوسکو چاہیئے کہ ایک مہینہ کے عرصہ کے اندر رسید اشتہار یا اندرون مدت مقررہ اشتہار مدت تک مدعا علیہ کے حکم حاصل کرے اپنی تکرار کا تصفیہ کرا کر اس سے حکم مدعا علیہ کو اطلاع دے۔ بعد انقضائے مدت مذکورہ اور صورت نہ عمل میں آنے تصفیہ نزاع کے قابل مکان کا قبالہ مشتری کے نام تیار کرا کے دیدیا جاویگا اور بعد اسکے کوئی عذر مسموع نہ ہوگا

نظائر

(۱) اگر سرکاری اراضی پر کسیکو کرایہ نشینی کرنے کی اجازت ہے مگر سرکار قابض اراضی کو جس نے اراضی مذکور پر مکان بنایا ہو سب دخل نہیں کرتی ہے۔ نہ اوس کے تصرفات مالکانہ سے جیسے بیع و رہن مکان وغیرہ اراضی میں کسی طرح مخل ہوتی ہے لہذا اراضی مذکور ایسی اراضی نہیں ہے جسپر شفع یا ملکیت سلطانی کا اطلاق ہو سکے۔ اور قابض کو اوسکی بیع ممنوع ہو۔ پس ایسی اراضی و مکان کی بیع میں حق شفع پیدا ہوتا ہے۔ جبکہ بایعنے اراضی کو مدعا علیہ بقیادہ عام فروخت کیا ہو۔ تو یہ سمجھا جاویگا کہ مشتری کو اوس نے اپنا قائم مقام بذریعہ بیع بنا دیا۔ اور جملہ حقوق مالکانہ مکان اسکے مشتری کے حق میں منتقل کر دیئے۔ اس سے شرعاً ایسی بیع مکان میں حق شفع پیدا ہوتا ہے۔ اجلاس کامل۔ مولوی عبدالقیوم بنام بابو پیارے۔ نمبر ۴۲۰ مسل ۲۰ آذر ۱۳۱۵ف (۳)۔

(۲) جبکہ کل شئے مبیعہ پر حق شفع پہونچتا ہے تو شئے مبیعہ کے ایک جز کا دعوی کرنا اور ایک جز کو متروک کرنا درست نہیں ہے اور نہ ایک جز کی نسبت طلب مواثبت و اشہاد کرنے سے استحقاق شفع قائم ہو سکتا ہے۔ قربان علی بنام سرے ہرادہ نمبر ۴۲۵ مسل ۲۰ مادری بہشت ۱۳۱۹ف (۴)۔

---

(۱) مقدمہ دیوانی مسل نمبر ۱۳ مورخہ ۲۳ (۲) معاملات شفع عموماً بموجب شرع شریف کے فیصل ہوتے تھا۔

(۳) ,, ,, ,, ,, ,, صفحہ ۱۲۱

(۴) ,, ,, ,, ,, ,, صفحہ ۱۳

(۷) مشترکہ رستہ بغرض آمد و برآمد بلا اجازت دیگر اہل محلہ کے کوئی شخص کسی طرح کا تصرف نہیں کر سکتا ہے
محمد نبی سلطان خان بنام محمد ولی الدین خان نمبر ۴۰۴۔ منفصلہ ۱۸۔ دسمبر ۱۳۱۲ ف (۱)

(۸) کسی شخص کو اپنی ملک پر اس طور سے دروازہ لگانے کا اختیار نہیں ہے کہ جس سے جب وہ کھولا جائے تو اوس کوچہ سے وسعت میں فرق آ جانے کا احتمال ہو۔ اور اس سبب سے اوس کے استعمال کرنے والوں کو حق میں فرق آ جائے۔ غلام محبوب خان بنام بہادر خان وغیرہ نمبر ۹۹۔ منفصلہ ۶۔ فروری ۱۳۱۲ ف۔ (۲)

(۹) مدعی نے ایک مکان کی دخلیابی کا دعوی یہ بیان کیا کہ مکان مذکور اوسکا موروثی ہے مدعا علیہ کے مورث نے اوس کے مورث سے رہن لیا تھا۔ اب مدعی نے فک رہن کرایا۔ اور اوس پر قابض ہو گیا تھا مگر مدعا علیہ بہ ہر حال سبب شورش کے عرصہ سے قابض ہو گیا۔

تجویز ہوئی۔ کہ جب مدعی اس بات کو قبول کرتا ہے کہ مدعا علیہ مکان متنازعہ پر قابض ہے اور رہن نامہ اوس نے پیش کیا ہے وہ مشتبہ ہے اور مدعا علیہ کا قبضہ بحیثیت مالکانہ ثابت نہیں ہوا ہے۔ تو قبضہ ملک کی دلیل ہی ہے اور مدعا علیہ بے دخل کیا نہیں جا سکتا ہے۔ سید بدیع مدعا علیہ مرافعہ خواہ بنام [illegible] مدعی علیہ مرافعہ [illegible] (۳)۔

(۱۰) مدعی نے جو شہادت پیش کی ہے وہ اس لیے اعتبار کے قابل نہیں ہے کہ اس وقت کی شہادت دو مدت سے زیادہ نے ہی پیش کی ہے اور تخمینی عمر کے قیاس سے دس یا پانچ سال کے فرق سے گواہوں کا چھوٹا ہونا [illegible] نہیں ہوتا۔ پس جبکہ مدعا علیہ کی شہادت کافی نہیں ہے اور اوس کے مقابلہ میں مکان مزعومہ کی کسی قدر تو ی شہادت موجود ہے تو مدعا علیہ کا قبضہ دیرینہ نہیں اوٹھایا جا سکتا جس حال میں کہ مدعا علیہ کے گواہ اوسکا قبضہ پچاس سالہ بیان کرتے ہیں اور مدعیہ بھی اوسکا ۲۲ سالہ قبضہ تسلیم کرتی ہے تو مدعیہ کے گواہوں کا دعوی [illegible] کہنا کہ مدعیہ نے تخلیہ مکان کا دعوی کیا۔ اور مدعا علیہ نے یہ کہا کہ اوسکو گیارہ روز میں خالی کر دو [illegible] ہے۔ ایسی ضعیف شہادت سے مدعا علیہ کا سالہا سال کا قبضہ جس کی تائید ملکیت پر گواہ بھی [illegible] ہیں۔ نہیں اوٹھایا جا سکتا ہے۔ ناصر محمد مدعا علیہ مرافعہ بنام مسماۃ کابلی بی بی زوجہ [illegible] مدعا علیہ مرافعہ علیہا۔ نمبر (۴)۔

---

(۱) نظیر دکن جلد ۵۔ نمبر ۳۔ صفحہ ۱۴۔
(۲) " " " " " "
(۳) نظیر دکن جلد ۵۔ نمبر ۶ حصہ ۲۔ صفحہ ۶۶۔
(۴) " " " " " "

باب (١٩)

وقف تولیت

مداخلت سرکار کی درست نذاری کا اختیار حاصل ہے۔ | **دفعہ ٢٠٤** چونکہ سرکار کی طرف سے زر خیرات داخلی اخراجات درگاہوں و مساجد اور دیول وغیرہ کے بشرط ادائے خدمت مقرر ہے اس سے سرکار کو ہر وقت اس امر کا حق ہے | حکم مدار المہام محررہ ... مورخہ ... ربیع الاول ١٣١١ھ

بلکہ ضروری ہے کہ وہ زر خیرات خدام اور پوجاریوں وغیرہ کو دیکھ بالکل اون کے اختیار پر بطور دست کے دے اور یہ کہ وہ اوس روپیہ کو اپنی ذاتی ضروریات میں صرف کریں یا ذاتی خرچ بن بلکہ سرکار کا ارادہ یہ ہے کہ تمام روپیہ انہی اخراجات و کمی میں صرف ہو جنکے واسطے وہ عطا ہوا ہے اور اگر ایسا نہ ہو تو سرکار ضرور مداخلت کرے گی۔ سو اسلئے درگاہوں اور دیولوں کے کل اہلکار اسکا خیال رکھیں کہ تمام اخراجات درجہ بدرجہ مسلسل ہوتے رہیں اور بعد اخراجات جس قدر کہ باقی رہے اوس باقی کو رکھیں اور اوس کو ان مقامات کے تعمیر میں صرف کریں اور سرکاری عہدہ داران امور پر نظر رکھیں۔

... کے اسقاطات کی ممانعت | **دفعہ ٢٠٥** بلحاظ گشتی مدد گار مال نمبر ٢ مورخہ ١٢ ذیقعدہ ١٣٠٨ھ ... | حکم مدار المہام ... مورخہ ... ذیقعدہ ١٣٠٨ھ صفحہ ٦١

... لانے بیع و شرطی اراضی انعام و مقطعہ جات وائیزی متعلقہ ... جو واسطے ... سرکار عالی ملاحظہ انگریزی نشانات (١١٢١) مورخہ ٢٢ ذیقعدہ ... حسب ... ارادہ سرکار عالی ... صوبہ داری بلدہ و مہتمم صفائی بیرون بلدہ و مہتمم صفائی قلعہ محمد نگر کو لکھا جاتا ہے کہ ارامی تمام و ائیزی و غیرہ ... درگاہ جات و دیول ہا وغیرہ نہیں بیع کی جائیں۔

درگاہ ہائے وغیرہ کے اخراجات | **دفعہ ٢٠٦** اکثر درگاہ جات و دیوستھان وغیرہ میں اخراجات داخلی و کل تہواروں و نذورات اور بعض مجاوروں اور زمینداروں سے لئے جاتے ہیں وہ بلا فرق ... مقرر ہوتے ہیں اور بسبب موقوفی بندوبست جاگیرداران و ضبطی مقطعہ جات زمینداران وغیرہ کے کل الواسبہ مذکورہ بالا موقوف ہو جاتے ہیں اس سبب سے تمام مستعدان اضلاع کو ضرور ہے کہ مجاوران درگاہ و پوجاریاں دیوستھان وغیرہ کو بخوبی فہمایش کر دیں کہ علاقداران وغیرہ سے اس قسم کے اخراجات درگاہ وغیرہ کے جو بطور خود جاری ہیں اگر وہ اپنی خوشی سے جاری رکھیں تو سرکار سے ممانعت نہیں ہے اور اگر وہ راضی نہ ہوں تو سرکار اسمیں مداخلت نہ کرے گی ساتھ اسی قسم کے معاملات کا معاوضہ کسی طرح سرکار کے ذمہ نہیں لازم و ضرور ہے | حکم مدار المہام ... مورخہ ... جمادی الاول ...

(۴۳) جبکہ ۱۰ شوال ۱۳۰۵ھ کو بیع عمل میں آئی اور یہ ثابت ہے کہ اوسکی اطلاع شفیع کو ہوئی اور وہ ۱۵ محرم کو طلب مواثبت کرنا بیان کرتا ہے تو اگر اسقدر مدت کے بعد طلب مواثبت ثابت بھی ہو جاتی تو بھی کوئی فائدہ نہ تھا۔ لہذا اوسکی شہادت کا لینا کچھ ضرور نہ تھا۔ روداد سے ثابت ہے کہ شفیع نے خریداری سے انکار کر دیا۔ لہذا اوسکا حق شفعہ زائل ہو گیا دعوے بیجا ہے۔ میر سرفراز علی بنام عنایت الله خان نمبر ۱۰ منفصلہ ۳۰ فروردی ۱۳۱۹ف (۱)۔

(۴۴) ایک نالش شفعہ میں جسمیں فریقین ہندو تھے یہ تجویز کیا گیا کہ اول یہ دیکھنا چاہیئے کہ مدعی کو حق شفعہ حاصل ہے یا نہیں۔ اور دوسرے کے بعد اس امر کا لحاظ کرنا چاہیئے کہ اگر ایسا حق حاصل تھا تو وہ کسی وجہ ساقط تو نہیں ہوا۔ حق شفعہ ہندوں میں بھی قایم رکھنا موجب آسائش عام ہے۔ لاہو سدا سیو بنام دلپرام راجبنت نمبر ۲۲۰ منفصلہ ۱۰ اردیبہشت ۱۳۱۲ف (۲)۔

باب (۱۵)

نزول

نزول زمین پر مکانات کا بنانا اور اونکا استحقاق۔

دفعہ ۳۰۱ نزول کے زمین جو مکانات قدیم سے ہیں اونکی نسبت زمیندار کچھ تکرار وتقاضا مسمار او ٹھا لیجانے کی بابت نہیں کرسکتا ہے کیونکہ یہ بسبب لاعلمی اور عدم تصریح شرائط جنکے بنیاد مکانات بنائے گئے ہیں اور اگر اراضی نزول پر جدید مکانات بنائے جائیں تو جس قسم کے شرائط قرار پائینگے اونہیں کی تعمیل فریقین پر لازم ہوگی اور اونہیں کے موافق وثیقہ محکمہ صفائی سے تیار ہوگا۔

پچیس سال کا نزول لیکر سرکاری زمین نہ دیجائے گی۔

دفعہ ۳۰۲ منیہ دستور العمل نزول جو جریدہ اعلامیہ سرکاری مطبوعہ مطابق ۱۲ شعبان ۱۳۰۸ھ جلد اول صفحہ ۲۰۰ میں مشتہر ہوا تھا۔ اوس کے فقرہ (۴) کو جسمیں یہ حکم ہے کہ پچیس سال کے نزول کی ملکیت لیکر زمین معاف کر دیجائے۔ سرکار نے مجلس انتظام صفائی کی تحریک پر منسوخ فرمایا اور یہ ارشاد ہوا کہ آیندہ کسی کو نسبت پچیس سالہ نزول لیکر زمین سرکاری نہ دیجائے گی۔

(۱) مقنن دکن جلد ۱۰ نمبر ۲ حصہ ۳ صفحہ ۱۰۸
(۲) " " " " " " " "

مستحق ہے بشرطیکہ وہ بالغ ہو۔ چونکہ مدعی نابالغ ہے وہ اپنے حقوق کے اہتمام کا بھی مستحق نہیں ہے۔ عبد الغفور
نہ وہ متولی ہو سکتا ہے۔ اور نہ اس کی ماں بلا ہیئت الہی حق کی مہتمم ہو سکتی ہے۔ جبکہ مہتمم نابالغ نہیں ہو سکتا
مسجد ولادر نابالغ کی ولایت نہیں کی۔ بنام مسماۃ عبدی بی بی وغیرہ نمبر ۲۱۴ منفصلہ ۷ شہریور ۱۳۴۵ ف (۱)

(۲) جبکہ حیدرآباد میں سنیوں کا گروہ بہ نسبت مہدویوں کے فرقہ سے پہلے سے رہتا ہے اور
مہدویوں کی مسجدوں میں ممبر نہیں ہوتا ہے اور مسجد تنازعہ میں ممبر موجود ہے اور مہدویوں کے طرف سے یہ
بھی نہیں بیان کیا جاتا ہے کہ یہ مسجد کس مہدوی شخص نے تعمیر کی ہے اور مسجد میں ایک سنی درویش کی قبر بھی
موجود ہے۔ جسکا مدعی محمد امین الدین کرتا ہے اور یہ تسلیم ہے۔ پس اس صورت میں یہ نہیں کہا جا سکتا ہے
کہ یہ مسجد مہدویوں کی ہے۔ باقی رہا یہ امر کہ مہدوی لوگ بھی مسجد میں نماز پڑھتے ہیں لیکن ایک فرقہ کے مسجد
میں نماز پڑھنے سے یہ لازم نہیں آتا ہے کہ محض نماز پڑھنے سے نمازیوں کو مسجد کے اہتمام و تولیت کا حق
حاصل ہو جائے جس فرقہ کی مسجد ہوتی ہے وہ بمنزلہ منبر بانی کے ہوتا ہے اور دوسرے فرقہ کا شخص
محض نماز پڑھتا ہے وہ بمنزلہ مہمان کے ہوتا ہے اور ایسے مہمان کو مسجد کی تولیت و اہتمام کا کچھ اختیار
نہیں ہوتا ہے۔ یہ امر صحیح ہے کہ اگر بانی مسجد نہ ہو تو اس محلہ کے لوگ تقرر متولی کا اختیار رکھتے ہیں۔
لیکن وہی لوگ ایسا کر سکتے ہیں جو بانی مسجد کے فرقہ کے ہوں نہ غیر فرقہ کے لوگ۔ محمد امین الدین عرف غلام نبی
بنام سید شہاب الدین عرف جہانگیر میاں نمبر ۹۰ منفصلہ ۹ بہمن ۱۳۴۵ ف (۲)

(۳) فریقان جو مسلمان ہیں دعوی کرتے ہیں کہ جس زمین متدعویہ پر مسجد واقع تھی جسکو مدعی علیہم
نے منہدم کر کے اپنے مکان میں شامل کر لیا۔ مدعی علیہم جواب دیتے ہیں کہ ۱۲ سال قبل بربنائے
ایک رہن نامہ کے زمین پر قبضہ کیا گیا تھا اور مدعی علیہم کا ذاتی مکان بھی وہاں پہلے سے تھا۔
تجویز ہوئی کہ تحقیقات سے مسجد کا ہونا ثابت نہیں۔ علاوہ اس کے یہ امر خلاف عادت معلوم
ہوتا ہے کہ ایک ہندو ملازمہ مسجد کو کھود دے اور مسلمان مانع نہ ہوں۔ نثار حسین - مالک چند نمبر مقدمہ ۳۰
منفصلہ ۶ اردی بہشت ۱۳۴۵ ف (۳)۔

---

(۱) مسلفن دکن جلد ۲ - نمبر ۱ - حصہ ۳ - صفحہ ۱ -
(۲) " " ۲ " ۳ " ۳ " ۲
(۳) " " " ۸ " ۱۱ " ۳ -

عدالت کسی [illegible] پر [illegible] ہوں گی یا نہیں [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] مراسم ادا کرنے [illegible] [illegible] [illegible] [illegible]	۹ [illegible] صدر عدالت [illegible] نے [illegible] کیا کہ اگر کوئی شخص اپنے ان کے مراسم میں اور [illegible] کے جوشی اور پادیوں کو نہ بلا دے اور بمقرر حق نہ دے [illegible] سوال [illegible] کے عام طور پر عدالت دیوانی سے ڈگری پاچکا ہو اور ڈگری [illegible] شخص سے مراسم ادا کرا دے اور ادنیٰ کو حق مقررہ دے تو جوشی [illegible] [illegible] کو بہ نجات یا اولف [illegible] کے مقابل میں کیا چارہ کار ہے [illegible] اگر کسی جوشی یا ادپادھے کو عدالت دیوانی سے ایک [illegible] [illegible]

[illegible] ہو اور [illegible] ڈگری سے [illegible] پہنچ چکا ہو اور [illegible] کر دیا گیا ہو کہ بجز اس کے اور کسی کو حق [illegible] اور کوئی شخص اس [illegible] کے خلاف ورزی کرے اور باوجود [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] یا اوپادھے [illegible] [illegible] سے جائز ہو کہ حقدار دو سرا شخص ہے [illegible] کا دعویٰ اس کا درست ہے اور ڈگری [illegible] ہے اور صیغہ اجرائے ڈگری سے تعمیل [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] کسی جرم کے حد کو پہنچا ہے [illegible] نہیں اور اگر پہنچا ہے تو کس جرم [illegible] اور اگر [illegible] کوئی جرم نہیں ہے تو ظلم [illegible] کے [illegible] اس کے [illegible] کیا چارہ کار ہے [illegible] [illegible] [illegible] وہ مراسم دوسرے غیر مستحق اشخاص سے ادا کرانا [illegible] [illegible]

[illegible] دیا گیا [illegible] کہ جوشی وغیرہ جو مذہبی طور پر مراسم ادا کرتے ہیں وہ [illegible] ان کو مجبور نہیں [illegible] [illegible] [illegible] وہ مراسم ادا کرا سکے۔

[illegible] [illegible] کے مقدمات کا کرنی ہے وہ ان لوگوں کے مقابل [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] والے حقیقت [illegible] اور جو [illegible] نزاع کا [illegible] [illegible] [illegible] حقوق کا تصفیہ کر دیا جائے اگر [illegible] نہیں ہے [illegible] [illegible] حقوق کے [illegible] یا اوس ہی شخص سے وہ مراسم [illegible] [illegible] ثابت نہیں ہوا [illegible] عدالت کی ڈگری کا منشا [illegible] [illegible] [illegible] آزادی کو [illegible] سوال [illegible] نمبر ۲ میں کوئی جرم فوجداری نہیں ہو سکتا۔

[illegible]

(۱) اگر [illegible] میں [illegible] [illegible]

حکم ہوتا ہے وہ اصل سے اضعافاً مضاعفہ نہ ہو یہ مطلب نہیں ہے کہ ابتدائی معاملہ سے جس قدر سود وصول ہو چکا ہے اس کو بھی اضعافاً مضاعفہ کے حساب میں لگایا جائے اور جب اقرارنامہ میں سود در سود کا قرارداد نہیں ہے تو سود پر سود نہیں مل سکتا ہے۔ کیونکہ فریقین میں ساہوکارہ کا معاملہ تھا۔ محمد داراب خاں وغیرہ بنام محمد عبدالغنی خاں نمبر ۸۰، منفصلہ ۲۶ شوال ۱۳۳۵ھ (۱)

(۲) سود نہ دلانے کی کوئی وجہ نہیں ہے۔ [illegible] مدعی نے [illegible] اپنے روپیہ کے وصول کرنے کی پوری کوشش کی ہے۔ تو کوئی وجہ نہیں ہے کہ سود نہ دیا جائے۔ [illegible] بنام گوکل داس نمبر ۲۵۰، منفصلہ ۱۳ [illegible] ۱۳۱۵ف (۱)

(۳) ٹھیکہ داری کے روپیہ کے سود دینے کا کوئی صریح معاہدہ نہیں ہے تو سود نہ دیا جائے اور زمانہ مابعد [illegible] کا سود دلایا جا سکتا ہے۔ کیونکہ مدعا علیہ پر ایک ناقابل برداشت سختی ہوگی۔ گوکل داس بنام [illegible] نمبر ۲۶ منفصلہ ۱۱ اردی بہشت ۱۳۱۷ف - (۲) -

(۴) زر باقی کے سود کے ادا کا کوئی اقرار نہیں ہوا۔ گو نفس زر باقی کو وقتاً فوقتاً تسلیم کیا گیا ہے لہذا باقی پر سود نہیں دلایا جائیگا۔ جو روپیہ رقعہ جات کے ذریعہ سے لیا گیا ہے اور رقعہ جات میں سود فیصدی ایک روپیہ درج ہے وہ دلایا جائے گا۔

موتی لال بنام محمد ابراہیم خاں منفصلہ ۶ دے ۱۳۱۶ف - (۳)

(۵) یہ تحقیق کرنے کے متعلق [illegible] روپیہ [illegible] اس امر [illegible] کہ سود نہ دلایا جائے بلکہ روپیہ کا حساب کرنا سود سے بچنے کے واسطے فریقین [illegible] درست نہیں ہے۔ کیونکہ جب [illegible] نوٹس کا جواب دیا زر باقی روپیہ لینے پر رضامندی ظاہر کی [illegible] واپس دینے کی کوشش [illegible] تو اس صورت میں وہ سود پانے کا مستحق نہیں ہے اور اس وجہ سے خرچہ [illegible] اس کے ذمہ عاید ہوگا۔ [illegible] بنام [illegible] وغیرہ نمبر ۳۵۲ منفصلہ ۷ شہریور ۱۳۲۹ف (۴)

(۶) اصل سے دونا سود مل سکتا ہے یعنی اصل کے (دونے) روپیہ مل سکتے ہیں۔ بشرطیکہ واجب الادا ہوں

(۱) مجموعہ دکن جلد ۱ نمبر ۱۱ حصہ ۳ صفحہ ۲۳۴ -
(۲) ″ ″ ″ ۲ ″ ۱۱ ″ ″ ۱۲
(۳) ″ ″ ″ ۲ ″ ۲ ″ ″ ۲۶
(۴) ″ ″ ″ ۳ ″ ۲ ″ ″ ۲۱۶ -

باب (۱۵)

سود

نوشتہ کے نمبر جو رجسٹری پر نوشتہ کی پشت پر بوقت اوس کے گذرنے کے مرقوم ہوا کرینگے رسید اوس نوشتہ کی عہدہ دار رجسٹری شخص داخل کنندہ نوشتہ مذکور کے حوالہ کرے ۔ اور بقید رعایت احکام مندرجہ قانون ہذا کے ہر نوشتہ جو رجسٹری کے واسطے منظور کیا جائے ۔ بلاتوقف بنمبر جو ہدری اوس بہی میں جو اوس کے واسطے مخصوص ہو ۔ مطابق ترتیب اوس کے منظوری رجسٹری کے نقل کیا جائیگا ۔

اور ایسی تمام بہی جات پر استثناء حوالہ کے ہو . اور اوس قاعدہ کے بموجب جو انسپکٹر جنرل وقتاً فوقتاً مقرر کرتا رہے تصدیق ہوا کرے گی ۔

۴۸	نمبروں کا سلسلہ شروع ہر سال فصلی سے از سر نو شروع ہوگا	دفعہ ۲۳۶ ہر بہی میں جو نوشتہ جات درج کئے جائیں ہر بہی کا سلسلہ شروع سال فصلی سے از سر نو ... ختم ہو ... اور ہر بہی کا ... شروع ہو ... سلسلہ نمبروں کا ... ختم ہوگا ۔
۴۹	بہیوں کے روزنامچہ کی فہرست روزانہ	دفعہ ۲۳۷ ہر دفتر میں سب اون بہی جات مذکورہ صدر میں ترتیب وار لکھی جائیں ہر روز مذکورہ کے داخلہ کی فہرست روزمرہ مرتب ہوا کرے ۔ اور جہانتک ممکن ہو

ہر داخلہ اس فہرست کا بجز اوس کے کہ عہدہ دار رجسٹری اوس نوشتہ کو جس سے کہ وہ متعلق ہو نقل کریگا یا اوسکی یادداشت نہیں کرسکے فوراً کیا جائے ۔

۵۰	بہی جات کی فہرست ۔	دفعہ ۲۳۸ ہر عہدہ دار رجسٹری میں ایسی چار فہرستیں تیار ہوا کرینگی اور وہ موسوم بہ فہرست نمبر (۱) و نمبر (۲) و نمبر (۳) و نمبر (۴) ہونگی ۔

فہرست نمبر (۱) میں نام اور تعریفات جملہ اشخاص کی جنکی طرف سے نوشتہ جات لکھے گئے ہوں اور اون تمام اشخاص کی جو منتقب الیہ یا دعویدار بر نوشتہ کے رکھتے ہوں جنکی نقل بہی نمبر (۱) میں ہوئی ہو ۔ یا کاغذ نہیں گئی ہو درج کئے جائیں ۔

فہرست نمبر (۲) میں مضمون ان مراتب مذکورہ دفعہ ۲۲ متعلقہ بہ نوشتہ جات اور یادداشت کے ہوگی جسکی ہدایت انسپکٹر جنرل اوس باب میں وقتاً فوقتاً کرتا رہے ۔

فہرست نمبر (۳) میں نام اور تعریفات جملہ اشخاص کی جنکی طرف سے وصیتنامہ یا اسناد اختیار نامہ تبنیت مندرجہ بہی نمبر (۳) لکھا گیا ہو درج ہونگے اور اوس کے لکھنے والے اور وہ شخص جو ادس کے بموجب مقرر ہوئے ہوں اور بعد وفات موصی یا اختیار نامہ تبنیت وصیت دہندہ کے اوس کے نام اور تعریفات تمام اشخاص کی جو اوس کے بموجب وصی مقرر ہوں لکھی جائینگے ۔

فہرست نمبر (۴) میں نام اور تعریفات جملہ اشخاص لکھنے والوں نوشتہ جات کی اور اون تمام اشخاص کا

تو ترجمہ کی مستقل امی دستاویز کے رجسٹر میں درج کیا جائیگی اور وہی ترجمہ مع نقل مستذکرہ دفعہ ۴۱ ۔ دفتر رجسٹری میں درج رہیگا ۔

حلف دلانا و خلاصہ اظہار لکھنا

دفعہ ۴۶ ۔ ہر عہدہ دار رجسٹری کو حسب صوابدید اپنے جائز ہوگا کہ جس شخص کا اظہار بموجب قانون ہذا سے اوس سے اظہار کرائے ۔

نیز اپنے تجویز سے کہ بموجب عہدہ دار مذکور یادداشت خلاصہ بیان ایسے ہر شخص کے قلمبند کرے اور وہ بیان پڑھکر اوسکو سنا دیا جاسے یا (جبکہ ایسی زبان میں لکھا جائے جس سے وہ شخص واقفیت نرکھتا ہو) اوس زبان میں جس سے کہ وہ شخص واقفیت رکھتا ہو اوسکو سمجھا دیا جائے ۔ بعدازاں اگر وہ شخص اوس یادداشت کے صحت کو تسلیم کرے تو عہدہ دار رجسٹری کنندہ اوسکو اپنے دستخط سے مصدق کرے ۔

ایسی یادداشت جو اس طرح پر ثبت و دستخط مصدق کیجائے وہ اصلی ثبوت اس امر کے کہ بیانات مندرجہ یادداشت اون اشخاص سے اور اون حالات میں جو اوس میں بیان کئے گئے ہیں ۔ قابل قبول ہوگی ۔

(ج) سب رجسٹرار کے خدمات

یادداشت رجسٹری کا بھیجنا جبکہ جائداد سب رجسٹرار کے حد عمل سے باہر ہو ۔

دفعہ ۴۷ ۔ ہر سب رجسٹرار کو لازم ہے کہ جب رجسٹری کسی دستاویز بلا وصیتی متعلقہ ایسی جائداد غیر منقولہ کے ہو کہ کلیتاً خود اوس کے حصہ ضلع کے اندر واقع نہ ہو عمل میں لائے ایک یادداشت اوسکی اور عبارت ظہری اور سارٹیفکیٹ کی جو دستاویز پر مرقوم ہو مرتب کر کے دوسرے سب رجسٹرار کے پاس جو اوس کے ماتحت ہو جس کے حصہ ضلع میں کوئی جزو اوس جائداد کا واقع ہو ارسال کرے ۔ اور سب رجسٹرار مذکور اوس یادداشت کو اپنے بہی نمبر (۱) میں لگا رکھے ۔

جبکہ جائداد مختلف اضلاع میں ہو ۔

دفعہ ۴۸ ۔ ہر سب رجسٹرار کو لازم ہے کہ جب رجسٹری کسی دستاویز بلا وصیتی متعلقہ جائداد غیر منقولہ واقع چند اضلاع کی کرے تو ایک نقل اوسکی اور عبارت ظہری اور سارٹیفکیٹ کی جو دستاویز پر مرقوم ہو مع ایک نقل نقشہ عمارت مستذکرہ دفعہ ۱۰ کے (اگر کوئی ہو) ہر ضلع کے رجسٹرار کے پاس جسکے علاقہ میں کوئی جزو اوس جائداد کا واقع ہو بجز رجسٹرار اوس ضلع کے جس میں کہ خود اسکا حصہ ضلع واقع ہو ۔ ارسال کرے ۔

رجسٹرار اوس نقل کو وصول کرکے اپنی بہی نمبر (۱) میں نقل دستاویز کی اور نقل نقشہ کی (اگر کوئی ہو) لگا رکھیگا ۔ اور ایک یادداشت اوس نوشتہ کی ہر سب رجسٹرار اپنے ماتحت کے پاس جس کے حصہ ضلع

(ج) دیگر ادائی زر یا حوالگی مال کا جو عہدہ دار رجسٹری کے روبرو بمعاملہ تحریر دستاویز کے عمل میں آئی ہو اور نیز اقرار وصول زرثمن کا کلاً یا جزاً جو عہدہ دار مذکور کے روبرو بمعاملہ تحریر آنا دستاویز کے کیا گیا ہو۔

اگر کوئی شخص باوجود تسلیم کرنے تکمیل کسی نوشتہ کے اس پر اپنا العبد کرنے سے انکار کرے تو عہدہ دار رجسٹری باوصف اس کے اسکی رجسٹری کرے گا لیکن اسی وقت ایک یادداشت ظہری اس انکار کی لکھ دے گا۔

۵۹ — عہدہ دار رجسٹری کنندہ (دفعہ ۴۰) پر دستخط بلقید تاریخ عہدہ دار رجسٹری ثبت کرے گا۔

دفعہ ۴۲ — عہدہ دار رجسٹری کنندہ تمام تحریرات ظہری متذکرہ دفعہ ۴۰ پر جو ایک ہی دستاویز کی نسبت اور ایک ہی دن اس کے روبرو لکھی جائیں اپنے دستخط بلقید تاریخ ثبت کرے گا۔

۶۰ — سارٹیفکیٹ رجسٹری بعد تکمیل احکام اس لفظ سے کہ رجسٹری کیگئی لکھا جائے گا۔ اور سارٹیفکیٹ کی وقعت و اعتبار

دفعہ ۴۳ — بعد تکمیل ان احکام کے جو رجسٹری کے لئے پیش کی ہوئی کسی دستاویز سے متعلق ہوں۔

عہدہ دار رجسٹری کنندہ اس نوشتہ پر اپنا سارٹیفکیٹ متضمن اس لفظ کے کہ "رجسٹری کیگئی" تحریر کرے گا اور نمبر اور صفحہ اوس بہی کا جسمیں نوشتہ کی نقل کیگئی ہو لکھدے گا۔

اور سارٹیفکیٹ مذکور پر عہدہ دار رجسٹری اپنے دستخط اور مہر بلقید تاریخ ثبت کرے گا۔ بعد ازاں وہ سارٹیفکیٹ بغرض ثبوت اس امر کے کہ اس دستاویز کے رجسٹری حسب ضابطہ اور باقاعدہ مندرجہ قانون ہذا عمل میں آئی اور نیز نسبت اس امر کے کہ مراتب مندرجہ عبارت ظہری متذکرہ دفعہ ۴۰ اسی نہج پر وقوع میں آئے جیسے کہ اوسمیں مرقوم ہوں۔ قابل قبول ہوگا۔

۶۱ — بہی جات میں سارٹیفکیٹ رجسٹری اور نقشہ جات اراضی کے نقل کا ہونا۔

دفعہ ۴۴ — اس کے بعد عبارت ظہری اور سارٹیفکیٹ متذکرہ دفعہ ۴۰ و ۴۳ بہی رجسٹری کے حاشیہ پر نقل کیا جائیگا۔ اور نقل نقشہ زمین یا نقشہ عمارت متذکرہ دفعہ ۲۱ کے (اگر کوئی نقشہ اس طرح کا ہو) بہی نمبر (۱) میں لگائی جائیگی۔

اس کے بعد رجسٹری نوشتہ کی تکمیل متصور ہوگی نوشتہ مذکور اوس شخص کو جس نے رجسٹری کے لئے اوسے داخل کیا ہو یا کسی اور کو (اگر کوئی ہو) جسکا نام شخص مذکور نے بذریعہ تحریر جو اسباب میں ہو لکھدے۔ بعد لینے رسید متذکرہ دفعہ ۴۴ کے واپس کیا جائیگا۔

۶۲ — اس نوشتہ کے ساتھ جسکا زبان رجسٹری ...

دفعہ ۴۵ — جب کوئی نوشتہ حسب دفعہ ۱۲ رجسٹری کے لئے داخل کیا جائے

ہر جسٹرار کو بوقت گذرنے شکایت کے بابت ہیچ پر اختیار صادر کرنے ایسے ہر حکم کا حاصل ہوگا جو مطابق قانون ہذا ہو۔ اور جسے وہ نسبت کسی فعل یا ترک فعل سب رجسٹرار اپنے ماتحت کے بالنسبت اصلاح کسی غلطی متعلقہ بہی یا دفتر کے جس میں کوئی دستاویز رجسٹری کی گئی ہو ضروری تصور کرے۔

انسپکٹر جنرل رجسٹری کے خدمات و اختیارات۔

دفعہ ۴۵۲ انسپکٹر جنرل کو اہتمام عام جملہ دفاتر رجسٹری واقع ممالک محروسہ سرکار عالی حاصل ہوگا۔ اور اوسکو یہ بھی اختیار ہوگا کہ وقتاً فوقتاً قواعد جو مطابق قانون ہذا ہوں واسطے مراتب متعددہ ذیل مرتب کرتا رہے۔

واسطے اطمینان حفاظت بہی جات و کاغذات و نوشتہ جات کے اور نیز واسطے تلف کرنے ان بہی جات اور کاغذات اور نوشتہ جات کے جنکا زیادہ محفوظ رکھنا ضروری نہو۔

واسطے قرار دینے اس امر کے کہ کون سی زبانوں کا ہر ضلع میں عموماً مستعمل ہونا متصور ہوگا۔

واسطے قرار دینے اس امر کے کہ کون سے علاقہ جات حسب دفعہ ۱۰ قرار دیئے جائینگے

واسطے انضباط ادائی رقومات کے۔ جو اس قانون کے بموجب عاید کئے جائیں۔

واسطے عمل بہ لحاظ اون اختیارات کے جو عہدہ داران رجسٹری کے تجویز پر حسب دفعہ ۵۵ منحصر رکھے گئے ہیں۔

واسطے تجویز اس نمونہ کے جسکے بموجب عہدہ داران رجسٹری نوشتہ جات کی یادداشت تیار کرتے رہینگے۔

واسطے اس امر کے کہ رجسٹرار اور سب رجسٹرار بموجب دفعہ ۴۴ کے اپنے دفاتر کی بہی جات کی التصدیق کس طور کیا کرینگے۔

واسطے قرار دادون مراتب کے جو فہرستہائے نمبر ۱ و ۲ و ۳ و ۴ میں مندرج ہوا کرینگے

واسطے تجویز کرنے اون تعطیلات کے جو دفاتر رجسٹری میں ہوا کرینگی۔

اور بالعموم منضبط کرنے کارروائی ہائے رجسٹرار و سب رجسٹرار کے جو قواعد کہ اسطرح پر مرتب ہوں تو بعد مدار المہام سرکار عالی کے منظوری کے لیے مرسل ہوا کرینگے۔ اور بعد منظوری کے جریدہ اعلامیہ میں مشتہر ہو کر وہی تاثیر رکھینگے کہ گویا قانون ہذا میں داخل تھے۔

انسپکٹر جنرل رجسٹریشن کو نسبت ملازمت دفاتر و عہدہ کے متعلق حسب ذیل اقتدار حاصل ہے۔

دفعہ ۴۵۳ انسپکٹر جنرل رجسٹریشن کو اپنے عملہ کی نسبت اور نیز اسپیشل عہدہ داروں کی نسبت اب تک کسی قسم کا اقتدار نہیں دیا گیا تھا۔ چنانچہ تاریخ ... اور ... سے حسب ذیل اقتدارات انسپکٹر جنرل رجسٹری کو عطا کئے گئے

حکم مدار المہام ... نمبر ... مورخہ ...

مین کوئی جزو جائداد مذکور کا واقع ہو بھیجیگا۔ اور ہر سب رجسٹرار جسکے پاس وہ یادداشت پہونچے اوسکو اپنے بہی نمبر (۱) مین لگا دیگا۔

(د) رجسٹرار کے خاص خدمات

دفعہ ۶۱ خدمات خاص رجسٹرار متعلقہ دستاویزات جائداد غیر منقولہ۔

دفعہ ۴۹ رجسٹرار کو چاہیئے کہ بوقت رجسٹری کسی دستاویز غیر وصیتنامہ جائداد غیر منقولہ کی ایک نقل یا یادداشت دستاویز مذکور کی اپنے ماتحت ہر سب رجسٹرار کے پاس جس کے حصہ ضلع مین کوئی جزو اوس جائداد کا واقع ہو روانہ کرے۔

نیز ایک نقل اوسی دستاویز کی معہ ایک نقل نقشہ زمین یا نقشہ عمارت کے (اگر کوئی ہو) ہر دوسرے رجسٹرار کے پاس جسکے ضلع مین کوئی جزو اوس جائداد کا واقع ہو بھیجے۔

وہ رجسٹرار بوصول اوس نقل کے اوسکو اپنے بہی نمبر (۱) مین لگا لیگا۔

اور نیز ایک یادداشت اوس نقل کی ہر سب رجسٹرار اپنے ماتحت کے پاس جسکے حصہ ضلع مین کوئی جزو اوس جائداد کا واقع ہو بھیجیگا۔

ہر سب رجسٹرار جس کے پاس کوئی یادداشت بموجب دفعہ ہذا کے پہونچے اوسکو اپنے بہی نمبر (۱) مین لگا دیگا۔

۶۲ رجسٹری کے وقت وہ کارروائی کرنا جسکا ذکر دفعہ ۴۹ مین ہے۔

دفعہ ۵۰ جب کسی دستاویز کی حسب دفعہ ۲۰ ضمن (ب) رجسٹری ہو تو نقل اور تحریر ظہری اور سارٹیفیکٹ کی جو اوسپر ہو ہر رجسٹرار کے پاس جسکے ضلع مین کوئی حصہ جائداد متعلقہ دستاویز مذکور کا واقع ہو بھیجی جاویگی اور رجسٹرار وصول کنندہ نقل مذکور اوس جائداد پر جو اوسکے ضلع مین ہو اوسی طرح سے جیسا کہ ضمن (۱) دفعہ ۶۱ کے اندر لکھا گیا ہے عمل کریگا۔

(ھ) اختیارات انتظامی رجسٹرار انسپکٹر جنرل

دفعہ ۶۳ سب رجسٹرار زیر اہتمام و نگرانی رجسٹرار کام کریگا۔ رجسٹرار کے خدمات

دفعہ ۵۱ ہر سب رجسٹرار کو لازم ہے کہ تحت اہتمام اور نگرانی اوس رجسٹرار کے جسکے ضلع مین دفتر سب رجسٹرار کا واقع ہو اپنے عہدہ داری خدمت کا انصرام کرے۔

درخواست گذرانے - تو لازم ہے کہ رجسٹرار بلا توقف ان وجوہ مرقومہ کی نقل اُس شخص کے حوالہ کرے -

کوئی عہدہ دار رجسٹری واسطے رجسٹری کرنے کے ایسی دستاویز کو جسکی پشت پر وہ عبارت لکھی ہو - منظور نکرے گا - الا اُس حال میں اور اُس وقت تک کہ بموجب اُن احکام کے جو قانون ہذا میں آگے مرقوم ہیں - اُس نوشتہ کی رجسٹری کا حکم دیا جائے -

اپیل بنا ر حکم سب رجسٹرار رجسٹرار کے روبرو ہوگا۔ | قانون ...

دفعہ ۵۶ ۔ سوائے اُس صورت کے کہ رجسٹری کرنے سے اس بنا پر انکار کیا جائے کہ دستاویز کی تکمیل سے انکار کیا گیا ہے اپیل بنا ر حکم سب رجسٹرار کے بشرط انکار رجسٹری دستاویز کے (خواہ امر یہ ہے کہ رجسٹری اُس دستاویز کی لازمی یا اختیاری) روبرو اُس رجسٹرار کے جس کے ماتحت سب رجسٹرار مذکور ہو اس شرط پر مسموع ہوگا کہ رجسٹرار مذکور کے سامنے تیس دن کے اندر تاریخ حکم مذکور سے پیش کیا جائے اور نقل وجوہ انکار ... اپیل کے ساتھ ہو بدستخط اپیل کنندہ مرتب ہو شامل ہو - رجسٹرار کو اختیار ہے کہ اُس حکم کی منسوخی یا تبدیل کرے

اگر رجسٹرار کے حکم میں یہ ہدایت ہو کہ دستاویز کی رجسٹری کیجائے اور وہ دستاویز بعد صدور حکم مذکور تیس دن کے اندر رجسٹری کے لیے حسب ضابطہ پیش ہو تو سب رجسٹرار کو لازم ہوگا کہ اُس حکم کی تعمیل کرے اور جہانتک ممکن ہو ضابطہ مندرجہ دفعات ۵۸ و ۵۹ و ۶۰ عمل میں لائے اور ایسی رجسٹری کی ایسی تاثیر ہوگی کہ گویا دستاویز کی رجسٹری اُسوقت ہوگئی تھی جبکہ وہ پہلی مرتبہ حسب ضابطہ رجسٹری کے واسطے پیش ہوئی تھی

بوجہ انکار تکمیل دستاویز رجسٹری سے انکار کرنے کی بابت چارہ جوئی

دفعہ ۵۷ ۔ جب رجسٹرار یا سب رجسٹرار کسی نوشتہ کی رجسٹری کا حکم دینے سے اس وجہ سے انکار کرے کہ نوشتہ کی تحریر اور تکمیل سے انکار ہوا تو ہر شخص کہ جو اُس نوشتہ کے رو سے مستفید ... یا اُس کا قائم مقام یا تفویض یافتہ یا مختار ہو اُسکو اختیار ہے کہ حکم انکار کے صادر ہونے سے تیس دن کے اندر اُس عدالت دیوانی میں کہ جسکے اختیار سماعت مرافعہ کے حدود ارضی کے اندر وہ دفتر واقع ہو جس میں نوشتہ رجسٹری کرانے کے لیے پیش کیا گیا ہو - اس مراد سے نالش دائر کرے کہ دفتر مذکور میں نوشتہ کی رجسٹری کیے جانے کی ڈگری باین شرط صادر ہو جائے کہ بعد صدور ڈگری تیس دن کے اندر وہ نوشتہ دفتر مذکور میں حسب ضابطہ پیش کیا جائے -

باوجودیکہ اس قانون میں کسی اور جا کچھ ... ہو وہ نوشتہ بطور شہادت اس مقدمہ میں مقبول ہوگا -

(۱) انسپکٹر جنرل رجسٹریشن کو اپنے محکمہ کے ہر ملازم کو باستثنائے سررشتہ دار کے اور ہر رجسٹرار اور سب رجسٹرار کے محکمہ کے اہلکار کو جو صرف رجسٹری کے کام کے واسطے مقرر ہوا ہو موقوف یا معطل یا جرمانہ کرنیکا اختیار ہوگا۔ لیکن اس اہلکار کو کوئی ماہوار مقررہ ملتی ہو تو کسی ایک ماہ میں جرمانہ اوس ماہوار کے نصف سے زیادہ نہ ہوگا۔

(۲) ہر حکم سزا کا جو حسب قاعدہ اول دیا جائے مرافعہ سرکار میں تاریخ حکم سے دو ماہ کے اندر کیا جاسکیگا۔

(۳) اگر انسپکٹر جنرل رجسٹریشن اپنے عہدہ دار ماتحت یا اہلکار (جسکا اوپر ذکر ہوا) کے نسبت کسی حکم سزا کا دیا جانا مناسب یا ضروری خیال کریں۔ تو اوس عہدہ دار یا اہلکار کا جواب لیکر مع اپنی رائے کے تحریک کریں گے اور محکمہ سرکار سے مناسب حکم صادر کیا جائیگا۔

اختیار معافی تاوان

دفعہ ۷۰ انسپکٹر جنرل کو یہ بھی اختیار ہے کہ باقتضائے اپنی رائے کے رسوم رجسٹری کے تعداد معینہ کے سوائے جو کچھ تاوان حسب قانون ہذا کے لینا چاہئے۔ اسے کلاً یا جزاً معاف کرے۔

فصل (۱۲)

رجسٹری کرنے سے انکار کرنا

سب رجسٹرار وجوہ حکم انکار رجسٹری اپنی کتاب نمبر ۲ میں درج کریگا الا جبکہ جائداد کے علاقہ کے اندر نہ ہونے کی وجہ سے انکار ہو

دفعہ ۷۱ ہر سب رجسٹرار جو کسی نوشتہ کی رجسٹری کرنے سے انکار کرے اوسکو بجز اوس صورت کے کہ ایسے حال میں کہ جائداد جس سے نوشتہ متعلق ہو اوس کے حصہ ضلع میں واقع نہ ہو

لازم ہوگا کہ حکم منع الکار رجسٹری صادر کرے وجوہ اوس حکم کے اپنی بہی نمبر (۲) میں ثبت کرے۔ اور نوشتہ کے پشت پر یہ الفاظ لکھے۔ "رجسٹری کرنے سے انکار کیا گیا" اور جب کوئی شخص تکمیل کنندہ تحریر نوشتہ کا یا وہ جو اوس کے رو سے منصب دعوی رکھتا ہو

دفعہ ۴۵۹ ایک فہرست رسوم کی جو اس ایکٹ کے رو سے واجب الادا ہو مع جدول اطلاعی عام بیان کے جو زبان اردو اور ضلع کی دیسی زبان مروجہ میں مرتب ہو کر دفتر رجسٹری میں واسطے معائنہ عوام کے آویزاں رہیگی۔	فہرست رسوم جدید ہوگی جو منتشر ہو اور دیگر زبان ملکی مرتب ہو کر دفتر رجسٹری میں آویزاں رہیگی۔
دفعہ ۴۶۰ تمام رسوم رجسٹری دستاویزات کی حسب قانون ہذا بروقت پیش ہونے ان دستاویزات کے واجب الادا ہونگی۔	رسوم کا واجب الادا ہونا۔

قانون ہذا

فصل (۱۴)

احکام سزا

دفعہ ۴۶۱ ہر عہدہ دار رجسٹری مامورہ حسب قانون ہذا اور ہر شخص جو اسکے دفتر میں داخلی از روئے قانون ہذا اسکے مقرر ہوا ہو جس سے عبارت تحریر عبارت ظہری یا نقل یا ترجمہ یا رجسٹری دستاویزی کی بوجب قانون ہذا اسکے پیش یا داخل کیا ہو متعلق ہو اگر ایسی دستاویز کی تحریر عبارت ظہری یا نقل یا ترجمہ یا	اگر کوئی اہلکار رجسٹری بدنیتی سے نقول میں غلط تحریر کرے تو قابل سزا ہوگا۔

رجسٹری کے بیچ پر مسل میں لاتے تھا۔ جس وہ جانتا ہو یا باور رکھتا ہو کہ غلط ہے اور اس سے نیت رکھتا ہو کہ کسی کو ضرر پہنچانے یا ایسے کہ اس کا ہو کہ وہ اس مسل سے غالباً ضرر یا نقصان پہنچائے گا تو شخص مذکور مستوجب سزا قید ہر دو قسم کا ہوگا جو سات برس تک ہو سکتی ہے یا اور سزائے جرمانہ یا دونوں سزائیں عائد ہونگی۔

دفعہ ۴۶۲ جو شخص جرائم مفصلہ ذیل میں سے کسی جرم کا مرتکب ہو وہ مستوجب سزا قید ہر دو قسم کا ہوگا جو سات برس تک ہو سکتی ہے اور سزائے جرمانہ بھی عائد ہو سکیگا یا دونوں سزائیں ہونگی۔	دروغ بیانی نقل ترجمہ یا دوسرے شخص بیننگی یا جواب اور بدیں اعانت کرنیکی سزا۔

(الف) بالارادہ دروغ بیانی کرنا تحلیف یا بلا حلف۔ عام اس سے کہ وہ بدیں پیروی کسی عہدہ دار مامورہ قانون ہذا کے کسی کارروائی یا تحقیقات متعلقہ قانون ہذا میں طلب کیا ہوا ہو یا نہیں۔

فصل (۱۲)

رسوم رجسٹری و تلاش نقول کے

دفعہ ۴۵۸ نواب مدار المہام سرکار عالی ایک فہرست رسوم واجب الادا کی بابت مراتب مفصلۂ ذیل مرتب کرینگے۔

۲۶۔ اس قانون کے اغراض کے واسطے مدار المہام سرکار عالی کو رسوم واجب الادا کی فہرستیں مرتب کرنیکا اختیار دیئے

واسطے رجسٹری دستاویزات کے۔

واسطے تلاش مطالب کے بہیاجات رجسٹری میں۔

واسطے تیاری یا عطائی نقول وجوہ اور دو خلاصے مندرجہ بہیاجات یا دستاویزات کے قبل رجسٹری یا بر وقت رجسٹری یا بعد رجسٹری۔

اور نیز ایک فہرست بابت رسوم زائد یا مستزاد کے جو مراتب مفصلۂ ذیل کے لیئے واجب الادا ہو۔ مرتب کرینگے۔

واسطے بر رجسٹری کے حسب دفعہ ۲۵۔

واسطے اجرائے کمیشن کے۔

واسطے داخل کرنے ترجموں کے۔

واسطے جانے کے لوگوں کے مکان سکونت پر۔

واسطے محفوظ رکھنے اور واپس کرنے دستاویزات کے۔

واسطے دیگر امور کے جو نواب مدار المہام بہادر سرکار عالی کے نزدیک بغرض حصول اغراض قانون ہذا کے ضروری متصور ہوں۔

نیز نواب مدار المہام سرکار عالی کو اختیار رہے کہ فہرست مذکور کو وقتاً فوقتاً بدلتے رہیں۔

عہدہ دار رجسٹری کو کوئی عمل نیک نیتی سے کیا جائے اس پر نالش نہیں ہو سکتی ہے۔

دفعہ ۵۶ — کوئی عہدہ دار رجسٹری مستوجب کسی نالش دیوانی یا فوجداری یا دیگر واسطے کسی امر کا ہونا یا کسی ایسے امر کے نہ ہونے کا جسے وہ نیک نیتی سے بمنصب اپنے عہدہ کے عمل میں لایا ہو یا جسکے عمل میں لانے سے انکار کیا ہو۔

ہر ایک عمل عہدہ دار کا بہ نیک نیتی کارروائی پر ہوگی کارروائی افسران مجاز ہوگا۔

دفعہ ۵۷ — کوئی امر جو بہ نیک نیتی بموجب اس قانون یا کسی ضابطہ کے جو قانون ہذا کی رو سے منظور ہوا ہے کسی عہدہ دار نے کیا ہو یا وہ شخص جو کسی مستقر قائم مقام ہے وہ مذکور یا اس کے کارروائی کے جائز متصور ہوگا

کسی دستاویز کا بعض وقت عہدہ دار کا رجسٹری میں حاضر ہونا ضروری نہیں ہے۔

دفعہ ۵۸ — باوجود کسی عبارت مندرجہ قانون ہذا کے کسی عہدہ دار کو ضروری نہ ہوگا کہ کسی کارروائی متعلقہ رجسٹری ایسی دستاویز کی جسکو اس نے بمنصب اپنے عہدہ کے تحریر کیا ہو اصالتاً یا وکالتاً کسی دفتر رجسٹری میں حاضر ہو لیکن جب کوئی دستاویز اس طرح پر تحریر ہوئی ہو عہدہ دار رجسٹری کو جس کے روبرو وہ دستاویز رجسٹری کے لیے پیش کی جاوے اختیار ہے کہ اگر مناسب جانے عہدہ دار مذکور سے دریافت حال کے واسطے اس باب میں استفسار کرے اور جب دستاویز مذکور کی تحریر کا اطمینان حاصل ہو رجسٹری عمل میں لاوے۔

قواعد متعلقہ قانون رجسٹری

جنکو جناب نواب مدار المہام سرکار عالی نے تاریخ غرہ دی ۱۲۹۵ف سے تمام ممالک محروسہ سرکار عالی میں جاری فرمایا

تقررات

مجلس عالیہ عدالت کے ایک رکن بطور عارضی انسپکٹر جنرل رجسٹری کا کام انجام دیگا

دفعہ ۱ — تاوقتیکہ مستقل انسپکٹر جنرل مقرر کیا جائے مجلس عالیہ عدالت کے وہ رکن جنکو مجلس باطلاع جناب مدار المہام سرکار اس کام کے لیے بطور موقت منتخب کرے علاوہ اپنی خدمت کے انسپکٹر جنرل

(ب) کسی کارروائی حسب دفعہ ۱۳ - یا ۱۵ میں کسی عہدہ دار رجسٹری کو نقل یا ترجمہ دروغ کسی دستاویز کا یا نقل یا نقل کسی نقشہ زمین یا نقشہ عمارت کی دینا ۔

(ج) اپنے تئیں بدروغ دوسرا شخص بیان کرنا - اور دوسرا شخصیت فرضی میں کوئی دستاویز گذراننا - یا کسی امر کا اقبال کرنا - یا بیان کرنا - یا کوئی سمن یا کمیشن جاری کرانا - اور کوئی فعل کسی کارروائی میں یا تحقیقات حسب قانون ہذا میں کرنا ۔

(د) اعانت کسی ایسے امر میں جو حسب قانون ہذا قابل سزا ہے

کسی جرم متعلقہ قانون ہذا کے نالش بجانب یا منظوری انسپکٹر جنرل رجسٹری یا رجسٹرار یا سب رجسٹرار ہوگی ۔ ۸۳

دفعہ ۲۶۳ نالش کسی جرم متعلقہ قانون ہذا کی جس سے عہدہ دار رجسٹری بہ منصب اپنے عہدہ کے مطلع ہو بجانب یا با جازت انسپکٹر جنرل یا رجسٹرار یا سب رجسٹرار دائر کیجاسکے گی ۔

جرائم قابل سزا حسب قانون ہذا کی تجویز ہر عدالت یا عہدہ دار کے پیشی میں ہوسکتی ہے جسکو وہ اختیار حاصل ہو۔

مگر شرط یہ ہے کہ حسب قانون ہذا سزا دینے کے عاید کرنے میں اس عدالت یا عہدہ دار کو اس اختیار سے تجاوز کرنا جائز نہ ہوگا - جو قانون مجریہ وقت کے رو سے اس عدالت یا عہدہ دار کے واسطے مقرر ہو ۔

تمام جرمانے جو حسب قانون ہذا عاید کئے جائیں بر حسب قاعدہ محکمہ فوجداری کے وصول کئے جائیں گے

عہدہ داران رجسٹری ملازم سرکار ہیں اور ہر شخص ان کو جب وہ طلب کرے تو اطلاع امر مطلوب کی دیوے - رجسٹرار و سب رجسٹرار بمنزلہ عدالت ہوگا ۔ ۸۴

دفعہ ۲۶۴ ہر عہدہ دار رجسٹری جو حسب قانون ہذا مقرر کیا گیا ہو ملازم سرکار متصور ہوگا ۔

ہر شخص پر قانونا واجب ہوگا کہ عند الضرورت عہدہ دار رجسٹری کے اسکو اطلاع امر مطلوب کی دیوے اور کارروائی جو روبرو اس کے بر جب ہوگی حسب فوجداری قوانین فوجداری عدالتی کارروائی متصور ہوگی ۔

ہر رجسٹرار اور سب رجسٹرار باعتبار اپنے عہدہ کے حسب فوجداری قوانین فوجداری بمنزلہ عدالت متصور ہوگا ۔

فصل (۱۵)

احکام متفرقہ

تو اوسکا بازگشت کرنا ہمیشہ لازم ہے۔

(۵) رجسٹراران اضلاع اور رجسٹراران ماتحت کو رجسٹری سے فیس لینی ہے۔ اگر مادہ جب اوسکی کافی نہ ہو تو اپنے فیس سے مزدوری ادا کریں۔

(۶) حتی الوسع صیغہ عدالت سے کوئی روپیہ یا سامان قرض یا استعار لینا بھی مناسب نہیں ہے۔ آئندہ تمام حکام عدالت لحاظ رکھیں کہ شخصی اغراض کے لئے کبھی ایسی بے ضابطگی سرزد نہ ہو۔

قانون رجسٹری — شہر حیدرآباد میں ایک خاص عہدہ دار رجسٹرار ہوگا۔ اور اوسکی حدود رجسٹری مجلس عالیہ عدالت کے ضلع ابتدائی و عدالت بیرون بلدہ کے حدود اراضی پر شامل رہینگے

دفعہ ۴۷۴ شہر حیدرآباد میں ایک خاص عہدہ دار رجسٹرار کے نام سے مقرر کئے گئے اون کے حدود اراضی متعلقہ رجسٹری کے لحاظ سے وہی ہونگے جو مجلس عالیہ عدالت کے ضلع ابتدائی اور عدالت بیرون بلدہ کے مقرر ہیں۔

″ ″ ″ — کار رجسٹری ہمیشہ تحصیل کے صدر مقام پر ہوگا۔

دفعہ ۴۷۵ کار رجسٹری متعلقہ تحصیل ہمیشہ تحصیل کے صدر مقام میں ہوا کریگا۔

تحصیلدار کے غیر حاضری میں پیشکار یا وہ اہلکار جسکو تحصیل کا کام کرنے سے رجسٹری کا کام کرنا پڑیگا

دفعہ ۴۷۶ جو تحصیلدار کہ سب رجسٹرار ہوا گر وہ اپنے علاقہ کے صدر مقام سے باہر جائے تو اوسکو لازم ہے کہ اہتمام رجسٹری کے کام کا پیشکار کو یا اور اہلکار سرکار کو سپرد کرے جو تحصیل کے اہتمام کے لئے روان رہے۔

منصف کے غیر حاضری میں اونکا قایم مقام رجسٹری کا کام کریگا اور ایسا ہی منصف اور مددگار عدالت کی غیر حاضری میں۔

دفعہ ۴۷۷ منصف کے غیر حاضری میں اونکا قایم مقام رجسٹری کا کام کریگا اور اگر منصف بہ ضرورت دورہ غیر حاضر ہوں تو سررشتہ دار اون کے بجائے میں رجسٹری کا کام کرینگے۔

اور یہی قاعدہ مددگار منصف اور مددگار عدالت اضلاع بدستور پوٹا ناظم ورس کے اسقدر کام سے متعلق ہوگا۔ جو صرف رجسٹری دستاویز وغیرہ سے متعلق ہے نہ اون اختیارات نگرانی سے جو بہ حیثیت رجسٹری سب رجسٹراروں سے تعلق رکھتا ہے۔

قایم مقامی دفعہ ۹ روز سات دن سے کم عرصہ کے لئے ہو تو قایم مقام کو کچھ حق الخدمت نہیں ملیگا اس سے زیادہ کے

دفعہ ۴۷۸ جبکہ قایم مقامی اسند بعد دفعہ ۹ و سات دن سے کم عرصہ کی ہو تو قایم مقام کو کچھ حق الخدمت نہیں ملیگا۔ لیکن جبکہ علی الاتصال سات دن یا سات دن سے زیادہ ہو تو اصل عہدہ دار کے حق الخدمت سے نصف کا قایم مقام مستحق ہوگا۔

خدمات انسپکٹر جنرل بجا لائیں گے ۔

مجلس عالیہ عدالت کے مستند یا مددگار مستند کو نگرانی دفتری کام کی اور ترتیب رپورٹوں کا کام کیا جا سکتا ہے ۔ [illegible]

دفعہ ۴۶۹ ۔ ملک محروسہ کو اختیار ہوگا کہ معمولی دفتری کام کی نگرانی اور نقشہ جات اور رپورٹوں کی جانچ مجلس عالیہ عدالت کے مستند یا کسی مددگار مستند کے تفویض کریں کہ وہ ان کی نسبت کیفیت پیش کیا کریں ۔

۳ عہدہ رجسٹری کے لیے وہ عہدہ مقرر کیے جاتے ہیں جو عدالتی اغراض کے لیے مستند اب مقرر ہیں ۔

دفعہ ۴۷۰ ۔ اضلاع اور تعلقہ جات میں جو عہدہ رجسٹری کے لیے وہ حدود قائم کیے جاتے ہیں جو عدالتہائے اغراض کے لیے قائم ہیں یا مقرر ہوں اور جو زیر مجلس عدالت عالیہ کے تابع ہیں ۔

۴ تعلقہ جات میں تحصیلدار اور جہاں عدالت منصفی ہو منصف موجود ہو وہاں سب رجسٹرار منصف مقرر کیے گئے ۔

دفعہ ۴۷۱ ۔ تعلقہ جات اپنے اپنے حدود اراضی کا ہر منصف اور جہاں منصف نہ ہوں تحصیلدار اور تعلقہ جات میں نائب تحصیلدار سب رجسٹرار مقرر کیے گئے ۔
چونکہ ایک سے زیادہ تعلقہ ایک منصف کے متعلق ہیں اس لیے منصف صرف اس تعلقہ کے سب رجسٹرار سمجھے جائیں گے کہ جہاں ان کا مستقر ہو ۔
اور دوسرے تعلقوں میں جو متعلق منصفی ہوں ہر ایک تحصیل کا تحصیلدار سب رجسٹرار رہیگا ۔

۵ ہر ضلع میں منصف اور جہاں کہیں منصفی نہیں ہے وہاں مددگار ناظم عدالت رجسٹرار مقرر کیے گئے ۔

دفعہ ۴۷۲ ۔ اضلاع میں ہر صدر منصف اور جہاں منصف نہ ہو وہاں مددگار عدالت اور تحصیلدار اور سررشتہ دار صدر محاسبی رجسٹرار مقرر کیے گئے ۔

صیغہ رجسٹری کے مصارف ہمیشہ مجلس رجسٹری سے ہونا چاہیے صیغہ عدالت سے کبھی کوئی رقم خرچ نہ کیا جائے ۔ [illegible]

دفعہ ۴۷۳ (۱) دیکھو مراسلہ ناظم صاحب عدالت سے صوبہ اورنگ آباد و تلنگانہ کی (۴۴۲) مورخہ ۱۵ اردی بہشت ۱۳۱۰ ف مثل نمبر ۱۳۱ ۹ سنہ ۱۳ ف اور مراسلہ نمبر ۴۲۵ ۱ مورخہ ۲۷ اسفندار ۱۳۱۰ ف مثل مذکور ۔

(۲) بعض رجسٹرار ان ماتحت کی بے قاعدگی سے پایا جاتا ہے کہ صیغہ رجسٹری کے مصارف صادر مقررہ عدالت سے کرکے ان کی رقم بازگشت نہیں کرتے ۔

(۳) جو حکام عدالت رجسٹرار ضلع اور رجسٹرار ماتحت ہیں ان کو تاکید کی جاتی ہے کہ صادر عدالت کی رقم یا اس کا سامان کبھی دفتر رجسٹری میں صرف نہ کریں ۔

(۴) اگر بر وقت ضرورت لاحق ہو کہ کوئی رقم یا سامان صیغہ عدالت سے مستعار لیا جائے

یا سب رجسٹرار جیسی کہ صورت ہو عمل میں لاسکے گی۔

نگہداشت دفاتر رجسٹری

قواعد رجسٹری

ہر رجسٹرار اور سب رجسٹرار کی دفتر میں ایک صندوق یا الماری بنی جاتی اور کاغذات متعلقہ کے لئے مہیا کی بلا قیمت ہوگا۔

دفعہ ۸۱ ہر رجسٹرار اور سب رجسٹرار کے دفتر میں ایک یا زیادہ مضبوط صندوق یا الماری بنی جاوے اور کاغذات متعلقہ دفتر کیلئے وقتاً فوقتاً بحکم انسپکٹر جنرل مہیا کیا جاوے اور اوس کی قیمت رجسٹرار یا سب رجسٹرار سے نہیں لی جاوے گی۔

رجسٹراروں کو اور ایک علیحدہ صندوق دیا جاویگا جسمیں وصیت نامے سربمہر رکھے جائینگے۔

دفعہ ۸۲ ایک علیحدہ صندوق جسکی کنجی رجسٹرار کے پاس رہے گی ہر رجسٹرار کے دفتر میں وصیت ناموں سربمہر رجسٹری شدہ کی حفاظت کیلئے تیار ہوگا اور ہر ایک ایسا صندوق رہے گا جسپر آگ کا اثر نہ پہنچے اوسکی قیمت بھی رجسٹرار سے نہ لی جاوے گی۔

تمام کاغذات متعلقہ رجسٹری محفوظ رہینگے اور جب کوئی قاعدہ اونکے تلف کرنیکا جاری ہو تو اوسکی تعمیل ہوگا۔

دفعہ ۸۳ تمام کاغذات متعلقہ رجسٹری محفوظ رہینگے اور اونکے تلف کرنیکا جب کوئی قاعدہ آئندہ جاری ہو اوس پر عمل ہوگا۔

سال تمام ہونیکے بعد بہی جات وہاں رکھیں جائیں جسکی نسبت انسپکٹر جنرل تجویز کریں

دفعہ ۸۴ بعد سال تمام کے بہی جات اور رجسٹر وہاں رکھیں جائینگے جہاں انسپکٹر جنرل تجویز کرے۔

تعداد جرمانوں کی جو میعاد معینہ میں رجسٹری نکرانیکی وجہ سے عاید کئے جائینگے

جرمانہ بابت تاخیر رجسٹری میعاد معینہ سے جو لیا جاویگا۔

دفعہ ۸۵ جرمانہ بابت تاخیر رجسٹری جو میعاد معینہ رجسٹری میں واقع ہوئی ہو حسب ذیل وصول کیا جاویگا۔

(الف) جبکہ تاخیر دو مہینہ سے زیادہ نہو .... دو چند

مدت میں قائم مقام نصف رقم کا مستحق ہوگا۔ واصل عہدہ دار کے

حق الخدمت سے

تشریح دفعہ ۹۰ قواعد رجسٹری میں جو کچھ صراحت ہے وہ ان قائم مقاموں کی نسبت ہے جو بطور بحکم ان کار کے کام کرتے ہیں اور دفعہ ۱۰۰ قواعد رجسٹری میں جو نصف فیس لینے کا حکم ہے وہ دراصل نہیں تاکہ ان کار کے واسطے ہے جنہوں نے بموجب دفعات ۹۸ و ۹۹ قواعد رجسٹری عہدہ دار مستقل کے غیر حاضری (جس میں رجوع بوجہ دورہ یا رخصت اتفاقی وغیرہ لاحق ہوئی ہو) کام کیا ہو۔

عہدہ دار منقدم سے ان دفعات مذکورۃ الصدر ۹۸ و ۹۹ کا کوئی تعلق نہیں ہے۔ جبکہ کسی رخصت با علاقہ یا موقوف شدہ عہدہ دار کی جگہ کوئی منقدم اس سلسلہ کے حکم اور منظوری سے یا قاعدہ مقرر کیا جاتا ہے تو اسے بحیثیت اس کے فرائض کے لئے وہ اصل عہدہ دار رجسٹری سمجھا جائیگا اور مثل مستقل عہدہ دار کے نصف یا دو ثلث جیسی صورت ہو حسب دفعہ ۱۰۰ فیس محنتانہ پانیکا وہ مستحق ہوگا۔ کیونکہ ملازمت کے قواعد رجسٹریشن سے متعلق نہیں کئے جا سکتے جیسے حق الخدمت فیس سے دیا جاتا ہے۔

چونکہ گشتی نشان مرقومہ ہمیں ۱۹ خلاف منشار دفعات ۹۸ و ۹۹ و ۱۰۰ قواعد رجسٹری جاری ہوئی ہے۔ لہذا وہ منسوخ سمجھا جاتا ہے۔ اور گشتی مذکور کے بموجب جو فیس وصول کیگئی وہ واپس دیجاتی ہے۔

ذکر اجرت رجسٹراران وسب رجسٹراران و عملہ

دفعہ ۴۷۹ رجسٹرار اور سب رجسٹرار لسٹ مرحمتہ مندرجہ دفعہ ۹۶ قواعد ہذا فیس وصول کرینگے۔ جس میں دو ثلث رجسٹرار کا حق ہوگا۔ اور نصف سب رجسٹرار کا اور مابقی حق سرکار کا ہوگا۔

رجسٹرار وسب رجسٹرار شرح مندرجہ دفعہ ۹۶ قواعد ہذا فیس وصول کرینگے جس میں سے نصف سب رجسٹرار کا اور دو ثلث رجسٹرار کا حق ہوگا اور باقی حق سرکار۔

دفعہ ۴۸۰ رجسٹرار اور سب رجسٹرار کو اختیار ہے کہ بقدر ضرورت عملہ مقرر کریں یہ عملہ اس قدر اجرت کا مستحق ہوگا جو ان معاملہ سے بمقدار مندرجہ دفعہ (۴۹) قواعد ہذا وصول کیا جائے اور اس تقسیم عملہ بر حسب تجویز رجسٹرار

رجسٹرار و سب رجسٹرار بقدر ضرورت عملہ مقرر کریں۔ وہ عملہ دستور اجرت کا مستحق ہوگا بموجب دفعہ ۷۷ قواعد ہذا

(۷) دستاویز کے ساتھ تعلق اس شخص کا جسکا نام خانہ اول میں درج کیا جائے۔

(۸) تاریخ تحریر دستاویز۔

(۹) تعداد اسٹامپ کی جو ادا کیگئی۔

(۱۰) تاریخ رجسٹری۔

(۱۱) رجسٹر کا نمبر۔

(۱۲) جلد۔

(۱۳) صفحہ

(۱۴) نمبر مسلسل

دفعہ ۲ قواعد متعلقہ نمبر ۱ | فہرست نمبر (۲) میں کیا کیا مراتب ہونگے | **دفعہ ۸۹** فہرست نمبر (۲) میں مراتب مفصلہ کے خانہ ہوں گے۔

(۱) نام شہر یا موضع کا۔

(۲) نام سمت کا۔

(۳) حلیہ جائیداد کا۔

(۴) نام تکمیل کنندگان دستاویز کا۔

(۵) نام ان اشخاص کے جنکو دستاویز لکھدیگئی ہو۔

(۶) قسم دستاویز

(۷) تاریخ رجسٹری۔

(۸) بہی رجسٹر کا نمبر۔

(۹) جلد۔

(۱۰) صفحہ۔

(۱۱) نمبر مسلسل۔

" " " | فہرست نمبر ۳ میں کیا کیا مراتب ہونگے | **دفعہ ۹۰** فہرست نمبر (۳) میں مراتب مندرجہ ذیل داخل کئے جائیں۔

یہ فہرست بہی نمبر (۳) متعلق ہے جسمیں وصیت نامجات اور اختیار نامجات تبنیت مندرج ہوں گے۔

(۱) نام مع ولدیت یا خطاب کے۔

(ب) جبکہ تاخیر دو مہینے سے زیادہ لیکن چار مہینے سے زیادہ نہو۔ . . . چار چند

(ج) جبکہ تاخیر چار مہینے سے زیادہ۔ لیکن چھ مہینے سے زیادہ نہو۔ . . چھ چند

جو جرمانہ بابت تاخیر لیا جاوے اوسمین معمولی فیس شریک ہیگی

دفعہ ۸۶ جو جرمانہ کے بابت تاخیر کیا جاوے تو اوسمین معمولی فیس رجسٹری کی داخل سمجھی جاوے گی۔

تصحیح نقل ہای رجسٹری

مقابلہ دستاویزات کا نقل نویس کے سوا دوسرا شخص کریگا اور اوسپر نقل نویس اور مقابلہ کنندہ دستخط کرینگے اور عہدہ دار رجسٹری بھی اپنی دستخط کریگا۔

دفعہ ۸۷ مقابلہ ہر دستاویز کے نقل کا جو دفتر مین رکھنے کے واسطے اصل کے ساتھہ کریں اور شخص سوا نقل نویس کے کر لیا کرے اور نقلنویس اور مقابلہ کرنیوالا دونون اپنی دستخط اوس نقل پر کرین بعد ازان جو غلطیان اوس نقل مین ہون اون پر عہدہ دار رجسٹری کنندہ اپنی تصدیق کرے اور ہر صفحہ کے ذیل مین اپنی سالم دستخط یا حرف ابتدائی نام کے ثبت کرے۔

مراتب جو فہرستہای نمبر ا و ۲ و ۳ و ۴ مین داخل کئے جائین گے۔

فہرست نمبر (ا) مین کیا کیا مراتب ہون گی

دفعہ ۸۸ فہرست نمبر (ا) مین مراتب مفصلہ ذیل کے داخلہ کے لئے خانہ قائم کئے جائین گے۔

(ا) نام مع ودرجہ یا خطاب کے۔

(۲) والد کا نام

(۳) پیشہ

(۴) مسکن

(۵) قسم دستاویز

(۶) اگر یہی نمبر (ا) مین دستاویز کی رجسٹری ہوئی ہو تو تعداد زرمعاملہ کی جو اوسمین مندرج ہو اور تعداد محصول اسٹامپ کی جو ادا کی گئی ہو۔

قواعد رجسٹری ۱۹۰۸

دفعہ ۴۹۴ - فہرستہائے نمبر ۲ و ۳ میں وہ مسلمان نام کا بلحاظ اصلی نام کے پہلے حرف کے کرنا چاہیے اور وہ جو عرفی یا لقب کا لحاظ نہ کیا جاوے۔ اگر عیسائیوں کا نام خواہ وہ یورپین ہوں یا ہندوستانی [illegible] انکا نام ایسا ہو کہ عیسائیوں کے [illegible] پر بلحاظ حرف اول خاندانی نام کے ہونا چاہیے۔

فہرست نمبر ۲ و ۳ میں نام کا اندراج بلحاظ اصلی نام کے ہوا کریگا اور عرفی نام یا لقب کا لحاظ نہ ہوگا۔

دفعہ ۴۹۵ - ہر دوکان یا کمپنی کے نام کا اندراج بلحاظ حرف اول اوس کے پہلے لفظ کے ہوگا۔

دوکان یا کمپنی کے نام کا اندراج بلحاظ حرف اول اوس کے پہلے لفظ کے ہوگا۔

دفعہ ۴۹۶ - جب کوئی دستاویز بذریعہ کارندہ یا قائم مقام کے تحریر پائے تو نام ہر مالک اور نیز کارندہ کا درج فہرست ہوگا۔

کوئی دستاویز بذریعہ کارندہ یا قائم مقام کے تحریر پاوے تو نام مالک و نیز کارندہ کا درج فہرست ہوگا۔

دفعہ ۴۹۷ - فہرستہائے نمبر (۱) و (۲) و (۳) کی ایک نقل ہر سہ ماہی [illegible] ہر دو سب رجسٹرار کے دفتر میں مرتب ہونا چاہیے۔ اور جب نقل کا کوئی ورق کسی حرف کا پُر ہو جاوے تو سب رجسٹرار کو لازم ہے کہ اوسے اپنے علاقہ کے رجسٹرار کے پاس بھیجدے اور اوس وقت آخر صفحہ پر جو سلسلہ کہ ہے اوسپر [illegible] کرکے اور تمام اوراق [illegible] کرادینا باقی ہو یا نہ ہو [illegible] نقل کے انقضا پر [illegible] دستخط روانہ کرے۔ رجسٹرار ان اوراق کی ترتیب دیکے بطور مناسب ایک یا کئی جلد جیسا کہ مناسب ہو مجلد کرادینگے۔

فہرستہائے نمبر ۱ و ۲ و ۳ کی نقل ہر دو سب رجسٹرار کے وہاں ہوا کریگی اور وہ رجسٹرار کے وہاں بھیجا کرینگے۔

دفعہ ۴۹۸ - فہرست نمبر ۲ و ۳ میں جو سلسلہ اون دستاویزوں کے بابت جو [illegible] کاپی کیا جاوے جو رجسٹرار کے دفتر سے سب رجسٹرار کے دفتر میں موصول ہوں بہ سلسلہ [illegible] علیحدہ ہوگا۔

فہرستوں میں [illegible] رجسٹرار کے وہاں سے سب رجسٹرار کے وہاں روانہ ہوا کریگا [illegible] علیحدہ

دفعہ ۴۹۹ - اور افسر رجسٹری کو جو ایسی دستاویز کی رجسٹری کرے جس کا تعلق جائداد غیر منقولہ مشمولہ دستاویز جزواً خواہ کلاً اوسکے ضلع میں یا حصہ ضلع میں اور جزواً کسی اور ضلع یا حصہ ضلع میں واقع ہو لازم ہے کہ علاوہ معمولی رسوم رجسٹری کے اوسیقدر خرچ وصول کرے جو واسطے ارسال نقول کے ہو جسکو اوسنے اوس ضلع یا حصہ ضلع میں روانہ کرنا

دفتر رجسٹری [illegible] رجسٹری کے وقت جو [illegible] اسقدر خرچ وصول کریگا جو واسطے روانگی نقول کے [illegible] ہو۔

(۲) والد کا نام

(۳) پیشہ

(۴) مسکن

(۵) قسم دستاویز یا امر اس سے کہ وہ وصیت نامہ ہو یا اجازت نامہ تبنیت۔

(۶) دستاویز کے ساتھ تعلق اوس شخص کا جسکا نام خانہ اول میں درج کیا جاوے۔

(۷) تاریخ تحریر دستاویز

(۸) تاریخ رجسٹری۔

(۹) مسند اور موہم کی بیواد اکسیکی۔

(۱۰) بہی رجسٹر کا نمبر

(۱۱) جلد۔

(۱۲) صفحہ۔

(۱۳) نمبر مسلسل۔

فہرست یادگار | فہرست نمبر ۴ میں وہی امور درج ہوں جو فہرست نمبر (۱) میں ہیں۔

دفعہ ۴۹۱ فہرست نمبر (۴) میں وہی خانے ہونگے جو فہرست نمبر (۱) میں ہیں فہرست بہی نمبر ۲ سے متعلق ہے۔

فہرستوں میں داخلہ بترتیب نام کے حروف تہجی سے ہوا کریں۔ بلحاظ فہرست نمبر ۱ و ۳ و ۴ میں۔

دفعہ ۴۹۲ ان فہرستوں میں داخلے بترتیب حروف تہجی ہوا کریں اور جو داخلے کہ فہرست نمبر ۱ و ۳ و ۴ میں ہوں وہ بلحاظ حروف نام اوس شخص کے کئے جاویں جسکا وہ خاص اندراج ہے۔ ۱
اور جو فہرست نمبر (۲) میں ہوں وہ بلحاظ حروف ابتدائی اوس گاؤں یا قصبہ یا شہر اور محلہ کے ہوں جہاں کہ جائداد واقع ہے کیونکہ یہ مقامی فہرست ہے یعنی شخصی اندراج ہر شخص تکمیل کنندہ دستاویز اور ہر شخص کا جو بذریعہ دستاویز یا یادداشت رجسٹری شدہ کے برخلاف ہو فہرست میں علیحدہ درج کیا جائے

فہرست نمبر (۲) میں داخلہ موضع یا دیہ کے سرور ناکی ترتیب حروف تہجی سے ہوا کرے۔

دفعہ ۴۹۳ ہر رجسٹرار کو لازم ہے کہ اپنی فہرست نمبر (۲) میں صرف وہی جائداد داخل کرے جو کہ خود اوس کے ضلع میں واقع ہو اور سب رجسٹرار صرف اسیقدر جائداد کو داخل کرے جو اوس کے حصہ ضلع میں واقع ہو لیکن جس صورت میں کہ جائداد اوس ضلع یا حصہ ضلع کے اندر کئی قصبوں یا شہروں یا دیہوں میں واقع ہو تو نام ہر مقام کا مطابق اوس کے حروف ابتدائی کے اپنے جگہہ پر درج فہرست ہوگا۔

قواعد رجسٹری

دفعہ ۵۰۵ - بہی نمبر ۱ متفرقات کی بہی ہے جس میں تمام دستاویزات باستثناء ان دستاویزوں کے جو بہی ہائے نمبر ۲ و ۳ و ۴ میں درج ہوں درج ہوا کریں گی۔

بہی نمبر ۱ متفرقات کی بہی ہے اس میں سب دستاویزات سوائے ان دستاویزات کے جو بہی ہائے نمبر ۲ و ۳ و ۴ میں درج ہوتی ہیں باقی دستاویزات لکھی جاویں گی۔

دفعہ ۵۰۶ - بہی نمبر ۲ میں وصیت نامہ جات سربمہر کے وہ الفاظ جو پیشانی پر لکھے ہوں اور حروف و نقش جو سربستہ ظاہر ہوں اگر شناخت ہو سکیں اور سال مہینہ اور روز اور وقت حاضر ہونا اور نام پیش کنندگان اور گواہان شناخت کے درج کیے جاویں گے۔

بہی نمبر ۲ میں وصیت نامہ جات سربمہر کی پیشانی کے الفاظ لکھے جاویں گے اور جو ہو سکے لکھا جاوے۔

دفعہ ۵۰۷ - ان تمام بہیوں میں نمبر سلسلہ دار ابتدا ہر سال سے شروع کیا جاوے گا اور سلسلہ نمبروں کا اختتام سال پر منقطع ہوگا۔

تمام بہیوں میں سلسلہ نمبر ہر سال کی ابتدا سے شروع ہوگا اور آخر سال پر ختم ہوگا۔

دفعہ ۵۰۸ - نقول اور یادداشت دستاویزات بہی نمبر ۱ کے فائل بک میں نمبر ۱ کے سلسلہ سے چسپاں کی جائیں گی۔
مثلاً بہی نمبر ۱ میں ۳۰ نمبر تک دستاویزیں درج ہوں اس کے بعد ایک یادداشت یا نقل یادداشت کسی دوسرے دفتر سے غرض اندراج وصول ہووے تو یہ فائل بک میں نمبر ۳۱ پر شامل کی جاوے گی اور یہ نمبر اس کی پیشانی پر لکھا جاویگا۔

نقول اور یادداشت دستاویزات فائل بک میں بہی نمبر ۱ کے سلسلہ سے چسپاں ہوں گے۔

کاروائی وقت پیشی دستاویزات

دفعہ ۵۰۹ - جب کوئی دستاویز رجسٹری کے لیے پیش ہو اس کے پیش ہونے کی ساعت اور تاریخ اور ماہ اس کی پشت پر لکھی جاوے گی اور پیش کنندہ کے اس پر دستخط ہوں گے۔

جب کوئی دستاویز پیش ہو تو وقت اور تاریخ پیشی لکھی جاوے گی اور دستخط پیش کنندہ کے ہوا کریں گے اور عہدہ دار رجسٹری اپنے دستخط مع تاریخ کرے گا۔

ضرور ہے اور نیز خرچ جو اب بہی وصول کیا جائے ۔

ترتیب بہیون کی

دفعہ ۵۱ — رجسٹرارون کے دفتر مین بہی نمبر ۱ و ۲ و ۳ و ۴ و ۵ رہینگے اور سب رجسٹرارون کے یہان بہی نمبر ۱ و ۲ و ۳ و ۴ ۔

دفعہ ۵۰۰ پانچون بہیون سے جنکا ذکر دفعہ ۵۱ قانون رجسٹری مین ہوا ہے، یعنی بہی نمبر ۱ و ۲ و ۳ و ۴ و ۵ ہر سب رجسٹرارون کے دفترون مین مستعمل ہوگی اور نمبر ۱ و ۲ و ۳ و ۴ سب رجسٹرارون کے دفتر مین ۔

۳۳ — پانچون بہیون کے سوا کل دفاتر مین اور دو بہی چہٹی معائنہ جات کی اور ساتوین بہی انتخاب مختارنامہ جات کی رکہی جاوینگی ۔

دفعہ ۵۰۱ علاوہ بہی جات متذکرہ بالا کے ایک چہٹی بہی بروفق ضرورت رکہی جائیگی مطابق نمونہ ضمیمہ نشان (۱) کے اور ایک رجسٹر معائنہ جات اور اپیل کمیشن کا ہوگا اور ایک ساتوین بہی بموجب ضمیمہ نشان (۲) رکہی جاویگی جسمین مختارنامہ جات متعلقہ دفعہ ۳۳ کا انتخاب مندرج ہوگا ۔

۶۴ — بہی نمبر (۱) کی اور ایک جلد بطور فاضل رکہی جائیگی جسمین نقول یادداشت جو اور دفترون سے موصول ہوتی ہین چسپان کیجاوینگی ۔

دفعہ ۵۰۲ بہی نمبر (۱) مین ہر قسم کی دستاویزات متعلقہ جائداد غیر منقولہ داخل کیجائینگی اور اس بہی کی دوسری جلد بطور فاضل کے ہر رجسٹرارون اور سب رجسٹرارون کے دفتر مین اس غرض سے مرتب رہیگی کہ نقول یا یادداشت دستاویزات جو اور اور دفترون سے موصول ہوتی ہین اس مین چسپان کردیجائین ۔ (نمونہ اسکے بطور ضمیمہ نشان ۳ ملاحظہ طلب) جنپر ایسی تعلیق اور یادداشتین لکہی جائینگی ۔

اور نمونہ اسکے رسیدات جو ان نقلون کے عوض دیئے جائینگے ضمیمہ نشان (۴) ملاحظہ طلب انسپکٹر جنرل کے دفتر سے حاصل ہو سکتے ہین ۔

دفعہ ۵۱ — بہی نمبر ۲ مین جبکہ رجسٹری سے انکار کیا جاوے وہ وجوہ درج ہونگے ۔

دفعہ ۵۰۳ بہی نمبر (۲) مین جبکہ رجسٹری سے انکار کیا جاوے کیفیت اور وجوہ انکار درج ہوا کرینگے ۔ یہہ وہ وجوہ ہونگے جو قانون رجسٹری مین مندرج ہین ۔

دفعہ ۵۱ — بہی نمبر ۳ مین وصیت نامہ جات اور اجازت نامہ جات تبنیت درج ہونگے ۔

دفعہ ۵۰۴ بہی نمبر (۳) مین وصیت نامہ جات اور اجازت نامہ جات تبنیت کے جو کہلے ہوئے بجنسہ داخل کیے جائینگے اور نیز عبارت ان وصیت نامہ جات کی بعد وفات وصیت کنندگان درج ہوگی جو سربمہر داخل ہون ۔

دفعہ ۱۳ الف جس صورت میں کہ عہدہ دار رجسٹری خود ان اشخاص سے واقف نہ ہو جو تکمیل دستاویز کرتے ہیں تو وہ ایسے گواہ جن سے وہ واقف ہو یا جن کی شناخت کے بابت اس کو اطمینان ہو پیش کرانے کا حکم دے سکتا ہے۔

[illegible]

دفعہ ۱۴ الف اگر تکمیل تحریر دستاویز سے وہ شخص یا اشخاص انکار کریں جنہوں نے بظاہر اس دستاویز کی تکمیل کی ہے یا جن کی جانب سے تکمیل کیا جانا بیان کیا جاتا ہو یا وہ مر گئے ہوں یا ان کے قائم مقام یا مفوض الیہ یا مختار کی جانب سے پایا جاتا ہو تو عہدہ دار رجسٹری کنندہ کو یہ اختیار نہ ہوگا کہ وہ خود شخص یا ان اشخاص کی تحقیقات کی بابت دریافت کرے کہ آیا وہ شخص جس نے دستاویز کی تکمیل کی ہے زندہ ہے یا فوت ہو گیا ہے اور تحقیقات کرنے کا اختیار صرف اثبات دیوانی کو حاصل ہے لیکن اگر شخص پیش کنندہ بہ حیثیت قائم مقام یا مختار یا مفوض الیہ کے کوئی دستاویز پیش کرے تو افسر رجسٹری کو لازم ہوگا کہ وہ اس کے اختیار و کیفیت کے صحیح ہونے پر اپنا اطمینان کرے۔

[illegible]

مختار رجسٹری کی صورت میں بذریعہ مختارنامہ تحریری جس کی اجازت رجسٹری کرانے کی درکار ہوگی جب حاصل کرنے اطمینان بہ نسبت صحت و اہلیت ان اشخاص کے جو اپنے تئیں دستاویز کا تکمیل کنندہ ظاہر کرتے ہوں بالنسبت صحت و اہلیت اون کے قائم مقام یا مفوض الیہ یا مختاروں کے افسر رجسٹری کنندہ کو لازم ہے کہ دستاویز رجسٹری کے لیے قبول کرے۔

دفعہ ۱۵ الف جبکہ

عبارت شہری جو بالا درج ہے ذیل کے طریقے لکھیں گے۔

(الف) تکمیل کنندہ دستاویز کو افسر رجسٹری کنندہ خود پہچانتا ہو اور مندرجہ دستاویز کے وصول پانے کا مقر اقبال کرے تو عبارت تصدیق اس نہج پر لکھی جائیگی

(تکمیل تحریر دستاویز ہذا اور وصول پانے زر مندرجہ سے یا کسی مال سے (اگر وصول ہونے کا اقبال ہو) مسمی ب۔ پیشہ ولد ساکن عمر نے اقبال کیا اور اوسکو میں خود پہچانتا ہوں۔ دستخط ب دستخط عہدہ دار رجسٹری۔

(ب) جبکہ عہدہ دار رجسٹری خود نہ پہچانتا ہو بلکہ مقر کو گواہ اور گواہ کو عہدہ دار رجسٹری پہچانتا ہو تو بجائے "میں خود پہچانتا ہوں" کے یہ عبارت ہوگی "اور ب کو فلاں اور فلاں گواہ پہچانتے ہیں۔ اور ان گواہوں کو یا ان میں سے فلاں کو میں خود پہچانتا ہوں"

تمثیل

یہ دستاویز بروز رجسٹری بہ سبب رجسٹرار مقام   کے دفتر میں بتاریخ   ماہ

سنہ ف ابن   گبٹہ سے پیش کی۔ دستخط پیش کنندہ اس عبارت کے نیچے بمعہ دستخط

اور نمبر رجسٹری کنندہ کے معہ تاریخ ثبت ہوں گے۔

جب کوئی دستاویز سرکاری عہدہ دار کے پاس سے بذریعہ سلسلہ پیش ہو تو حسب ذیل عبارت بدستخط

عہدہ دار رجسٹری ثبت ہوگی۔

یہ دستاویز بہ سبب دفتر میں بتاریخ   ماہ   سنہ مفصلی   درمیان   گبٹہ   کے فلاں

دفتر سے وصول ہوئی۔

۴۰ رجسٹری دستاویز کن صورتوں میں ملتوی رکھی جاوے گی۔ | **دفعہ ۵۱۰** رجسٹری دستاویز کی بوقت پیش ہونے کے صورتہائے مفصلہ ذیل میں ملتوی رکھی جاوے گی۔

(۱) جب دستاویز ایسی زبان میں لکھی ہو جسے عہدہ دار رجسٹری کنندہ نہ سمجھتا ہو اور جو کہ

وہ زبان ضلع میں نہ بولی جاتی ہو۔ اور اس دستاویز کا صحیح ترجمہ اور نقل مطابق اصل شامل نہ ہو۔

(۲) کوئی عبارت بین السطور میں لکھی ہو یا کوئی جگہ خالی ہو یا کچھ چھیلا گیا ہو۔ یا عبارت میں کچھ

تبدیلی ہوئی ہو اور دستخط بطور تصدیق ثبت نہ ہوں۔

(۳) حلیہ جائداد کا اس امر کے واسطے کافی نہ ہو کہ اس کی شناخت ہو سکے۔

۴۱ دفعہ ۵۱۰ کے رو سے جو دستاویز ملتوی ہوئی ہو رجسٹری کرنے سے واپس کر دیا جائے گا پھر میعاد معینہ میں بعد تکمیل داخل ہونے کی رجسٹری کر دیا جائیگی۔ | **دفعہ ۵۱۱** امور مندرجہ بالا سے جو امر فروگذاشت ہوا ہو اس کی تکمیل کے لئے دستاویز واپس کی جاوے گی اور اس کے پشت پر لکھ دیا جائے گا کہ فلاں امر کے لئے دستاویز واپس کی گئی۔

اگر میعاد معینہ رجسٹری کے اندر دستاویز بعد تکمیل دوبارہ پیش نہ ہو تو حکم نامنظوری کا دیا جائیگا اور وجوہ نامنظوری لکھے جائیں گے۔

۴۲ دستاویز کے رجسٹری کرنے کے قبل عہدہ دار رجسٹری محرر دستاویز کا معترف کو قبال ہے یا نہیں دریافت کرے گا۔ اقبال کی صورت میں معترف کے شناخت کا اطمینان کرنا چاہئے۔ | **دفعہ ۵۱۲** دستاویز رجسٹری کرنے سے پہلے عہدہ دار رجسٹری اس امر کی دریافت کرے گا کہ معترف کو محرر دستاویز کا اقبال ہے یا نہیں در صورت اقبال معترف کے شناخت کا اطمینان کرنا چاہئے۔

قواعد رجسٹری

سارٹیفکیٹ کی نقل بہی کے حاشیہ پر کیجاوے گی جس بہی سے کہ دستاویز متعلق ہے۔

دفعہ ۵۱۷ اس سارٹیفکیٹ کی نقل بہی صفحہ کے حاشیہ پر درج کیجاوے گی جسپر نقل دستاویز لکھی گئی ہو۔

جس روز کہ دستاویز پیش ہو اوسی روز رجسٹری ہونا چاہیئے اگر ایسا نہ ہو تو سب رجسٹرار رجسٹرار کو ماہانہ ایک تختہ بھیجا کرے گا۔ کہ فلاں فلاں دستاویزات پر فلاں فلاں وجوہ سے رجسٹری اسقدر مدت کے بعد ہوئی۔

دفعہ ۵۱۸ جس روز دستاویز پیش ہو اسی روز رجسٹری ہو کے واپس ہونا چاہیئے۔ اگر کسی وجہ موجبہ سے ایسا نہ ہوسکے۔ تو ماہانہ اونکی کیفیت بذریعہ رجسٹرار رجسٹرار کو اطلاع دے گا۔ کہ اسقدر دستاویزیں ان ان وجوہ سے بروز پیشی رجسٹری نہیں ہوئیں۔ اور اسقدر عرصہ کے بعد رجسٹری کیگئی۔

درخواستیں تلاش دستاویزات یا نقول کی پیش ہونا اور نقول کا دیا جانا

جو درخواستیں بہیوں کے دیکھنے یا ان کے دفتر تلاش کرنے کیلئے ہوں یا وہ جو درخواستیں دستاویز کی نقل کے واسطے ہوں انپر اسٹامپ ضرور ہے۔

دفعہ ۵۱۹ جو درخواست کہ بہیوں کے دیکھنے یا ان کے دفتر تلاش کرنیکے لیئے ہوں اور وہ درخواستیں کہ رجسٹری کی ہوئی دستاویز کی نقل حاصل کرنے کی ہوں وہ تحریری ہوا کریں گی جن کے لیئے اسٹامپ ضرور ہے۔

ارسال نقشہ جات

سب رجسٹرار سات نقشے بمیعاد نشان ۵ و ۶ و ۷ و ۸ و ۹ و ۱۰ و ۱۱ رجسٹرار کے دفتر میں ماہانہ روانہ کرینگے ...

دفعہ ۵۲۰ لازم ہے کہ ہر سب رجسٹرار بموجب ضمیمہ ہائے نشان ۵ و ۶ و ۷ و ۸ و ۹ و ۱۰ و ۱۱ ماہانہ رجسٹرار کے نقشے جنکا وہ تابع ہو روانہ کرے۔ اور انتظام رہے کہ آئندہ مہینہ کی دسویں تاریخ تک نقشے روانہ ہوں۔ جبکہ قابل ...

(ج) جبکہ مقر اور گواہوں کو عہدہ دار رجسٹری نہ پہچانتا ہو۔ بلکہ ایک شخص ثالث گواہ کو شناخت کرے تو یہ جانے ہی سکے کہ "میں ب کو پہچانتا ہوں" یہ لکھنا چاہیئے۔ کہ ب کو فلاں اور فلاں گواہ اور فلاں گواہ کو فلاں شخص نے شناخت کیا۔ جسکو میں خود پہچانتا ہوں۔)"

(د) جبکہ روپیہ یا مال دستاویز کا رجسٹرار کے سامنے دیا جاوے تو یہ جانے کہ اقبال یہ کہنا چاہیئے۔ "کہ اسقدر روپیہ میرے سامنے دیا گیا"

(ہ) اگر ایک جزو کا اقبال ہو اور دوسرا جزو سامنے دیا جاوے تو لکھنا چاہیئے کہ "اسقدر وصول سابق کا اقبال کیا ۔۔۔ اسقدر روپیہ سامنے دیا گیا"

(و) اگر نہ سابق میں وصول ہوا ہو اور نہ بروقت رجسٹری دیا جاوے بلکہ اوسکا دینا کسی وعدہ آئندہ پر محمول ہو تو یہ صورت وعدہ لکھی جاوے گی۔

(ز) جبکہ تکمیل تحریر سے کوئی کارندہ اقبال کرے تو یہ جانے لفظ "کمیشنر (?) ۔۔۔ کہ ب کے جانب سے اوس کے مختار نے تکمیل دستاویز کا اقبال کیا۔ اور اوس کے پاس مختارنامہ مصدقہ حسب ضابطہ موجود ہے"

(ح) اگر اقبال قایم مقام کی طرف سے ہو تو یہ لکھا جاوے گا۔ کہ دستاویز جسکو ۔۔۔ کہتے ہیں اوس کے تکمیل کا مسمی د قایم مقام نے اقبال کیا۔ اور میں نے اوسکی قایم مقامی اطمینان حاصل کر لیا۔

(ط) جب تکمیل دستاویز کی کسی عہدہ دار سرکار نے بہ حیثیت عہدہ داری کی ہو تو یہ کہا جاوے کہ فلاں حاکم یا عہدہ دار نے اس دستاویز کو تکمیل کیا۔ لہذا اوس دستاویز کی رجسٹری کی گئی۔

عبارت تصدیق عہدہ دار رجسٹری کے بعد دستاویز کی نقل بہ بہی میں لکھی جائیگی اور دستاویز کے پشت پر سرٹیفکٹ کی بہ شکل ۔۔۔ صفحے میں درج ہو گی سبب لکھ دیا جائیگا۔	دفعہ ۵۱۶ اس کے بعد دستاویز کی نقل ہو بہو بہی میں درج کیجاوے گی اور بعد نقل کے دستاویز کے پشت پر سرٹیفکٹ اس مضمون کا لکھ دیا جاوے گا۔ رجسٹری کا نمبر صفحہ یا صفحات جلد بہی رجسٹری جس میں درج کی گئی۔ دستخط عہدہ دار رجسٹری۔)

دارو مدار قانون رجسٹری دفعہ ۶۰

قانون رجسٹری ۲۰ [illegible]

دفعہ ۵۲۵ جب بہیئہ تمام ہو جائے گا اندوی حساب مستقیدہ روپیہ جس رجسٹرار یا سب رجسٹرار نے جمع کیا ہو فیلداروں کے ذریعہ رسید ثلث رجسٹرار اور نصف سب رجسٹرار وصول کر لیا کرینگے۔

جب تمام ہونے پر ماہیہ وار رجسٹری اپنا رسید بہیجکر اپنے حق الخدمت کی بابت خزانہ سے حاصل کرے گا

" " [illegible]

دفعہ ۵۲۶ مستقیدہ روپیہ جو سب رجسٹرار ہوں ہر وز زرداہ موجب دفعہ ۵۵ زر فیس کا خزانہ میں داخل کرنا لازم ہوگا۔

مستقیدہ روپیہ جب رجسٹرار ہو ہر روز جو رسم جمع ہوا اسکو داخل خزانہ کریگا

قواعد درباب استصواب

دفعہ ۵۲۷ ہدایات قانونی سب رجسٹرار رجسٹرار سے اور رجسٹرار انسپکٹر جنرل سے حاصل کرے گا۔

ہدایات قانون سب رجسٹرار رجسٹرار سے اور رجسٹرار انسپکٹر جنرل سے حاصل کرے گا

" " [illegible]

دفعہ ۵۲۸ لیکن فرد سے کہ استصواب امور اہم اور ضروری میں کیا جائے اور بلا وجہ خفیف اور غیر ضروری امور میں سوالات نہ کئے جائیں۔

امور اہم میں استصواب ضروری ہے نہ کہ امور خفیف غیر ضروری میں۔

قواعد درباب معائنہ دفاتر سب رجسٹرار و رجسٹراران

" " دفعہ ۱۱

دفعہ ۵۲۹ انسپکٹر جنرل اوقات مناسب پر رجسٹراروں کے اور اگر ضرورت ہو تو سب رجسٹراروں کے دفتر ملاحظہ کریں گے۔

انسپکٹر جنرل اوقات مناسب پر رجسٹراروں کی اور ضرورت ہو تو سب رجسٹراروں کے دفاتر کو ملاحظہ کرینگے۔

(۱) رب جانے پر وفد کے ۱۰ر تاریخ جاری ہو جانے پر حکم مدار المہام صیغہ رجسٹری مورخہ ۱۰ر رمضان [illegible] ہوئے

انسپکٹر جنرل کی دفتر میں بھیجے جاوینگے | بابت وہ نقشے ہوں۔

رجسٹرار اپنے نقشوں کے ساتھ یہ نقشے سب رجسٹراروں کے انسپکٹر جنرل کے نزد بھیجنے روانہ کرینگے اور نقشہ جات ایسے وقت میں روانہ ہوں گے کہ مہینہ تمام ہونیکے قبل انسپکٹر جنرل کے دفتر میں پہنچ جائے

رسوم کا جمع کیا جانا

دفعہ ۵۲۱ ہر عہدہ دار رجسٹری کو لازم ہے کہ ایک بہی بموجب نمونہ نشانی (۱۲) کے مرتب رکھے کہ اوسمیں وقتاً فوقتاً نام پیش کنندہ دستاویز اور کیفیت دستاویز اور وہ رسوم جو اوس کے بابت وصول ہو درج کیا جاوے اور ہر دستخط پر عہدہ دار مذکور دستخط کر دیا کرے اور میزان رسوم کی لگا دیا کرے۔

> ہر عہدہ دار رجسٹری ایک بہی بموجب نمونہ ضمیمہ نشانی (۱۲) کے مرتب رکھیگا جس میں جو رقم رجسٹری کی وصول ہو وقتاً فوقتاً اوس میں لکھا کرے۔

دفعہ ۵۲۲ تمام رسوم رجسٹری دستاویز کے پیش کرنیکے وقت واجب الادا ہوں گے لیکن اگر کسی وجہ سے دستاویز بلا رجسٹری واپس کیجاوے تو رسوم رجسٹری بھی واپس کر دیجائے گی۔

> تمام رسوم رجسٹری دستاویز کے پیش ہونیکے وقت واجب الادا ہوگی۔ اگر کسی وجہ سے دستاویز واپس ہو تو رسوم بھی واپس کر دیجائیگی۔

دفعہ ۵۲۳ اگر دو ہفتہ میں بعد واپسی دستاویز رسوم وصول شدہ داخل کنندہ واپس نہ لے تو وہ بحق سرکار جمع کر لیجائے گی۔ اوس میں سے کسی جز کا عہدہ دار رجسٹری مستحق نہ ہوگا۔

> دو ہفتہ میں اگر وہ رسوم جمع کر دہ واپس نہ لے تو وہ بحق سرکار جمع ہو جاوینگے۔

روانگی زر فیس

دفعہ ۵۲۴ بموجب نمونہ ضمیمہ نشانی (۱۲) الف کے ہر ہفتہ میں جسقدر رسوم رجسٹری وصول ہوا خزانہ یا شعبہ خزانہ سرکار عالی پر عہدہ دار رجسٹری روانہ کرتا رہیگا۔ عہدہ دار خزانہ بعد وصول زر کاغذ مذکور اپنے دستخط سے عہدہ دار رجسٹری کو واپس کر دینگے۔

> ہر ہفتہ میں جسقدر رسوم رجسٹری جمع ہو عہدہ دار رجسٹری اوسکو خزانہ میں روانہ کر دیا کریگا۔

[illegible] روپے سے	[illegible] ہزار تک	[illegible]
[illegible] روپے سے	[illegible] تک	[illegible]
ایک لاکھ سے زاید ہو	۱۱	۱۱

مد (۲) جس ہبہ نامہ میں قیمت جایداد موہوبہ درج ہو اور کی نسبت شرح مد (۱) دفعہ ہذا قیمت کے حساب سے لیجائیگی۔ " "

مد (۳) جس ہبہ نامہ میں قیمت جایداد موہوبہ درج نہ ہو اور معاوضہ میں بھی [illegible] کیا ہو اور اسکی نسبت . . . . [illegible] " "

مد (۴) دستاویز اجارہ نامہ یا سرخط جایداد غیر منقولہ جب ایکسال کی آمدنی تعداد زر مندرجہ کسی ایکسو روپیہ سے زاید نہ ہو . . . . [illegible] " "

جب آمدنی کی تعداد ایکسو روپیہ سے زاید پانسو روپیہ سے زاید نہ ہو۔ [illegible]

جب آمدنی کی تعداد پانسو سے زاید ہو [illegible]

جب زر نگان یا کرایہ دستاویز میں مندرج نہ ہو۔ [illegible]

مد (۵) دیگر دستاویزات غیر وصیتی جو متضمن یا موثر یا منشا یا محدود وا زالہ حق بشرط یا بلاشرط متعلقہ جایداد غیر منقولہ کے ہوں۔ اگر مالیت استحقاق باجنسیت مندرجہ دستاویز۔ " "

حکم مدار المہام مورخہ ۱۹ اردیبہشت ۱۳۲۳ف نمبر ۲۲-۴ درباره ترمیم

۵۰ تک باحساب شراکت فیصد۔		۱۱
۵۰ سے زاید ایکہزار تک۔		[illegible]
ایکہزار سے زاید	[illegible] تک	[illegible]
[illegible] سے زاید	[illegible] تک	[illegible]
[illegible] روپے سے زاید	[illegible] تک	[illegible]
[illegible] سے زاید	[illegible] تک	[illegible]
[illegible] سے زاید	[illegible] تک	[illegible]
دس ہزار سے زاید	[illegible] تک	[illegible]
[illegible] روپے سے زاید	[illegible] تک	[illegible]
[illegible] روپے سے زاید	لاکھ تک	[illegible]

قواعد متعلقہ رجسٹری دفعہ ۹۰

رجسٹرار صاحب رجسٹری کے دفتر کو سال میں کم سے کم ایک مرتبہ ملاحظہ کرینگے۔ اور بوقت گرداوری بحیثیت عہدہ دار عدالت تنقیح دفاتر کیا کریں

دفعہ ۵۳۰ اضلاع میں رجسٹرار و سب رجسٹرار کے دفتر کو سال بھر میں کم سے کم ایک مرتبہ رجسٹرار ملاحظہ کرے گا جب حاکم عدالت کی حیثیت سے دو مفصلوں اور سب رجسٹراروں کے دفاتر بغرض عدالت کے دیکھنے کے لیے دورہ کر رہے ہوں

〃 〃 〃 ۹۳

معائنہ کے وقت کن امور پر لحاظ کرنا ضرور ہوگا۔

دفعہ ۵۳۱ بوقت معائنہ دفاتر امور مندرجہ ذیل پر زیادہ غور کرنا اور دیکھنا لازم ہوگا۔

(الف) آیا اہل معاملہ کو رجسٹری کرانے میں سہولت ہوتی ہے یا نہیں۔

(ب) آیا رسوم وصول شدہ مطابق شرح نامہ مندرجہ قواعد ہذا وصول کیجاتی ہے اور جو تعداد وصول ہوتی ہے اس تعداد کی رسید اہل معاملہ کو دیجاتی ہے اور وہ تعداد درج رجسٹر ہوتی ہے۔

(ج) آیا دستاویز رجسٹری شدہ بلا توقف غیر ضروری رجسٹری کیجاتی ہیں۔ اور بعد رجسٹری بلا توقف واپس ہوتی ہیں۔

(د) آیا دستاویزات جس جس بہی سے متعلق ہیں۔ ان ہی میں درج ہوتی ہیں۔

(ہ) آیا بہی جات کی مسلسل مطابق احکام قواعد ہذا مرتب ہوتی ہیں۔

〃 〃 〃 ۹۴

فیس رجسٹری رجسٹرار و سب رجسٹرار وصول کیا کرینگے۔

دفعہ ۵۳۲ فیس رجسٹری بالشرح ذیل وصول کیجائیگی در صورت موجود ہونے کسی اقرار نامہ کے پیش کنندہ دستاویز داخل کرے گا۔

(۱) بیعنامہ یا دستاویز ہبہ بالمعاوضہ بشرطیکہ معاوضہ مساوی قیمت جائداد مرہونہ ہو جسکی مالیت ایکسو روپیہ سے چار روپیہ تک فیصدی [illegible]

[illegible] سے	ایکہزار تک	[illegible]
الف سے	ایکہزار پانسو تک	[illegible]
الف [illegible] سے	دو ہزار تک	[illegible]
دو ہزار سے	تین ہزار تک	پندرہ روپیہ
تین ہزار سے	پانچ ہزار تک	[illegible]
پانچہزار سے	دس ہزار تک	[illegible]
[illegible] سے	[illegible] تک	[illegible]

نہیں کیا گیا ۔ اہتمام رقمی گنجائش ۔ مقرر کیا جائے ۔

پس سرکار نے بذریعہ مراسلہ پیشی [illegible] نشان (۱۰۵) مورخہ ۱۱ امرداد ۱۳۳۱ف اسکی منظوری صادر فرمائی ۔ لہٰذا حکم پایا جاتا ہے کہ آئندہ حسب ذیل عمل ہوا کرے اور دفعہ ۹۰ قواعد رجسٹری کے آخر میں یہ عبارت ذیل بڑھا دیجائے ۔

" جب کوئی شخص بہی یا فہرست کا معائنہ کرنے نقل گنجائش یا اس کے جزو کیواسطے " ۹۰ ر

(۲) اس امر کی تصریح قانون قواعد رجسٹری میں نہیں کہ جس دستاویز میں رقم موقت الادا یا ملتوی شدہ ادا مثبت درج ہو اسپر رسوم رجسٹری کس حساب سے لیا جانا چاہئے ۔ لہٰذا عالیجناب نواب مدار المہام سرکار عالی اس اپنے اقتدار کے روسے جو قانون رجسٹری میں نسبت ترتیب قواعد کے بہنگام [illegible] سے عطا ہوئے ہیں ۔ دفعہ ۴۰ قواعد رجسٹری کے تحت میں یہ عبارت زیادہ فرماتے ہیں کہ جب کوئی دستاویز بغرض مزید اطمینان ادائی کسی زر سالانہ یا زر مبلغ موقت الادا کے لکھی جائے (یا جب کوئی معاوضہ کسی مبلغ کا ایسا زر سالانہ یا اور کوئی رقم موقت الادا ہو اور دیکی تعداد دستاویز مذکور میں درج نہ ہو یا تعداد جسکی بابت دستاویز لکھی گئی ۔ یا معاوضہ اس مبلغ کا (جیسی صورت ہو) اول قواعد کے اغراض یعنی وصول رسوم)

(الف) جب وہ مبلغ ایک معین میعاد کے لئے واجب الادا ہو اور تعداد کل روپیہ کی جو اس کے واسطے واجبی ہو ۔ پہلے سے دریافت ہو سکتی ہو تو وہ ہی کل روپیہ معاوضہ ہے ۔

(ب) جب وہ روپیہ دوام یا کسی غیر معین وقت کے لئے واجب الادا ہے اور کسی ایسے شخص کے زمانہ پر ختم نہیں ہوتا ۔ جو اس دستاویز کی تاریخ پر زندہ ہے تو معاوضہ وہ کل تعداد ہے جو مطابق شرائط اس دستاویز کی تاریخ کی تا تاریخ تحریر سے بیس برس آئندہ تک واجب الادا ہوتی رہیگی ۔

(ج) اور جب وہ مبلغ ایک غیر معین میعاد کے لئے واجب الادا ہو اور کسی ایسے شخص کے زمانہ پر ختم ہونیوالا ہو جو تحریر دستاویز کے وقت زندہ ہو تو معاوضہ وہ کل تعداد ہے جو اس دستاویز کی تاریخ تحریر سے بارہ برس آئندہ تک واجب الادا ہوتے جائینگے ۔

(۳) ہوم ڈپارٹمنٹ سے استدراک کیا گیا کہ جب دو یا زیادہ معاملات ایک دستاویز میں مندرج ہوں تو اوسپر رسوم رجسٹری کس حساب سے لیا جاوے ۔

جواب دیا گیا کہ قواعد رجسٹری کے دفعہ ۴۷ میں مختلف قسم کے دستاویزات کے لئے رسوم رجسٹری کا سبق ہے ۔ جب کسی دستاویز میں کئی معاہدہ درج ہوں اور ہر معاہدہ بجز ایک دستاویز جداگانہ کے ہو جو کسی نہ کسی قسم کے دستاویز جو دفعہ مذکورہ میں داخل ہو سکتا ہو تو ضرور ہے کہ رسوم رجسٹری

زاید لاکھ یا جیب کر تعداد و درج نہ ہو . . . . . . [illegible]

مد (۶) ۔ دستاویزات غیر وصیتی جو متضمن اقرار وصول یا ذکر یا قرار اور کسی زر لفت یا جائداد منقولہ کے یا حصول یا محدود بر زوال یا پیدا ہونے حق نسبت کسی روپیہ جائداد منقولہ کے

جائیداد لاکھ بلا حساب شرکت	فیصد	[illegible]
جائیداد زاید	الف تک [illegible]	[illegible]
الف روپیہ سے زاید	[illegible]	[illegible]
[illegible] روپیہ سے زاید	[illegible]	[illegible]
الف روپیہ سے زاید	[illegible]	[illegible]
[illegible] روپیہ سے زاید	[illegible]	[illegible]
[illegible] روپیہ سے زاید	[illegible]	[illegible]
[illegible] روپیہ سے زاید	[illegible]	[illegible]
[illegible] روپیہ سے زاید	[illegible]	[illegible]
[illegible] روپیہ سے زاید	لاکھ تک	[illegible]

زاید از لاکھ یا جیب کہ تعداد و درج نہ ہو . . . . [illegible]

مد (۷) بروقت ادخال لفافہ جات وصیت نامہ جات سربمہر برائے حفاظت کے اور بروقت کھولنے لفافہ مذکورہ کے بروقت کے لیے ۔ ([illegible])

